23۔ امیر خسرو جب پیدا ہوئے تو ان کے والد کہاں لے گئے ؟(آسان۔معلومات/یادداشت)مارچ2023

**IV۔درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے۔** ( 2 مارکس )

24۔ خسرو کی شعری صلاحیتوں کا کس طرح امتحان لیا گیا؟۔(آسان۔معلومات/یادداشت)

25۔ خسرو کو ابتدائی زندگی میں مصیبتوں کا سامنا کیوں کرنا پڑا؟۔(اوسط۔فہم/ادراک)

26۔ موسیقی کی دنیا میں خسرو کی ایجادات کیا تھیں ؟۔(اوسط۔معلومات/یادداشت)مارچ2024

27۔ امیر خسرو کو قومی یکجہتی کا پیامبر کیوں کہا جاتا ہے ؟۔(اوسط۔فہم/ادراک)

28۔ امیر خسرو کی پہیلیوں کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں ؟۔لکھئے ؟۔(اوسط۔معلومات/یادداشت)

29۔ امیر خسرو اپنے آپ کو ہندوستانی ترک کیوں کہتے ہیں ؟۔(اوسط۔فہم/ادراک)

**V۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔** ( 3 مارکس )

**ایک لفظ میں جواب لکھئے۔**LO-10.

30۔ پیغام پہنچانے والا، چاہنے والا، ہدایت کرنے والا (اوسط۔فہم/ادراک)

31۔ سچ بولنے والا، جان قربان کرنے والا، نہ ملنے والا (اوسط۔فہم/ادراک)

32۔ عزت والا، اطاعت کرنے والا، مہارت رکھنے والا، (اوسط۔فہم/ادراک)

33۔ محاوروں کا مطلب لکھئے۔ سہرا سر ہونا، جان چھڑکنا، پروان چھڑنا (اوسط۔فہم/ادراک)



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

## VI۔ مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔ ( 4 مارکس )

34۔ امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں لکھئے ؟(مشکل۔اظہار)مارچ2025-L0-172

35۔ امیر خسرو کو دو عظیم تہذیبوں کے درمیان ایک پل کیوں کہا گیا ہے ؟۔(مشکل۔اظہار)مارچ2023،مارچ2026.18-L0

36۔ بحث کیجئے کہ "امیر خسرو کی نظر میں شاعری ایک شوق نہیں حکمت کا درجہ رکھتی تھی"؟۔(مشکل۔اظہار)L0-13

## V۔ تفصیلی جواب لکھئے۔

37۔ **درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔**اوسط(فہم/ادراک) LO 3

دنیا میں سب سے مشکل کام دوست کو پہچاننا ہے۔ مگر اس سے بھی مشکل کام دوست کا انتخاب ہے۔ سچا دوست وہ ہے جس کے دل میں سچی ہمدردی ہو۔ جو دوست کے لیے نقصان اٹھائے زخم کھانے اور قربانی دینے کے لیے تیار ہو۔ جس پر اتنا بھروسہ کیا جاسکے کہ جہاں کوئی کام نہ آسکے وہ کام آجائے یہ سب سے مشکل کام ہے۔ ہوس پرست اور مطلبی لوگ تو بڑی آسانی سے مل جاتے ہیں۔ بقول غالب "

یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصہ
ہے کوئی چارہ ساز ہوتا کوئی غم گسار ہوتا

ہر شخص جو راستے چلتے مل جائے اور کچھ میٹھی میٹھی یا خوش آمدن باتیں کرنے لگے اسے دوست نہیں کہا جاسکتا۔ انسان کو چاہئے کہ سماج میں ہر ایک کے ساتھ اخلاق اور محبت سے پیش آئے دوسرے کی مصیبت میں جس حد تک ممکن ہو کام آنے کی کوشش کرے اور دیکھتا رہے کہ اس کی ضرورت کے وقت ان میں سے کس کا رویہ کیا رہتا ہے ؟ کون ہمدردی کرتا ہے ؟اور کون نہیں ؟ تبھی ہم حقیقی دوست کو پہچان سکیں گے کہ دوست کی آزمائش صرف مصیبت کے وقت ہی ہو سکتی ہے۔

1 سچا دوست کون ہے ؟

2 سماج میں ہمارا رویہ کیسے ہونا چاہیے لکھئے۔

## VII۔ خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خط میں سے کوئی ایک لکھئے۔ ( 5 مارکس )

38۔ اپنے میر معلم کے نام ایک خط لکھئے جس میں کوئی معقول وجہ بتلا کر تین دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔(مشکل۔اظہار)LO-4

39۔ **دئے گئے عنوان پر مضمون لکھئے۔**)مشکل۔اظہار).LO-11

جدید تعلیم میں انٹرنیٹ کا استعمال



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

نظم۔ سبق 18۔ غزلیں۔ (حصہ دوم)

| WEIGHTAGE TO OBJECTIVES مقاصد پر مبنی تقسیم نشانات | | | |
|---|---|---|---|
| نمبر شمار Sl No | مقاصد Objectives | سوالات Questions | نشانات Marks |
| 1 | معلومات Knowledge | 16 | 16 |
| 2 | فہم/ادراک Comprehension | 25 | 45 |
| 3 | اظہار Expression | 10 | 30 |
| 4 | مدّح Appreciation | 0 | 0 |
| | جملہ Total | 51 | 91 |

| WEIGHTAGE TO TYPE OF QUESTION سوالات کی نوعیت پر مبنی | | | |
|---|---|---|---|
| نمبر شمار Sl No | سوالات کی نوعیت | سوالات Questions | نشانات Marks |
| 1 | کثیر الانتخاب سوالات Multiple Choice(1 Mark Question) | 16 | 16 |
| 2 | مناسبت (1 Mark Question) | 15 | 15 |
| 3 | مختصر جواب Short Answer(1 Mark Question)1 | 0 | 0 |
| 4 | مختصر جواب Short Answer -2(2 Mark Question) | 0 | 0 |
| 5 | تفصیلی جواب Short Answer -1(3 Mark Question) | 20 | 60 |
| 6 | تفصیل جواب Long Answer (4 Mark Question)2 | 0 | 0 |
| 7 | تفصیل جواب Long Answer (5 Mark Question)3 | 0 | 0 |
| | جملہ Total | 51 | 91 |

## علامہ اقبال

**I۔درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔** LO -17. ( 1 مارکس )

1۔ لفظ "استعارہ" کے معنی ہیں۔(آسان۔معلومات/یادداشت)مارچ2026

A)سود لینا B)رشوت لینا C)ادھار لینا D)جہیز لینا

2۔ درج ذیل شعر میں کونسی صنعت استعمال کی گئی ہے۔(آسان۔معلومات/یادداشت)

کوئی دم کا مہماں ہوں اے اہلِ محفل چراغِ سحر ہوں بجھا چاہتا ہوں

A)صنعتِ تشبیہہ B)صنعتِ تضاد C)صنعتِ تکرار D)صنعتِ استعارہ

**II پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔** LO -17. ( 1 مارکس )

3۔ ابتداء :انتہاء ::تکلیف : _____ (فہم وادراک/آسان)

4۔ صبح :شام ::جہنم : _____ (فہم وادراک/آسان)

5۔ جزا :سزا ::میزبان : _____ (فہم وادراک/آسان)

6۔ مہمان :مہمانان ::ادب : _____ (فہم وادراک/آسان)

7۔ محفل :محافل ::زاہد : _____ (فہم وادراک/آسان)

**III۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔** ( 3 مارکس )

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔**LO-09.

8۔ ترے عشق کی انتہا چاہتا ہوں میری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں (اوسط۔اظہار)،مارچ2019مارچ2023

9۔ یہ جنت مبارک رہے زاہدوں کو کہ میں آپکا سامنا چاہتا ہوں (اوسط۔اظہار)مارچ2025،مارچ2026

10۔ ذرا سا تو دل ہوں مگر شوخ اتنا وہی "لن ترانی" سنا چاہتا ہوں (اوسط۔اظہار)

11۔ **معنوی فرق لکھئے۔** (اوسط۔فہم/ادراک)LO-10.

1۔)شوخ،شوق 2۔)عبد،ابد 3۔)ارض،عرض

12۔ استعارہ کی تعریف مع مثال لکھئے؟۔(اوسط۔فہم/ادراک)LO-10.

# اسرارالحق مجاز

**I۔ درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔** LO -17. ( 1 مارکس )

1۔ غزل کا ہر شعر مطلب کے لحاظ سے ہوتا ہے۔(آسان۔ معلومات/یادداشت)

A) پابند B) مکمل C) نامکمل D) آزاد

2۔ لفظ گل کا ضد ہے۔(آسان۔ معلومات/یادداشت)

A) خوار B) خار C) خاص D) خام

3۔ لفظ "بہار" کا ضد ہے(آسان۔ معلومات/یادداشت)

A) خزاں B) فضا C) سزا D) جزا

4۔ لفظ "وفا" کا ضد ہے۔(آسان۔ معلومات/یادداشت)

A) جفا B) قفا C) جزا D) دعا

5۔ درجِ ذیل شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے۔(آسان۔ معلومات/یادداشت)،مارچ 2023

؎ پتہ پتہ بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے

A) صنعت تلمیح B) نعتِ تضاد C) صنعتِ تکرار D) صنعتِ استعارہ

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔** LO -17. ( 1 مارکس )

6۔ گریباں : دامن :: شورش : _____ (فہم وادراک/آسان)،مارچ 2025

7۔ شوقِ نظارہ : دیکھنے کا شوق :: ذوقِ تصور : _____ (فہم وادراک/آسان)مارچ 2025

8۔ فصلِ بہاراں : بہاروں کی فصل :: لطفِ بہاراں : _____ (فہم وادراک/آسان)

9۔ گل : خار :: بہار : _____ (فہم وادراک/آسان)

10۔ وفا : جفا :: جزا : _____ (فہم وادراک/آسان)

**V۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔** ( 3 مارکس )

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔**LO-09.

11۔ ؎ اے شوقِ نظارہ کیا کہیئے نظروں میں کوئی صورت ہی نہیں (اوسط۔اظہار)،مارچ 2019
اے ذوقِ تصور کیا کیجئے ہم صورتِ جاناں بھول گئے

12۔ ؎ سب کا تو مداوا کر ڈالا اپنا ہی مداوا کر نہ سکے
سب کے تو گریباں سی ڈالے اپنا ہی گریباں بھول گئے (اوسط۔اظہار)مارچ 2024

13۔ ؎ یہ اپنی وفا کا عالم ہے اب انکی جفا کو کیا کہیئے
اک نشتر زہر آگیں رکھ کر نزدیک رگِ جاں بھول گئے (اوسط۔اظہار)



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 48 of 136

14۔ **مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے**(اوسط۔ فہم/ادراک).LO-10

نظارہ، خبر، صورت،

15۔ **مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔**(اوسط۔ فہم/ادراک)LO-10.2024

لطف، تصور، زلف

16۔ **مندرجہ ذیل الفاظ کو غور سے پڑھ کر تکرار والے الفاظ کی فہرست بنائیں۔**(اوسط۔ فہم/ادراک).LO-10

1 کچھ تجھ کو خبر کیا ہم کیا کیا، اے شورشِ دوراں بھول گئے

وہ زلفِ پریشاں بھول گئے، وہ دیدۂ گریاں بھول گئے

2 مسافر میرے وطن سے، میرے چمن سے بھاگ

بھیتر بھیتر پھول کھلے ہیں، اندر اندر آگ

3 کہتا ہے مچھر کے مجھ کو مار کر تو دیکھ تو

میرے طوفاں یم بہ یم، دریا بہ دریا، جو بہ جو

## حمید الماس

I۔ **درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب انتخاب کر کے لکھئے۔** LO -17. ( 1 مارکس )

1۔ تعلقات کے موسم بدلنا سے مراد۔(آسان۔ معلومات/یاد داشت)

A)اجنبی بن جانا B)اجنبی سے دوستی کرنا C)دشمن سے دوستی کرنا D)دوستی میں وفا کرنا

2۔ شہر تمنا کی دھوپ سے مراد۔(آسان۔ معلومات/یاد داشت)

A)خواہشوں کی شدت B)خواہشوں کا شہر C)خواہشوں کا گاؤں D)خواہشوں کا جنگل

3۔ برف کے تودے پگھلنا سے مراد(آسان۔ معلومات/یاد داشت)

A)غلط فہمی ہونا B)بے حسی ختم ہونا C)ناراض ہونا D)غصہ ہونا

4۔ یاد کا ملبہ کریدنا سے مراد(آسان۔ معلومات/یاد داشت)

A)ماضی کو یاد کرنا B)ماضی کو بھلا دینا C)مستقبل کی فکر کرنا D)ان میں سے کوئی نہیں

II۔ **پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔** LO -17. ( 1 مارکس )

5۔ شہرِ تمنا :خواہشوں کا شہر ::شہرِ نور : _____ (فہم وادراک/آسان)

6۔ الماس :ہیرا ::رفاقت : _____ (فہم وادراک/آسان)

III۔ **درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔** LO-09. ( 3 مارکس )

7۔ ہنگامہ زار عشق میں کیا کچھ نہیں ہوا پھولوں سے نرم لوگ بھی پتھر میں ڈھل گئے(اوسط۔اظہار)مارچ 2025



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

8۔ ے فرصت کہاں کہ یاد کا ملبہ کریدتے کچھ لوگ آندھیوں میں گرے اور سنبھل گئے (اوسط۔اظہار) 2022

9۔ **اضداد لکھئے:۔** (اوسط۔ فہم/ادراک) LO-10.

شہر، نرم، قصور، رفاقت، نور

10۔ **مندرجہ ذیل تراکیب کے معنوں کی نشاندہی کیجئے۔** (اوسط۔ فہم/ادراک) LO-10.

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | تعلقات کے موسم بدلنا سے مراد ہے۔ | (اجنبی بن جانا، | اجنبی سے دوستی کرنا) |
| 2 | شہرِ تمنا کی دھوپ سے مراد ہے۔ | (خواہشوں کی شدت، | خواہشوں کا شہر) |
| 3 | برف کے تودے پگھلنا سے مراد ہے۔ | (غلط فہمی ہونا، | بے حسی ختم ہونا) |
| 4 | یاد کا ملبہ کریدنا سے مراد ہے۔ | (ماضی کو یاد کرنا، | ماضی کو بھلا دینا) |

## خلیل مامون

**I۔ درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔** LO -17. ( 1 مارکس )

1۔ درجِ ذیل شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے۔ (آسان۔ معلومات/یادداشت)

ے میں بھٹکتا پھرتا ہوں دیر سے، شہر شہر، نگر نگر
کہاں کھو گیا مرا قافلہ کہاں رہ گئے مرے ہم سفر

A) تشبیہ B) تلمیح C) تضاد D) تکرار

2۔ درجِ ذیل شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے۔ (آسان۔ معلومات/یادداشت) مارچ 2026

ے اس زندگی سے موت بھلی ہے ہزار بار
جیتے ہیں اور جینے کا کچھ مدعا نہیں

A) تشبیہ B) تلمیح C) تضاد D) تکرار

3۔ درجِ ذیل شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے۔ (آسان۔ معلومات/یادداشت)

ے تہذیب کی شمعیں روشن کیں اونٹوں کو چرانے والے نے
کانٹوں کو گلوں کی قسمت دی ذروں کے مقدر چمکائے

A) تشبیہ B) تلمیح C) تضاد D) تکرار

4۔ درجِ ذیل شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے۔ (آسان۔ معلومات/یادداشت)

برسیں گے نور کی طرح شب بھر زمین پر (آسان۔ فہم/ادراک)
زخموں کے آسمان میں لہرا چکیں ہیں ہم

A) تشبیہ B) تلمیح C) تضاد D) تکرار

5۔ درجِ ذیل شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے۔ (آسان۔ معلومات/یادداشت) مارچ 2025

ے نارِ نمرود کو کیا گلزار دوست کو یوں بچا لیا تو نے

A) صنعت تلمیح B) صنعتِ تضاد C) صنعتِ تکرار D) صنعتِ استعارہ


aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔** LO -17. ( 1 مارکس )

6۔ نفسِ غم : غم کی حقیقت :: منزلِ وفا : _____ (فہم وادراک/آسان)

7۔ راہ نما : لاحقہ :: بے وفا : _____ (فہم وادراک/آسان)

8۔ لاپتا : سابقہ :: وفادار : _____ (فہم وادراک/آسان)

**III۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔** ( 3 مارکس )

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔** LO-09.

9۔ ؎ آتی نہیں ہے راس ہمیں منزل وفا اس راہ میں فریب بہت کھا چکے ہیں ہم (اوسط۔اظہار) 2020،2024

10۔ ؎ منزل نہیں کوئی نہ سہی رہ گذر تو ہے پہلے بھی اپنے قدموں کو بہلا چکے ہیں ہم (اوسط۔اظہار) 2025،2023،2022 مارچ، مارچ 2026

11۔ **سابقے اور لاحقے الگ کر کے لکھئے۔** (اوسط۔ فہم/ادراک) LO-10.

راہ نما، وفادار، بے وفا، پُرفریب، رہ گذر، لاپتا

12۔ مندرجہ ذیل الفاظ کے اپنی پسند کے دو دو قافیے لکھئے۔(اوسط۔ فہم/ادراک) LO-10.

راہ ۔۔۔،۔۔۔ دور ۔۔۔،۔۔۔ تنگ ۔۔۔،۔۔۔

13۔ مندرجہ ذیل الفاظ کے اپنی پسند کے دو دو قافیے لکھئے۔(اوسط۔ فہم/ادراک) LO-10.

شب ۔۔۔،۔۔۔ وفا ۔۔۔،۔۔۔ غم ۔۔۔،۔۔۔



aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

# نظم سبق 19 ۔ رباعیات

| مقاصد پر مبنی تقسیم نشانات WEIGHTAGE TO OBJECTIVES | | | |
|---|---|---|---|
| نمبر شمار Sl No | مقاصد Objectives | سوالات Questions | نشانات Marks |
| 1 | معلومات Knowledge | 10 | 14 |
| 2 | فہم/ادراک Comprehension | 8 | 18 |
| 3 | اظہار Expression | 0 | 0 |
| 4 | مدّح Appreciation | 0 | 0 |
| | جملہ Total | 18 | 32 |

| سوالات کی نوعیت پر مبنی WEIGHTAGE TO TYPE OF QUESTION | | | |
|---|---|---|---|
| نمبر شمار Sl No | سوالات کی نوعیت | سوالات Questions | نشانات Marks |
| 1 | کثیر الانتخاب سوالات Multiple Choice(1 Mark Question) | 5 | 5 |
| 2 | مناسبت (1 Mark Question) | 3 | 3 |
| 3 | مختصر جواب Short Answer(1 Mark Question)1 | 3 | 3 |
| 4 | مختصر جواب Short Answer -2(2 Mark Question) | 0 | 0 |
| 5 | تفصیلی جواب Short Answer -1(3 Mark Question) | 7 | 21 |
| 6 | تفصیل جواب Long Answer (4 Mark Question)2 | 0 | 0 |
| 7 | تفصیل جواب Long Answer (5 Mark Question)3 | 0 | 0 |
| | جملہ Total | 18 | 32 |

**I۔ درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔** LO -17. ( 1 مارکس )

1۔ لفظ رباعی اس لفظ سے مشتق ہے۔(آسان۔معلومات/یادداشت)

A)ارب B)ربع C)عرب D)مربع

2۔ رباعی کو کہتے ہیں۔(آسان۔معلومات/یادداشت)

A)دو بیتی B)تین بیتی C)چار بیتی D)پانچ بیتی

3۔ رباعی کا یہ مصرعہ ردیف قافیہ کا پابند نہیں ہوتا۔(آسان۔معلومات/یادداشت)مارچ 2025

A)پہلا B)دوسرا C)تیسرا D)چوتھا

4۔ رباعی کا یہ مصرعہ حاصلِ کلام ہوتا ہے۔(آسان۔معلومات/یادداشت)مارچ 2026

A)پہلا B)دوسرا C)تیسرا D)چوتھا

5۔ شاعری کی وہ صنف جس میں صرف چار مصرعے ہوتے ہیں۔(آسان۔معلومات/یادداشت)

A)منقبت B)مرثیہ C)مثنوی D)رباعی

**II۔پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔** LO -17. ( 1 مارکس )

6۔ عورتوں سے بات چیت :غزل :: چار مصرعوں والی نظم : _____ (فہم وادراک/آسان)

7۔ برباد :آباد :: صلح : _____ (فہم وادراک/آسان)

8۔ گردش :چکر :: افلاس : _____ (فہم وادراک/آسان)

**III۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات صرف ایک جملے میں لکھئے۔** LO-02. ( 1 مارکس )

9۔ زمانے کی گردش کا کیا مطلب ہے؟۔(آسان۔معلومات/یادداشت)

10۔ مذہب کی زبان پر کونسا پیغام ہوتا ہے؟۔(آسان۔معلومات/یادداشت)

11۔ افلاس کی آنکھوں سے آنسو کب چھلکتے ہیں؟۔(آسان۔معلومات/یادداشت)

## IV۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے۔ ( 2 مارکس )

12۔ شاد عظیم آبادی نے رباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے؟۔(آسان۔ معلومات/یادداشت)مارچ2024،مارچ2026

13۔ تلوک چند محروم نے اپنی رباعی میں کس بات کا پیغام دیا ہے؟۔(اوسط۔ فہم/ادراک)،مارچ2019،مارچ2023

14۔ غیروں پر احسان کی تمہید کرنا کیوں درست نہیں؟۔(اوسط۔ فہم/ادراک)

15۔ اعجاز احسنی نے سماج کی کس برائی کی جانب اشارہ کیا ہے؟۔(آسان۔ معلومات/یادداشت)مارچ2025مارچ2023

## V۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔ ( 3 مارکس )

16۔ قوسین میں دئے گئے بے ترتیب حروفوں کو کچھ اس طرح ترتیب دیجئے کہ وہ الٹا اور سیدھا یکساں طور پر پڑھے جائیں۔(اوسط۔ فہم/ادراک).LO-10

1 (ب۔ا۔ش۔ش۔ا)

2 (ن۔ا۔ن۔د۔ا)

3 (م۔د۔ا۔ا۔د)

17۔ قوسین میں دئے گئے بے ترتیب حروفوں کو کچھ اس طرح ترتیب دیجئے کہ وہ الٹا اور سیدھا یکساں طور پر پڑھے جائیں۔(اوسط۔ فہم/ادراک).LO-10

1 (ت۔ت۔خ)

2 (ہ۔م۔م)

3 (س۔ک۔ک)

18۔ رباعی کی تعریف لکھئے۔(اوسط۔ فہم/ادراک).LO-10

## جوابات حمد

**I۔ درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔**

1۔ B) مدح 2۔ C) حمد 3۔ B) علمِ عروض 4۔ B) بحر

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

5۔ عیاں 6۔ روز 7۔ آواز 8۔ اللہ کی تعریف

**III۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات صرف ایک جملے میں لکھئے۔**

9۔ اللہ تعالیٰ کی "صدائے کن" سے دنیا وجود میں آئی۔

10۔ شاعرہ کسی اور در سے اجالا اس لیے نہیں مانگنا چاہتی ہیں کہ تمام اختیارات کا مالک صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے دوسروں کے اختیار میں کچھ بھی نہیں۔

11۔ نمازِ عشق کے نصاب سے مراد نماز سے محبت اور عبادت کی دیوانگی کا سرمایہ ہے۔

12۔ دم وداع شاعرہ یوم دین کے مالک اللہ تعالیٰ سے بخشش کی طلب گار ہے۔

13۔ حمد کے چوتھے شعر میں اللہ کے نام غفور الرحیم کا ذکر ہے۔

**IV۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔**

### 14۔ صغریٰ عالم

**قلمی نام :** صغریٰ عالم

**نام :** نام صغریٰ بیگم

**تخلص :** صغریٰ

**پیدائش :** 18/جنوری 1938ء ضلع کلبرگی

**وفات :** 19/مارچ 2010

**قابلیت :** انھوں نے دو ہے بھی لکھے، خانگی طور پر ایم. اے، بی ایڈ اور پی ایچ ڈی کی ڈگریاں حاصل کیں۔ صغریٰ عالم کو ان کے تدریسی اور ادبی خدمات پر مختلف اعزازات سے نوازا گیا۔

**تصانیف :** "حیطہء صدف"، "بیت الحروف"، "صف ریحان"، "قوس قزح"، "حنائے غزل"



aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com Page 37 of 135

15۔ درج ذیل الفاظ کی اضداد لکھئے۔

قہرXمہر　　دنXرات　　صغریٰXکبریٰ

16۔ الفاظ سازی: ذیل میں دیے گئے لفظوں میں شامل حروف کی مدد سے تین الفاظ بنائیے۔

مثال: شباب=شب، باب،اب

نماز =ماز، نما، نم

پنہاں =نہاں، ہاں، پناہ

آفتاب =آفت، تاب، آب

## V۔ تفصیلی جوابات لکھئے۔

17۔ حمد کے شروعاتی چار اشعار زبانی لکھئے۔

صدائے کن سے ابد تک شباب تیرا ہے

عیاں بھی تو ہے اور پنہاں حجاب تیرا ہے

کسی بھی در سے اجالوں کی بھیک کیا مانگیں

اندھیری شب بھی تری آفتاب تیرا ہے

صنم تیرے ہیں، خدا ناشناس بھی تیرے

نمازِ عشق کا ہر اک نصاب تیرا ہے

رضا تیری ہے غفور الرحیم بھی تو ہے

غضب و قہر بھی تیرا، ثواب تیرا ہے



aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com Page 55 of 135

## جوابات ۔ حجتہ الوداع

**I۔درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔**

1 C)جملۂ اسمیہ

2 B)مرکب جملہ

3 A)جملہ

4 C)اس میں صرف ایک مسند اور ایک مسند الیہ ہے

5 D)جملۂ مفرد اور جملۂ مرکب

6 D)یہ دو مفرد جملوں سے بنا ہے

7 B)تمہارا حق عورتوں پر ہے،اور عورتوں کا تم پر

8 A) جملۂ مفرد

9 C)دو

**II۔پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

10۔ اونٹنی کا نام 11۔ غلام 12۔ آیات 13۔ انصار

**III۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات صرف ایک جملے میں لکھئے۔**

14۔ میدان عرفات میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے خطاب فرمایا۔

15۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قصوا نامی اونٹنی پر سوار ہو کر حج ادا کیا۔

16۔ 26ذی قعدہ10ھ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم حج کے لئے روانہ ہوئے۔

17۔ حجتہ الوداع کے موقع پر مسلمانوں کی تعداد ایک لاکھ تھی۔

18۔ مزدلفہ میں قیام کے دوران حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک ساتھ ادا کیں۔

19۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ عورتوں کے معاملے میں خدا سے ڈرو تمھارا حق عورتوں پر ہے اور عورتوں کا تم پر ہے۔

20۔ خطبہ حجتہ الوداع کے بعد حضرت بلالؓ نے اذان دی۔

21۔ مدینہ سے باہر نکلنے کے بعد حضورؐ صحابیوں کے ساتھ ذوالحلیفہ کے مقام پر رات گزاری۔

22۔ مکہ میں داخل ہونے کے بعد کعبہ نظر آیا تو حضور نے فرمایا اے خدا! اس گھر کو عزت اور شرف دے۔

**IV۔درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے۔**

23۔ 9ویں ذی الحجہ کو عازمین حج نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز فجر پڑھ کر منیٰ سے روانہ ہوئے۔ میدانِ عرفات آکر ٹھہرے۔ دوپہر ڈھلنے کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے حج کا خطبہ سنا۔ خطبہ کے بعد حضرت بلالؓ نے اذان دی اور ظہر اور عصر کی نماز ادا فرمائی۔ نماز سے فارغ ہو کر سب عازمین



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

حج حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ "موقف" تشریف لائے۔ جب آفتاب ڈوبنے لگا تو چلنے کی تیاری کی۔ مغرب کا وقت تنگ ہو رہا تھا کہ سارا قافلہ مزدلفہ کے مقام پر پہنچا۔ یہاں پہلے مغرب پھر عشا کی نماز ادا کی۔

24۔ غلام اور خدام کے حسن سلوک کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "اپنے غلاموں کے حق میں انصاف کرو جو خود کھاؤ وہ ان کو کھلاؤ اور جو خود پہنو وہی ان کو پہناؤ۔" آپس میں تمھاری جان اور مال اتنا ہی عزت کے قابل ہے جتنا آج کا دن اس پاک مہینے اور اس پاک شہر میں۔

25۔ امراء اور حکام کی فرمانبرداری کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ حکم ہے کہ اگر تم پر ایک کالا نکٹا غلام بھی سردار بنا دیا جائے جو تم کو خدا کی کتاب کے مطابق لے چلے تو اس کا کہا ماننا۔"

26۔ جاہلیت کے سارے بے ہودہ مراسم مٹا دیئے گئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "ہاں! جاہلیت کے سارے دستور اور رسم و رواج میرے دونوں پاؤں کے نیچے ہیں۔ جاہلیت کے سارے خون کے بدلے ختم کر دیے گئے اور جاہلیت کے سود مٹاتا ہوں۔"

27۔ صفا کی پہاڑی پر چڑھ کر فرمایا، خدا کے سوا کوئی معبود نہیں، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کی حمد ہے۔ وہی مارتا اور جلاتا ہے۔ وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے، کوئی خدا نہیں مگر وہی اکیلا خدا ہے، اسی نے اپنا وعدہ پورا کیا اپنے بندے کی مدد کی اور اکیلے سارے جتھوں کو شکست دی۔

28۔ آج میں نے تمہارے لئے تمہارے دین کو پورا کر دیا، اور اپنی نعمت تم پر پوری کر دی۔ اور تمہارے لئے اسلام کے دین کو چن لیا۔

## V۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔

### متن کے حوالے سے تشریح کیجئے:

29۔ یہ جملہ "حجۃ الوداع" سبق سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف "سید سلیمان ندوی" ہیں۔ یہ جملہ میدانِ عرفات میں مجمع نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس وقت کہا، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم سے خدا کے ہاں، میری نسبت پوچھا جائے گا تو تم کیا جواب دو گے؟

30۔ یہ جملہ "حجۃ الوداع" سبق سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف "سید سلیمان ندوی" ہیں۔ یہ جملہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آسمان کی طرف انگلی اٹھا کر تین مرتبہ اس وقت کہا جب مجمع نے گواہی دی کہ ہم کہیں گے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خدا کا پیغام پہنچا دیا اور اپنا فرض ادا کر دیا۔

31۔ یہ جملہ "حجۃ الوداع" سبق سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف "سید سلیمان ندوی" ہیں۔ یہ جملہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے کہا۔ حجۃ الوداع کا خطبہ دیتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مساوات کی تعلیم دیتے ہوئے صحابہ سے یہ جملہ کہا۔

32۔ یہ جملہ "حجۃ الوداع" سبق سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف "سید سلیمان ندوی" ہیں۔ یہ جملہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حاجیوں کے قافلہ سے کہا۔ میدان عرفات سے مزدلفہ کی جانب چلنے لگے تو دفعتاً ایک لاکھ آدمیوں کے سمندر میں تلاطم برپا ہو گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ جملہ کہا۔

33۔ یہ جملہ "حجۃ الوداع" سبق سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف "سید سلیمان ندوی" ہیں۔ اس جملے کو حضورؐ نے لوگوں سے حجۃ الوداع کے خطبہ کے بعد وصیت فرماتے ہوئے یہ جملہ کہا۔

34۔ یہ جملہ "حجۃ الوداع" سبق سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف "سید سلیمان ندوی" ہیں۔ اس جملے کو حضورؐ نے لوگوں سے میدانِ عرفات میں خطاب کرتے ہوئے کہا۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

35۔ **سید سلیمان ندوی**

**قلمی نام :** سید سلیمان ندوی

**نام :** سید سلیمان ندوی

**تخلص :** -

**پیدائش :** "دسنہ"میں 1884ء **وفات :** 1953ء

**قابلیت:** سیرت النبی کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ وہ ایک جید عالم، مؤرخ اور محقق ہونے کے علاوہ ایک بلند پایہ نقاد بھی تھے۔ رسالہ معارف، اعظم گڑھ کے برسوں ایڈیٹر رہے۔

**تصانیف :** "ارض القرآن"، "رحمت عالم"، "حیات شبلی"، "خطبات مدراس"، "نقوش سلیمانی"اور "سیرت عائشہؓ"

36۔ **ان ذو معنی الفاظ کا معنوی فرق لکھئے۔**

عہد : زمانہ

عہد : قسم

ماہ : مہینہ

ماہ : چاند

حق : سچ

حق : فرض

37۔ **درج ذیل الفاظ کے جمع بنایئے۔**

حکم + احکام

وقت + اوقات

مقام + مقامات

38۔ **درج ذیل الفاظ کے جمع بنایئے۔**

منزل + منازل

مقام + مقامات

خطبہ + خطبات

39۔ مفرد جملہ وہ جملہ ہے، جو ایک ہی مسندِ الیہ اور مسند سے بنا ہو۔

مثال: رات گزاری۔، منادی ہوئی۔



aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

40۔ الفاظ کاایسا مجموعہ جس سے پوری بات سمجھ میں آجائے۔

مثال۔ رات گزاری۔

نمازادا کی اور قصوااونٹنی پر سوار ہوئے۔

41۔ مرکب جملہ وہ جملہ ہے جو دو مفرد جملوں سے مل کر بنا ہو۔

مثال۔ نمازادا کی اور قصوااونٹنی پر سوار ہوئے۔

خدا کا پیغام پہنچادیااور اپنا فرض ادا کر دیا۔

## VI۔ مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔

42۔ حجتہ الوداع کے موقعہ پر دیے گئے خطبے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حسنِ معاشرت سے متعلق ارشاد فرمایا کہ ''ہاں جاہلیت کے سارے دستور اور رسم ورواج میرے دونوں پاؤں کے نیچے ہیں۔ جاہلیت کے سارے خون کے بدلے ختم کر دیے گئے۔ جاہلیت کے سود مٹاتا ہوں۔ عورتوں کے معاملے میں خدا سے ڈرو تمہارا حق عورتوں پر ہے، اور عورتوں کا تم پر ہے۔ اپنے غلاموں کے حق میں انصاف کرو۔ جو خود کھاؤ وہ ان کو کھلاؤ اور جو خود پہنو وہ ان کو پہناؤ۔ آپس میں تمہاری جان اور تمہارا مال ایک دوسرے کے لئے قیامت تک اتنا ہی عزت کے قابل ہے جتنا آج کا دن اس پاک مہینے میں اور اس پاک کے شہر میں۔ ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے اور سارے مسلمان بھائی بھائی ہیں۔ ہاں! کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر کوئی بڑائی نہیں۔ تم سب ایک آدم کے بیٹے ہو اور آدم مٹی سے بنا تھا۔ اگر تم پر ایک کالا نکٹا غلام بھی سردار بنادیا جائے جو تم کو خدا کی کتاب کے مطابق لے چلے تو اس کا کہا ماننا۔''

43۔ ذیقعدہ 10ھ میں ہر طرف منادی ہوئی کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس سال حج کے ارادے سے مکہ معظمہ تشریف لے جائیں گے۔ یہ خبر دفعتاً پورے عرب میں پھیل گئی اور سارا عرب ساتھ چلنے کے لئے امنڈ آیا۔ ذیقعدہ کی 26/تاریخ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل فرمایا اور چادر تہمد باندھی اور ظہر کی نماز کے بعد مدینے سے باہر نکلے۔ مدینے سے چھے میل پر "ذوالحلیفہ" کے مقام پر رات گزاری اور دوسرے دن دوبارہ غسل فرما کر دو رکعت نماز ادا کی اور احرام باندھ کر قصوا نامی اونٹنی پر سوار ہوئے۔ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم لبیک فرماتے تو یہی نعرہ بلند ہوتا تھا اور دفعتاً پہاڑوں کی چوٹیاں اس کی جوابی آواز سے گونج اٹھتیں۔ اس طرح منزل بہ منزل آپ صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھتے چلے گئے۔

## 44۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

1 ام الخیر کا بچپن کس طرح گزرا؟

یہ راجستھان کے غریب گھرانے سے تعلق رکھتی ہیں۔ بچپن میں والدہ کا انتقال ہوا۔ ہڈیوں کے بخار نے اپاہج بنادیا۔ والد کے ساتھ دلی چلی آئیں۔ سوتیلی ماں نے گھر سے نکال دیا۔ ایک جھونپڑی میں بچوں کو ٹیوشن پڑھاتے ہوئے ہندی میڈیم سے تعلیم حاصل کرتی رہی۔

2 سٹیج پر پہنچ کر ام الخیر نے اپنے ساتھیوں سے کیا کہا؟

آخری دن جب سٹیج پر تاثرات بیان کرنے کے لیے جاتے ہوئے گر پڑی اور ساتھی ہنسنے لگے تو اس نے سٹیج سے کہا آج جتنا مجھ پر ہنسنا ہے ہنس لو، مگر میرا کل اتنا تابناک ہوگا یہ کوئی مجھ پر نہ ہنس سکے گا۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

## VII۔ تفصیلی جواب لکھئے۔

45۔ اپنے کلاس ٹیچر کے نام ایک خط لکھئے جس میں بخار کی وجہ بتا کر دو دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔

کو کلاس ٹیچر

گورنمٹ ردو اسکول بیلگاوی

از ا ب ت

دسویں جماعت

گورنمٹ ردو اسکول بیلگاوی

تاریخ :27مارچ2027

موضوع: دو دن کی چھٹی کی درخواست

معزز کلاس ٹیچر السلام وعلیکم

بعدِ سلام عرض یہ ہے کہ میں دسویں جماعت میں زیرِ تعلیم ہوں، بہت تیز بخار ہونے کی وجہ سے میں اسکول نہیں آ پاؤنگا۔ ڈاکٹر دو دن کے لئے گھر میں آرام کے لئے طلب کیا ہے۔ لہٰذا آپ میری ضرورت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے میری درخواست قبول کریں اور دو دن کی چھٹی جاری کریں۔

امید ہے کہ میری درخواست بہت جلد قبول کی جائے گی۔

شکریہ

آپ کا شاگرد

ا ب ت

46۔ دئے گئے عنوان پر مضمون لکھئے۔

بڑھتی ہوئی مہنگائی

پچھلے کئی سالوں سے مہنگائی ہندوستان کے لئے ایک سلگتا ہوا مسلہ بن گیا ہے۔ آجکل اس مہنگائی سے ہر ایک شخص پریشان ہے اور بے چین ہے۔ مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی، کی مصداق ہر دن گرانی بڑھتی جارہی ہے۔ مہنگائی لوگوں کے لئے پریشانی بن گئی ہے جو احباب خطِ غربت کے نیچے زندگی گذار رہے ہیں یا ان لوگوں کے لئے جن کی آمدنی محدود ہے خاص کر تنخواہ پانے والوں کے لئے مہنگائی ہر دن نئے مسئلے کھڑا کرتی ہے۔ مہنگائی کے اسباب پر جب ہم نظر ڈالتے ہیں تو اسے دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ اندرونی مسائل بیرونی مسائل۔

ساری دنیا کی معیشت گرتی جارہی ہے۔ اور سارے ممالک کا بادشاہ امریکہ پریشان ہے۔ اس ملک کے عالمی شہرت یافتہ کارخانے اور بینک جن پر امریکہ کو فخر تھا۔ تباہی کے دہانے پر کھڑے ہیں۔ اندرونی اسباب تو انگنت ہیں جن میں چند یہ ہیں۔ تاجر سماج کی خدمت کے بجائے صرف منافع کو ہی اہمیت دیتے ہیں۔ گوداموں میں روزِ مرہ استعمال کیئے جانے والے اشیاء کو روک کر رکھتے ہیں۔ تاکہ مہنگائی کے وقت فروخت کر کے خوب منافع حاصل کر سکے۔ ایک اور مہنگائی بڑھنے کا سبب بڑھتی ہوئی آبادی ہے۔ غرض اس کی روک تھام اس وقت ممکن ہے جب تاجر منافع کے بجائے، خدمتِ خلق کو نظر میں رکھیں۔ حکومت ایسی پالیسیوں کو منظوری دے جو ملک وہ قوم کے لئے مفید ثابت ہوں۔ اور ماہر، اقتصادیات ایک جگہ بیٹھ کر اس مسئلہ پر بحث کریں۔



aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

## نعت جوابات

**I۔ درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔**

1 A) جھنڈا

2 B) برباد

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

3۔ جھوٹ

4۔ جھنڈا

5۔ جواہر

**III۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات صرف ایک جملے میں لکھئے۔**

6۔ سینے میں نفرت کے بھڑکنے کا انجام یہ ہوتا ہے کہ انسان، انسان سے ٹکراتے ہیں اور فتنہ فساد پھیلتا ہے۔

7۔ طاقت والوں نے کمزوروں کو پامال اور برباد کیا۔

8۔ اونٹوں کو چرانے والے سے مراد حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

9۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد سے عورتوں میں حیا اور غیرت مندی پیدا ہوئی۔ ان میں نزاکت اور کردار کے جوہر پیدا ہوئے۔

10۔ شیطان کے بل کھانے کی وجہ یہ تھی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کے بعد توحید کا سلسلہ چل پڑا اور اسلام کا پرچم بلند ہوا۔

11۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ اور دین کی راہ میں مرنے والوں کو شہید فرمایا۔

12۔ اخلاقی کے موتی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے برسائے۔

**IV۔ درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیئے۔**

13۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد سے قبل دنیا میں کفر نے فتنے پھیلا رکھے تھے۔ انسان سے انسان ٹکراتے تھے۔ ظلم و ستم حد سے بڑھ گیا تھا۔ طاقت والے کمزوروں کو پامال اور برباد کر دیتے تھے۔ دنیا میں امن وامان ختم ہو چکا تھا۔

14۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اخلاق اور تہذیب سکھائی۔ انسانوں کا رشتہ باطل خداؤں سے توڑ کر واحد اللہ سے جوڑا۔ کمزوروں کے مقدر چمکائے۔ عورتوں میں غیر تمندی پیدا کی۔ دنیا امن وامان کا گہوارہ بن گئی۔

15۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام، شاعر کے لئے قیمتی اثاثہ ہے۔ یہ نام کارخانۂ قدرت کی ہر چیز سے بہتر ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور دل بستگی کی وجہ سے شاعر کی جذباتی کیفیت کا یہ حال ہے کہ کبھی ہونٹوں پر تبسم آتا ہے اور کبھی آنکھوں میں آنسو بھی آجاتے ہیں۔

16۔ شاعر نے نعت میں حضورؐ کی آمد سے قبل موجود برائیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ کفر نے فتنے پھیلا رکھے تھے، ظلم نے شعلے بھڑکائے ہوئے تھے، انسان کو خود انسان مارتا تھا۔ کمزور کو طاقت والوں نے برباد کر رکھا تھا۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

## V۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔

17۔ ماہرؔ القادری

**قلمی نام :** ماہرؔ القادری

**نام :** منظور حسین قادری

**تخلص :** ماہرؔ

**پیدائش :** 1906ء کیسر کلاں بلند شہر یوپی

**وفات :** 1978ء

**قابلیت :** ماہر القادری مشہور و مقبول نعتیہ نظم ظہور قدسی لکھی۔ انہوں نے ایک عرصے تک ماہنامہ ''فاران'' کیادارت کا فریضہ بھی نبھایا۔ شاعری کے علاوہ ان کے بے لاگ تبصرے ادبی طبقے میں مقبول ہیں۔

**تصانیف :** "جذبات ماہر"، "محسوسات ماہر" اور "ذکر جمیل"

18۔ **درجِ ذیل الفظ کی جمع لکھئے۔**

علم+علوم، کافر+کفار، کرم+اکرام

19۔ مصرعوں کے خط کشیدہ الفاظ کے مترادفات لکھئے۔

1) سینوں میں عداوت جاگ اُٹھی، انسان سے انسان ٹکرائے۔ (دشمنی)

2) رحمت کی گھٹائیں لہرائیں، دنیا کی امیدیں بر آئیں۔ (بادل)

3) جو وقت کے دھارے کو موڑا، طوفاں میں سفینے تیرائے۔ (کشتی)

## VI۔ مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔

20۔ کچھ کفر نے فتنے پھیلائے، کچھ ظلم نے شعلے بھڑکائے
سینوں میں عداوت جاگ اٹھی انسان سے انسان ٹکرائے
پامال کیا برباد کیا، کمزور کو طاقت والوں نے
جب ظلم و ستم حد سے گزرے تشریف محمدؐ لے آئے
رحمت کی گھٹائیں لہرائیں، دنیا کی امیدیں بر آئیں
اکرام و عطا کی بارش کی، اخلاق کے موتی برسائے
تہذب کی شمعیں روشن کی اونٹوں کے چرانے والے نے
کانٹو کو گلوں کی قسمت دی، ذروں کے مقدر چمکائے


aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

## جوابات ۔ بدایوں کے شام و سحر

**I۔ درج ذیل ہر سوالات کے چار متبادل دئے گئے ہیں، ان میں مناسب جواب چن کر لکھئے۔**

1۔ A)دو

2۔ C)جملۂ اسمیہ

3۔ B)ملازمہ

4۔ D)ہے

5۔ D)چلے

6۔ C)ندیاں زمین کو سیراب کرتی ہیں

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

7۔ خوبصورت

8۔ اندھا

9۔ آسان

**III۔ درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے۔**

10۔ ادا جعفری نے بدایوں کی خیریت جیلانی بانو سے دریافت کی۔

11۔ بدایوں شہر کو سوانح نگار ادا جعفری نے ثقافت کا مرکز کہا ہے۔

12۔ بڑی حویلی کے ڈیوٹ پر ایک دیا ملازمہ ''اماں'' کو قرار دیا گیا ہے۔

13۔ بچوں کو اماں سے بدلہ لینا ہوتا تو وہ کبھی ان کی لاٹھی چھپا دیتے، کبھی ان کی گٹھری پوٹلی کھول دیتے اور کبھی گھی کا حلوہ چرا لیتے تھے۔

14۔ جس جگہ حویلی تھی وہاں اب فلیٹ تعمیر ہو چکے ہیں۔

15۔ بدایوں کے مشہور زمیندار خاندان کا نام ''ٹونک والا خاندان'' تھا۔

16۔ اماں کفن اپنے بیٹے کی کمائی کا پہننا چاہتی تھیں۔

17۔ اماں امی کو بٹیا کہہ کر بلاتی تھیں۔

18۔ گاؤں سے خالص گھی منگوا کر نوکرانیوں سے دکنی مرچوں کا حلوہ بنواتیں۔

**IV۔ درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے۔**

19۔ بدایوں شہر میں قدامت پسندی تھی۔ بے لچک اصولوں کی پابندی تھی اور ایک طرح کی بے ساختہ سی خود ساختگی تھی۔ یہ شہر ایک زمانے میں ثقافت کا مرکز رہا تھا۔

20۔ اماں کا رنگ سانولا دبلی پتلی ہڈیوں پر کھال چپکی ہوئی تھی اور کبھی لانبا قد رہا ہوگا مگر اب وہ لاٹھی کے سہارے جھک کر چلتی تھیں۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

21۔ یادوں کے آئینے میں سجی ہوئی ہر تصویر حسین بھی ہو جاتی ہے اور عزیز بھی اسی لیے اب کبھی بڑی حویلی کا ذکر آجائے تو ادا جعفری محبتوں کی پھوار میں بھیگ جاتی ہیں۔ وہ محبتیں جو اس وقت بھی بہت قیمتی تھیں آج اور بیش قیمت معلوم ہوتی ہیں۔

22۔ بدایوں میں ٹونک والا خاندان کے علاوہ بھی کئی بڑے زمیندار گھرانے تھے، صاحبِ ثروت اور صاحبِ علم و فضل بھی مگر ادا جعفری کو ملازمہ اماں جیسی بے نام و نشان ہستیاں یاد ہیں کیونکہ انہوں نے ان ہستیوں کو کھلی کتاب کی طرح پڑھا تھا۔ جن کے چہروں پر صبر و رضا کی تنویریں بھی تھیں اور جن کے طریقوں میں اہلِ حیا کی تعبیریں۔

## V۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔

### متن کے حوالے سے تشریح کیجئے۔

23۔ یہ جملہ "بدایوں کے شام و سحر" سے لیا گیا ہے۔ اس کی مصنفہ "ادا جعفری" ہیں۔ مصنفہ کو معلوم ہوا کہ دستور ساز زمانے کے خلاف بدایوں شہر وقت کے ساتھ بڑھنے اور پھیلنے نکھرنے کی بجائے اپنے ہی حدود میں کچھ اور سمٹ کر رہ گیا ہے۔ ان کا خیال تھا کہ بدایوں اب تک ایک خوبصورت صنعتی شہر کا درجہ تو حاصل کر ہی چکا ہو گا اجالے ہی اجالے ہوں گے لیکن انہیں "دکھ ہوا کہ وہ تو اور بھی دھندلا گیا ہے۔"

24۔ یہ جملہ "بدایوں کے شام و سحر" سے لیا گیا ہے۔ اس کی مصنفہ "ادا جعفری" ہیں۔ ادا جعفری کہتی ہیں کہ ماضی کا دور کتنی ہی دشواریوں میں گزرا ہو کتنی ہی محرومیاں اور مجبوریاں اس وقت مقدر بن گئی ہوں، "یادوں کے آئینے میں سجی ہوئی ہر تصویر حسین بھی ہو جاتی ہے اور عزیز بھی۔"

25۔ یہ جملہ "بدایوں کے شام و سحر" سے لیا گیا ہے۔ اس کی مصنفہ "ادا جعفری ہیں"۔ اس جملے کو اماں نے بچوں سے اس وقت کہا جب اماں بچوں سے خالص گھی کے حلوے کے فائدے بتا رہی تھی۔

26۔ یہ جملہ "بدایوں کے شام و سحر" سے لیا گیا ہے۔ اس کی مصنفہ "ادا جعفری ہیں"۔ اماں نے کسی بات پر خوش ہو کر بچوں سے خالص گھی کے حلوے کا راز بتا دیا اور تاکید کرتے ہوئے کہا اگر کسی نے اس ہانڈی کو ہاتھ بھی لگایا تو اچھا نہیں ہو گا۔ بات دھمکی کی آن پڑی تھی، بچوں نے "موقع پاتے ہی ہانڈی میں سے مٹھیاں بھر بھر کر یہ مقدس غذا یا دوا برآمد کر لی۔"

27۔ یہ جملہ "بدایوں کے شام و سحر" سے لیا گیا ہے۔ اس کی مصنفہ "ادا جعفری" ہیں۔ یہ جملہ اماں نے بچوں سے کہا۔ اماں نے کسی بات پر خوش ہو کر بچوں سے خالص گھی کے حلوے کا راز بتا دیا اور تاکید کرتے ہوئے یہ جملہ کہا۔

28۔ یہ جملہ "بدایوں کے شام و سحر" سے لیا گیا ہے۔ اس کی مصنفہ "ادا جعفری" ہیں۔ جب بچوں نے مٹھیاں بھر بھر کر حلوہ چرا کر کھا لیا تو اس کی اطلاع دینے یا شکایت کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہوئی کیوں کہ خود انکے چہرے اعلانِ جرم اور اعترافِ جرم دونوں کا اشتہار بنے ہوئے تھے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

**درج ذیل مصنف کا تعارف لکھئے۔**

29۔ **آدا جعفری**

**قلمی نام :** آدا جعفری

**نام :** عزیز جہاں

**تخلص :** آدا

**پیدائش :** 22اگست1926ء بدایوں

**وفات :** 12مارچ2015

**قابلیت :** ادبی دنیا میں وہ ادا جعفری کے نام سے مشہور ہیں۔24 برس کی عمر میں ان کا پہلا شعری مجموعہ ''میں ساز ڈھونڈتی رہی'' کے نام سے شائع ہوا۔اُردو کی مقبول شاعرہ کے علاوہ اچھی نثر نگار بھی ہیں۔

**تصانیف :** "غزالاں تم تو واقف ہو"، "شہرِ سخن بہانہ ہے""اور شہرِ درد"

30۔ **ان الفاظ کے اضداد لکھئے۔**

بدصورت X خوبصورت　　بے رونق X رونق　　کم قیمت X بیش قیمت

31۔ **ان الفاظ کے اضداد لکھئے۔**

شب X روز　　ماضی X حال　　دشوار X آسان

32۔ ایسا جملہ جس میں مسندِالیہ اور مسند دونوں اسم ہوں جملہ اسمیہ کہلاتا ہے۔

مثال: بدایوں قدامت پسند شہر ہے۔

33۔ جملہ فعلیہ وہ جملہ ہے جس میں مسندِالیہ اسم اور مسند فعل ہوتا ہے۔

مثال: بچوں نے اماں کی پوٹلی کھولی۔

## VI۔ تفصیلی جوابات لکھئے۔

34۔ ادا جعفری ایک بار1949ء اور دوسری بار1955ء میں یا1956ء میں ہندوستان گئی تھیں۔دہلی، لکھنوں، آگرہ اور بدایوں۔اس کے بعد سے آج تک باوجود دعوت ناموں کے نہیں گئیں۔ہندستان کے کسی بھی شہر جائیں اور بدایوں نہ جائیں گوارہ نہیں۔ادا جعفری کو پھر ایک بار خوبصورت یادوں کو مجروح سسکتا ہوا دیکھنے کی ہمت نہیں ہوئی۔آخری بار جب بدایوں گئیں تھیں اس وقت تک وہ گھر موجود تھا لیکن اس گھر کے مکین وہاں نہیں تھے۔صرف دیوان خانے میں چند رشتہ دار رہ گئے تھے۔اب تو وہ رشتہ دار بھی نہیں رہے اور وہ گھر بھی نہیں رہا۔کسی نے بتایا کہ جس جگہ بڑی حویلی تھی وہاں اب کئی فلیٹ تعمیر ہو چکے ہیں۔چلتے وقت دیواروں پر ہاتھ کا لمس چھوڑا تھا وہ بھی نہیں رہا تو اب کس کے پاس جائیں اسی لئے ادا جعفری بدایوں نہیں جانا چاہتی ہیں۔

35۔ ماضی کے دور کی دشواریاں مصنفہ کے لیے یادوں کے آئینے میں سجی ہوئی حسین اور عزیز تصویریں بن چکی ہیں۔جب کبھی بڑی حویلی کا ذکر آجائے تو مصنفہ محبتوں کی پھوار میں بھیگ جاتی ہیں وہ محبتیں جو اس وقت بھی بہت قیمتی تھی آج انہیں اور بیش قیمت معلوم ہوتی ہیں۔ساری پابندیاں جن پر دل دکھا



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

کرتا تھا بے حقیقت نظر آتی ہیں۔ وہ شب و روز جن سے اس زمانے میں شکایتیں تھیں بہت، آج اتنی دور سے دیکھتی ہیں تو دل کشا اور دل ربا نظر آتے ہیں۔ وہ روز و شب بھی کہ جن سے شکایتیں تھیں بہت اب اتنی دور سے دیکھا تو دل کشا ٹھہرے۔

36۔ بچوں پر گھی کی ہانڈی کو ہاتھ نہ لگانے کی تنبیہ کا یہ اثر ہوا کہ موقع پاتے ہی ہانڈی میں سے مٹھی بھر کر یہ مقدس غذا یا دوا برآمد کر لی گئی۔ جب انتہائی شوق میں اس لذیذ حلوے کو بچوں نے کھایا تو مرچوں نے وہ حال کیا کہ اس چوری کی اطلاع دینے یا امی سے شکایت کرنے کی اماں کو ضرورت نہیں پڑی بچوں کے چہرے خود ہی اعلانِ جرم اور اعترافِ جرم دونوں کا اشتہار بنے ہوئے تھے۔ وہ وقت تو خیر جیسے تیسے گزر گیا لیکن آئندہ کے لئے بچے اتنے محتاط ضرور ہو گئے کہ جب بھی اماں سے ان کی کسی زیادتی کا بدلہ لینا ہوتا تو ان کا مرچوں کا حلوا چراتے ضرور تھے لیکن دوبارہ اسے کھایا کبھی نہیں۔

## V تفصیلی جواب لکھئے۔

**37۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔**

1 کسی بھی قوم ملک یا زمانہ کی تہذیب و تمدن، علوم و فنون، عروج و زوال، رسم و رواج یا عادات و اخلاق سے متعلق جاننا ہو، تو تاریخ کا سہارا لیا جاتا ہے

2 ابن خلدون نے تاریخ کی بنیاد رکھی۔ واقعات کی صداقت کے لیے سند ضروری ہے، جو تاریخ کی اصلی روح ہے۔

**خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خط میں سے کوئی ایک لکھئے۔**

38۔ اپنے میر معلم کے نام ایک خط لکھئے جس میں دو دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔

کو میر معلم
گورنمنٹ اردو اسکول، ہاسن

از اب ت
دسویں جماعت
گورنمنٹ اردو اسکول، ہاسن

تاریخ :27 مارچ 2027

موضوع: دو دن کی چھٹی کی درخواست

معزز میر معلم السلام و علیکم

بعدِ سلام عرض یہ ہے کہ میں دسویں جماعت میں زیرِ تعلیم ہوں، بہت تیز بخار ہونے کی وجہ سے میں اسکول نہیں آ پاؤنگا۔ ڈاکٹر دو دن کے لئے گھر میں آرام کے لئے طلب کیا ہے۔ لہذا آپ میری ضرورت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے میری درخواست قبول کریں اور دو دن کی چھٹی جاری کریں۔

امید ہے کہ میری درخواست بہت جلد قبول کی جائے گی۔

شکریہ

آپ کا شاگرد

اب ت



aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

39۔ دئے گئے عنوان پر مضمون لکھئے۔

جہیز ایک سماجی برائی ہے۔

شادی کے موقع پر بیٹی کو رخصت کرتے وقت اس کے ساتھ کچھ سامان دینا جہیز کہلاتا ہے۔ تحفے کا لین دین محبت، ہمدردی اور مدد کا ذریعہ ہونا چاہیے، لیکن آج جہیز ایک رسم اور معاشرتی مسئلہ بن گیا ہے۔ غریب والدین اپنی حیثیت سے بڑھ کر جہیز دینے پر مجبور ہوتے ہیں اور بعض اوقات قرض بھی لیتے ہیں۔ اس وجہ سے ان پر مالی بوجھ بڑھ جاتا ہے۔ لڑکے والوں کی طرف سے زیادہ جہیز کی خواہش لڑکی کی شادی میں رکاوٹ بن جاتی ہے۔ کم جہیز لانے والی لڑکی کو سسرال میں طعنے اور برے سلوک کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔ اس سے لڑکی اور اس کے والدین کو بہت دکھ پہنچتا ہے۔ بعض غریب والدین جہیز کی رقم یا سامان کا انتظام نہ کر سکنے کی وجہ سے اپنی بیٹی کی شادی نہیں کر پاتے۔

دوسری طرف صاحبِ حیثیت لوگ بھی کبھی کبھی جہیز کو دولت کی نمائش کا ذریعہ بنا لیتے ہیں۔ لوگ ایک دوسرے کی دیکھا دیکھی زیادہ جہیز دینے کی کوشش کرتے ہیں، جس سے معاشرے میں فضول خرچی بڑھتی ہے۔ جہیز کی رسم غریب خاندانوں کے مسائل میں مزید اضافہ کرتی ہے۔ ہمیں یہ سمجھنا چاہیے کہ شادی ایک مقدس رشتہ ہے، اسے دولت اور سامان سے نہیں جوڑنا چاہیے۔ اگر والدین اپنی خوشی سے اپنی بیٹی کی مدد کریں تو وہ الگ بات ہے، لیکن جہیز کا مطالبہ کرنا مناسب نہیں ہے۔ لڑکے اور اس کے والدین کو چاہیے کہ وہ جہیز لینے سے صاف انکار کریں۔ معاشرے کے ہر فرد کو اس بری رسم کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ حکومت اور سماجی اداروں کو بھی جہیز کے خلاف بیداری پیدا کرنی چاہیے۔ ہمیں سادگی سے شادی کرنے اور بیٹیوں کو عزت و محبت دینے کو ترجیح دینی چاہیے۔ اس طرح ہم معاشرے کو جہیز جیسی بری رسم سے پاک کر سکتے ہیں اور غریب والدین کا بوجھ کم کر سکتے ہیں۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

## جوابات ۔ آمدِ بہار

I درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔

1۔ A)خزاں

2۔ B)تاریک

3۔ A)پرونے کے

II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔

4۔ آسمان

5۔ جیت

6۔ بدنما

7۔ شبنم

III۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات صرف ایک جملے میں لکھئے۔

8۔ ہوا چاروں طرف پکارتی آئی "بہار آئی بہار آئی بہا آئی"۔

9۔ کلیاں صبح کا چہرہ دیکھ کر ہنس پڑتی ہیں۔

10۔ اوس شجر کو دودھ پلا کر نشو نما کا کام انجام دیتی ہے۔

11۔ بہار کے آنے سے خزاں کے رخ پہ زردی چھائی ہے۔

12۔ لالہ کے پھولوں کو دیکھ کر ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے انگارے دہک رہے ہوں۔

13۔ آمدِ بہار نظم میں بہار کے موسم کی آمد کی تصویر کشی کی گئی ہے۔

14۔ بہار کے آنے کا اعلان ہوا نے کیا۔

IV۔ درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے۔

15۔ بہار کے آنے سے پہاڑوں پر جمی صاف برف پگھل گئی۔ یہی پانی رواں ہو کر ندی نالوں سے ہوتا ہوا سمندر میں مل جاتا ہے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

16۔ بہار کے آنے سے ہر طرف پھول کھلے ہیں۔ ہر گل نے دلہن کی طرح سرخ لباس پہناہوا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ بہار کی آمد پر درخت خوشنما پتوں کا گہنا پہنے ہوئے ہیں۔

17۔ ہزاروں رنگ کی چڑیاں جن کی شکلیں خوشنما، ادائیں دل ربا اور صدائیں نغمہ زا ہیں۔ بہار کی آمد پر خوش ہو کر ہر طرف اتراتی ہوئی خوشی کے نغمے گاتی پھرتی ہیں۔

18۔ بہار کی آمد پر ہر طرف پھول ہی پھول نظر آتے ہیں۔ چمن اور جنگل میں پھولوں کے انبار لگے ہیں۔ زمین پھولوں کا ہار پہنے ہوئے ہیں۔ سفید پھول تاروں کی طرح روشن ہیں اور سرخ پھول میں انگارے نظر آرہے ہیں۔ شاعر سفید پھولوں کو چمکتے تاروں سے اور لالے کے پھولوں کو دہکتے انگاروں سے مثال دی ہے۔

**V۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔**

**19۔ تذکیر و تانیث لکھئے۔**

مذکر = پنکھا، شجر

مونث = شمیم، دلہن ، ہوا ،بہار ،اوس

**VI۔ مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔**

20 **آمدِ بہار نظم**

**خلاصہ - :** نظم آمد بہار شوق قدوائی کی لکھی ہوئی ہے۔ اس نظم میں شاعر نے موسم بہار کی آمد کے خوشنما منظر کی بہترین تصویر کشی کی ہے۔ ہوا آمد بہار کا اعلان کرتے ہوئے آتی ہے بہار کی آمد کے ساتھ ہی صبح کی ہوا پنکھا جھلتی ہیں اور کلیوں کو ہنسا کر کھلاتی ہے۔ بہار کے آنے سے پہاڑ سے صاف پانی بہہ کر سمندر میں مل جاتا ہے۔ شمیم باغ اترا کر چلنے لگتی ہے۔ زمین کے پردے سے سبزے نکلتے ہیں۔ ہر پھول دلہن کی طرح سرخ لباس پہناہوا ہے اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ درخت خوش نما پھولوں کا گہنا پہنے ہوئے ہیں۔ بہار کے غالب آنے سے خزاں خوف زدہ ہو کر زرد ہو جاتی ہے۔ شبنم درختوں کو دودھ پلاتی ہے اور ہوا بار بار آکر منہ چومتی ہے۔ زمین جڑوں کو پکڑتی ہیں اور جڑیں زمین کو پکڑ کر مضبوط ہوتی ہیں۔ بہار کی آمد پر ہر طرف پھول ہی پھول نظر آتے ہیں۔ چمن اور جنگل میں پھولوں کے انبار لگے ہیں۔ زمین پھولوں کا ہار پہنے ہوئے ہیں۔ سفید پھول تاروں کی طرح روشن ہیں اور سرخ پھول انگارے کی طرح نظر آرہے ہیں۔ شاعر سفید پھولوں کو چمکتے تاروں سے اور لالے کے پھولوں کو دہکتے انگاروں سے مثال دی ہے۔ آمد بہار پر کئی رنگ کی چڑیاں نظر آتی ہیں جن کی شکلیں بہت خوشنما اور ادائیں دلربا ہیں۔ ان کی آوازیں سن کر ایسا لگتا ہے جیسے وہ کوئی نغمہ گا رہی ہیں۔ آمد بہار پر ہوا ناچتی ہیں تو چڑیاں بہت خوشی سے ہر طرف اتراتی ہوئی ناچتی پھرتی ہیں۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

## جوابات ۔ جواہر لال نہرو کی اردو دوستی

**I۔ درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔**

1۔ B) مضمون

2۔ A) دو

3۔ D) جملہء خبریہ جملہء انشائیہ

4۔ C) جملہء خبریہ

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

5۔ حملہ کرنا

6۔ مشکل

7۔ مونث

8۔ زندہ

9۔ الفاظ

**III۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات صرف ایک جملے میں لکھئے۔**

10۔ پنڈت جواہر لال نہرو کو اُردو زبان سے دلی لگاؤ تھا۔

11۔ احمد نگر جیل میں پنڈت نہرو نے مولانا آزاد کی مدد سے اردو سیکھی۔

12۔ پنڈت نہرو اپنے پورے نام کا املا جواہر لعل نہرو "لعل" میں الف کے بجائے ع لکھا کرتے تھے۔

13۔ رگھوپتی سہائے فراقؔ یونیورسٹی میں انگریزی مضمون پڑھایا کرتے تھے۔

14۔ نہرو نے کانگریسی لیڈر سیٹھ گووند داس کے سوال کا جواب دیا کہ "اردو میری اور میری دادی کی مادری زبان ہے۔

15۔ لال قلعے کے مشاعرے میں سنائی گئی جوش کی نظم کا عنوان "ماتمِ آزادی" تھا۔

16۔ مشاعرے میں نظم سنانے کے بعد کنور سنگھ نے جوشؔ سے ازراہِ مذاح کہا کہ "جوش صاحب آپ کو تو کوئی کچھ نہیں کہے گا لیکن میری چھٹی ہو جائے گی۔

17۔ ہندوستان کے اردو دوست پہلے وزیرِ اعظم پنڈت جواہر لال نہرو تھے۔

18۔ نہرو جی کے والد کا نام موتی لال نہرو، اہلیہ کا نام کملا نہرو اور بیٹی کا نام اندرا گاندھی تھا۔



aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

## IV۔ درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیئے۔

19۔ نہرو نے اندرا کی فرمائش کا یہ جواب دیا کہ "تم نے ہر خط میں مجھے اردو کا شعر لکھنے کو کہا تھا لیکن میں نے اس پر عمل نہیں کیا کہ اردو یا ہندی کے خطوط سنسر والے روک لیتے ہیں۔ وہ ان میں کچھ خفیہ معنی پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔''

20۔ جن دنوں اردو کے مشہور محقق قاضی عبدالودود سوئٹزرلینڈ کے ایک نرسنگ ہوم میں زیر علاج تھے ان ہی دنوں کملا نہرو بھی وہیں بغرضِ علاج مقیم تھیں۔ قاضی عبدالودود نے کملا نہرو کے اردو سے شغف کے بارے میں کہا کہ کملا نہرو اردو جانتی تھیں اور برآمدے میں آرام کرسی پر دراز اردو کی کتابیں پڑھا کرتی تھیں۔

21۔ فراق کی زبانی جیل یاترا کے دوران شاعری کا حال سن کر نہرو نے جواب دیا کہ ''اس بار جیل گیا تو تم رگھوپتی سہائے سے آر۔ سہائے فراق ہو گئے، اگلی بار جیل گیا تو تم فقط 'ہائے فراق رہ جاؤ گے۔''

22۔ جوش ملیح آبادی سے جواہر لال نہرو کی دوستی بڑی گہری تھی۔ جوش صاحب جب بھی چاہتے پنڈت جی ملاقات کے لیے وقت دیتے۔ دونوں میں چوٹیں بھی چلتیں اور ہنسی ٹھٹھا بھی ہوتا۔

23۔ پنڈت نہرو نے جوش اور مہندر سنگھ کو تری مورتی ہاؤس آنے کی دعوت اس لیے دی کہ وہ نہرو خاندان کے بعض اراکین اور عزیز و اقارب کے سامنے اپنی نظم ماتم آزادی سنائیں کیوں کہ جو اصحاب لال قلعہ کے مشاعرے میں موجود نہیں تھے وہ نظم سننے کے آرزو مند تھے۔

24۔ لال قلعے کے مشاعرے میں نظم جوش ملیح آبادی نے سنائی اور اسکا عنوان ماتمِ آزادی تھا۔

## V۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔

### متن کے حوالے سے تشریح کیجئے۔

25۔ یہ جملہ مضمون "جواہر لال نہرو کی اردو دوستی'' سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف محمد رفیع انصاری ہیں۔ یہ جملہ پنڈت جواہر لال نہرو نے اپنی بیٹی اندر اسے خط کے ذریعے اس وقت کہا جب وہ جیل میں تھے۔ اندرا خط میں اردو اشعار کی فرمائش کیا کرتی تھیں۔ اس پر عمل نہیں کرنے کی وجہ بتاتے ہوئے نہرو نے یہ جملہ خط میں لکھا۔

26۔ یہ جملہ مضمون "جواہر لال نہرو کی اردو دوستی'' سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف محمد رفیع انصاری ہیں۔ فراق نے نہرو سے ان کی جیل یاترا کے دوران شاعری کرنے کا حال سنایا اور اپنے نام کو مختصر آر۔ سہائے فراق کر لیا ہے۔ یہ سن کر نہرو نے مذاق سے یہ ظریفانہ جملہ کہا۔

27۔ یہ جملہ مضمون "جواہر لال نہرو کی اردو دوستی'' سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف محمد رفیع انصاری ہیں۔ نہرو نے اردو کو قومی زبان کا درجہ دینے والی زبانوں کی فہرست میں شامل کیا تو سیٹھ گووند داس نے اعتراض کیا۔ اس اعتراض کا جواب دیتے ہوئے نہرو نے سیٹھ گووند داس سے یہ جملہ کہا۔

28۔ یہ جملہ مضمون "جواہر لال نہرو کی اردو دوستی'' سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف محمد رفیع انصاری ہیں۔ نہرو نے اردو کو قومی زبان کا درجہ دینے والی زبانوں کی فہرست میں شامل کیا تو سیٹھ گووند داس نے چلا کر یہ جملہ کہا۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 31 of 135

29۔ یہ جملہ مضمون "جواہر لال نہرو کی اردو دوستی" سے لیا گیا ہے۔اس کے مصنف محمد رفیع انصاری ہیں۔ جشن جمہوریت کا مشاعرہ پنڈت نہرو کی صدارت میں لال قلعہ میں منعقد تھا۔ کنور مہندر سنگھ بیدی نظامت کر رہے تھے۔اس مشاعرے میں جوش نے اپنی نظم "ماتم آزادی جس میں ملک کی آزادی اور حکومت پر براہ راست حملہ تھا۔مشاعرہ جب ختم ہوا تو کنور صاحب نے جوش صاحب سے دوستانہ شکایت کرتے ہوئے از راہِ مزاح یہ جملہ کہا۔

30۔ یہ جملہ مضمون "جواہر لال نہرو کی اردو دوستی" سے لیا گیا ہے۔اس کے مصنف محمد رفیع انصاری ہیں۔فروری 1958ء کو انجمنِ اُردو ترقی ہند کی کُل ہندی اُردو کانفرنس کے افتتاحی اجلاس کو خطاب کرتے ہوئے جواہر لال نہرو نے کہا تھا کہ "مجھے اُردو کے بارے میں بالکل فکر نہیں۔وہ ایک جان دار زبان ہے ۔اسے دبانا یا ختم کرنا نہ ممکن ہے۔ لیکن تنگ دلی کے مظاہرے پر مجھے افسوس ہوتا ہے۔میری خواہش ہے کہ اردو ترقی کرے پھلے پھولے۔

31۔ یہ جملہ مضمون "جواہر لال نہرو کی اردو دوستی" سے لیا گیا ہے۔اس کے مصنف محمد رفیع انصاری ہیں۔اندرا جی نے ہر خط میں اردو یا ہندی کے خط لکھنے کی فرمائش کی تو،اس جملے کو جواہر لال نہرو نے اندرا جی کو خط میں لکھتے ہوئے کہا۔

**درج ذیل مصنف کا تعارف لکھئے۔**

32۔ محمد رفیع انصاری

**قلمی نام :** محمد رفیع انصاری

**نام :** محمد رفیع انصاری

**تخلص :** ۔

**پیدائش :** یکم جون 1951 کو بھیونڈی

**وفات :** 12 مارچ 2015

**قابلیت :** وہ مضمون نگار، شاعر اور کالم نویس بھی ہیں۔ رئیس ہائی اسکول اور جونیر کالج میں بھیونڈی میں درس و تدریس کے فرائض انجام دینے کے بعد حال ہیمیں سبکدوش ہوئے۔

**تصانیف :** مزاحیہ مضامین کے مجموعے "خمیازہ" اور "رفع دفع"۔بچوں کی نظموں پر مشتمل دو مجموعے "زمین کے تارے" اور "جگ جگ جیو"

33۔ **واحد اور جمع کے لحاظ سے غیر موزوں لفظ پر نشان لگائیے۔**

1 واقعات، برسات، حالات = برسات

2 فرائض، حقائق، جائز = جائز

3 الفاظ ،اعمال ، احسان = احسان



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

34۔ واحد اور جمع کے لحاظ سے غیر موزوں لفظ پر نشان لگایئے۔

1 خطوط، جنون، فنون = جنون

2 محافل، محافظ، ممالک = محافظ

3 جواہر، طاہر، جزائر = طاہر

35۔ کسی واقعہ کیفیت یا صورتِ حال کی خبر دینے والے جملے کو "جملہء خبریہ" کہتے ہیں۔

مثال : نہرو جی نے احمد نگر کی اسیری کے دوران مولانا ابوالکلام آزاد سے اردو کا درس لیا تھا۔

## VI۔ مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔

36۔ جواہر لال نہرو کو اردو سے دلی لگاؤ تھا۔ احمد نگر کی اسیری کے دوران انہوں نے مولانا ابوالکلام آزاد سے اردو سیکھی تھی۔ نہرو جی اپنی بیٹی اندرا کی فرمائش پر خط میں کبھی کبھی اردو اشعار لکھتے تھے۔ وہ اپنے نام کا املا جواہر لعل نہرو یعنی لعل کو الف سے نہیں بلکہ ع سے لکھتے تھے۔ وہ اردو ادیبوں اور شاعروں سے بہت قریب تھے۔ آپ نہ صرف شعرا کی سرپرستی کرتے بلکہ مشاعروں میں شرکت بھی فرماتے اور کبھی اپنی رہائش گاہ تری مورتی میں شعری نشستوں کا اہتمام بھی کرتے۔ نہرو اردو کو اس کا جائز مقام دلانے کے لئے ہمیشہ کوشاں رہے۔ آپ نے اردو کو قومی زبان کا درجہ دینے والی زبانوں کی فہرست میں شامل کیا۔ اردو کے فروغ کے لیے مخلصانہ کوششیں کیں۔ اس باب میں فرقہ پرستوں اور متعصبوں کو ترکی بہ ترکی جواب دیتے رہے۔ ان کا خیال تھا کہ "مجھے اردو کے بارے میں بالکل فکر نہیں"۔ یہ ایک جاندار زبان ہے اسے دبانا یا ختم کرنا ناممکن ہے لیکن تنگ دلی کے مظاہرے پر مجھے اکثر افسوس ہوتا ہے۔ میری خواہش ہے کہ اردو ترقی کرے، پھلے پھولے۔"

37۔ جوش ملیح آبادی نے نظم "ماتم آزادی" میں ملک کی آزادی کے بعد حکومت پر براہ راست چوٹیں کی ہیں۔ سفید پوش سیاہ کار رہنماؤں کے کردار اور کار گزاری پر حملہ کیا گیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ کار آمد مسائل پر اب گفتگو نہیں ہو رہی ہے۔ عوام سے اپنی رائے ظاہر کرنے کا حق چھین لیا گیا ہے۔ افسران اور حکام کے خلاف زوردار حملہ کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ داروغہ اور کوتوال ہی مجرموں کی پردہ پوشی میں لگے ہوئے ہیں۔ اور چوروں کے ساتھ سازش میں ملوث ہیں۔ سی آئی ڈی افسران اپنے فرض منصبی سے غافل ہیں۔ برطانوی حکومت میں جس طرح آئی سی ایس حکام ہندوستانیوں کو حب وطنی کی سزا دیتے تھے، وہ اب بھی موجود ہیں اور خوشحال ہیں۔ ناقص طرزِ حکومت کے سبب ملک کے حالات بدل چکے ہیں کہ ہر طرف دشمنی نفرت اور لوٹ مار کا دور دورہ ہے۔ ملک فسادات کی آگ میں جل رہا ہے۔ رشوت خوری بھی ہے۔ عوام اسی بے بسی کی حالت میں مبتلا ہے جو پہلے سے تھی۔

38۔ جواہر لال نہرو کو اردو سے دلی لگاؤ تھا۔ احمد نگر کی اسیری کے دوران انہوں نے مولانا ابوالکلام آزاد سے اردو سیکھی تھی۔ نہرو جی اپنی بیٹی اندرا کی فرمائش پر خط میں کبھی کبھی اردو اشعار لکھتے تھے۔ وہ اپنے نام کا املا جواہر لعل نہرو یعنی لعل کو الف سے نہیں بلکہ ع سے لکھتے تھے۔ وہ اردو ادیبوں اور شاعروں سے بہت قریب تھے۔ آپ نہ صرف شعرا کی سرپرستی کرتے بلکہ مشاعروں میں شرکت بھی فرماتے اور کبھی اپنی رہائش گاہ تری مورتی میں شعری نشستوں کا اہتمام بھی کرتے۔ نہرو اردو کو اس کا جائز مقام دلانے کے لئے ہمیشہ کوشاں رہے۔ آپ نے اردو کو قومی زبان کا درجہ دینے والی زبانوں کی فہرست میں شامل



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

کیا۔اردو کے فروغ کے لیے مخلصانہ کوششیں کیں۔اس باب میں فرقہ پرستوں اور متعصبوں کو ترکی بہ ترکی جواب دیتے رہے۔ان کا خیال تھا کہ "مجھے اردو کے بارے میں بالکل فکر نہیں۔یہ ایک جاندار زبان ہے اسے دبانا یا ختم کرنا ناممکن ہے لیکن تنگ دلی کے مظاہرے پر مجھے اکثر افسوس ہوتا ہے۔میری خواہش ہے کہ اردو ترقی کرے، پھلے پھولے۔"

## VII۔ تفصیلی جواب لکھئے۔

### 39۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

1 ملک یونان میں ڈاکوؤں نے قافلے کے ساتھ کیا کیا؟

ملک یونان میں کسی قافلے کو ڈاکوؤں نے لوٹ لیا اور اس میں شامل سوداگروں کا بہت سا سامان اور مال چھین لیا۔

2 لقمان حکیم نے ڈاکوؤں کو نصیحت کرنے کی درخواست کا کیا جواب دیا؟

حکیم لقمان نے کہا ڈاکوؤں کو نصیحت کرنا بے سود ہے۔سیاہ دل والے کو نصیحت بیکار ہے کیونکہ لوہے کی کیل پتھر میں گھڑنا ممکن نہیں ۔خوشحالی کے دور میں غرباء اور مسکین لوگوں کی خبر گیری کرنی چاہیے کیونکہ ٹوٹے ہوئے دلوں کو جوڑنے سے بلائیں ٹل جاتی ہیں جب کوئی ضرورت مند تیرے پاس آئے تو فوراً اس کی مدد کرنا ہے، نہیں تو ظالم زبردستی چھین لے گا۔

## VII۔ خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خط میں سے کوئی ایک لکھئے۔

40۔ اپنے میر معلم کے نام ایک خط لکھئے جس میں سندِ تبادلہ (ٹی، سی) طلب کی گئی ہو۔

کو میر معلم
گورنمنٹ اسکول، بیدر

از اب ت
گورنمنٹ اسکول، بیدر

تاریخ :27مارچ2026

موضوع :سندِ تبادلہ جاری کرنے کی درخواست

محترم میر معلم السلام وعلیکم

بعدِ سلام عرض ہے کہ میں آپکی اسکول میں زیرِ تعلیم تھا۔اس سال میں نے دسویں کے امتحان میں کامیابی حاصل کی ہے۔اعلیٰ تعلیم کے لئے کالج میں داخلہ لینا چاہتا ہوں جس کے لئے سندِ تبادلہ کی ضرورت ہے۔لہٰذا آپ میری ضرورت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے۔میری درخواست قبول کریں اور سندِ تبادلہ جاری کریں۔

امید ہے کہ میری درخواست بہت جلد قبول کی جائے گی۔

شکریہ

آپ کا شاگرد

اب ت



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

41۔ دئے گئے عنوان پر مضمون لکھئے۔

ماحول کی آلودگی اور اسکے نقصانات

ماحول انسان، جانوروں اور پودوں کی زندگی کے لیے بہت اہم ہے۔ صاف اور صحت مند ماحول کے بغیر زندگی کا تصور مشکل ہے۔ آج ماحول کی آلودگی ایک بڑا مسئلہ بن چکی ہے۔ فیکٹریوں کا دھواں، گاڑیوں کا دھواں، کچرا اور گندا پانی آلودگی کی اہم وجوہات ہیں۔ درختوں کی کٹائی سے بھی ماحول کو بہت نقصان پہنچ رہا ہے۔ آلودگی کی وجہ سے ہوا، پانی اور زمین متاثر ہو رہی ہے۔ آلودہ ہوا میں سانس لینے سے مختلف بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ اس سے دمہ، کھانسی اور سانس کی دوسری بیماریاں ہو سکتی ہیں۔ آلودہ پانی پینے سے انسان مختلف بیماریوں کا شکار ہو سکتا ہے۔ گندگی کی وجہ سے مچھر اور دوسرے جراثیم پیدا ہوتے ہیں۔ شور کی آلودگی بھی انسان کی صحت پر برا اثر ڈالتی ہے۔ زیادہ شور سے ذہنی دباؤ اور بے چینی پیدا ہو سکتی ہے۔ ماحولیاتی آلودگی سے جانوروں اور پرندوں کی زندگی بھی متاثر ہوتی ہے۔ درختوں کی کمی سے موسم میں تبدیلی اور گرمی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ہمیں زیادہ سے زیادہ درخت لگانے چاہئیں۔ کچرا ہمیشہ مناسب جگہ پر پھینکنا چاہیے۔ پلاسٹک کے استعمال کو کم کرنا چاہیے۔ گاڑیوں کے استعمال میں کمی کر کے پبلک ٹرانسپورٹ کو فروغ دینا چاہیے۔ فیکٹریوں کے دھوئیں اور گندے پانی کو بھی مناسب طریقے سے کنٹرول کرنا چاہیے۔

حکومت کے ساتھ ساتھ ہر شہری کی ذمہ داری ہے کہ وہ ماحول کو صاف رکھے۔ اسکولوں میں طلبہ کو ماحول کی حفاظت کے بارے میں آگاہی دینی چاہیے۔ اگر ہم آج ماحول کی حفاظت نہیں کریں گے تو آنے والی نسلوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس لیے ہمیں صاف صفائی کا خیال رکھنا اور قدرتی وسائل کی حفاظت کرنا چاہیے۔ صاف ماحول صحت مند اور خوشحال زندگی کی ضمانت ہے۔



aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

## جوابات رشوت

**I۔درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔**

1۔ B)رشوت

2۔ A)چھوٹی سے چھوٹی چیز کی مہنگائی

3۔ B)ناممکن کو ممکن سمجھنا

4۔ C)طنزیہ

5۔ B)نظم

**II۔پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

6۔ ناصحانہ

7۔ آزاد

8۔ لالچ

9۔ پونچھ

10۔ امید

**III۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات صرف ایک جملے میں لکھئے۔**

11۔ شاعر رشوت کی عادت کو خلافِ آدمیت کہہ رہا ہے۔

12۔ شاعر اپنی بستی کو ناصحوں کا پاگل خانہ کہہ رہا ہے۔

13۔ شاعر کہتے ہیں کہ اگر وہ رشوت نہ لیں گے تو کھائیں گے کیا اور پائیں گے کیا۔

14۔ "شاعرِ انقلاب "جوش ملیح آبادی کو کہا جاتا ہے۔

**IV۔درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے۔**

15۔ شاعر کے نزدیک رشوت کو چھوڑنا اس لیے محال ہے کہ ہر طرف ہوس، چور بازاری اور مہنگائی ہے۔رائی کی قیمت پربت کے برابر ہو گئی ہے۔چھوٹی سے چھوٹی چیز بھی مہنگی ہو گئی ہے۔ تنخواہوں کی کمی کے سبب زندگی گزارنا مشکل ہو گیا ہے۔ملک میں ہر طرف خون چوسنے والی صنعتیں، سرمایہ داری کی بد بختی، کم تنخواہ دینے کی بری عادت اور بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ایسے حالات میں رشوت نہیں لیں گے تو پائیں گے کیا اور کھائیں گے کیا۔

16۔ رشوت ستانی کو مٹانے کے لیے خون چوسنے والی صنعتوں اور ظلم و ستم کرنے والی سرمایہ داری کو قابو میں لانا چاہیے۔چور بازاری کو ختم کرنا چاہیے۔ ملازمت پیشہ افراد کو تنخواہیں کم دی جاتی ہیں۔اس بری عادت کو چھوڑنا چاہیے اور بڑھتی ہوئی قیمتوں پر قابو پایا جائے۔جس دن یہ برائیاں فنا ہو جائیں گی تو رشوت خود بخود ختم ہو جائے گی۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 36 of 136

V۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔

درج ذیل شاعر کا تعارف لکھئے۔

17۔ **جوشؔ ملیح آبادی**

**قلمی نام :** جوشؔ ملیح آبادی

**نام :** شبیر حسن خان

**تخلص :** جوشؔ

**پیدائش :** 5دسمبر1898ء

**وفات :** 1982ء

**قابلیت :** ذاتی مطالعہ سے انہوں نے اپنی علمی معلومات میں اضافہ کیا۔ادبی رسالہ ''کلیم شائع کیااور سرکاری رسالہ ''آج کل کے مدیر اعلیٰ رہے۔ ان کا شمار اردو کے مشہور نظم گو شعراء میں ہوتا ہے۔

**تصانیف :** "نقش و نگار"، "شعلہ و شبنم"، "حرف و حکایت"، "جنون و حکمت"، "فکر و نشاط"، "آیات و نغمات"، "عرش و فرش"، "سنبل و سلاسل"،اور "سموم وصبا" "خود نوشت سوانح" یادوں کی برات"۔

18۔ درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے۔

1) راہ پہ لانا = استاد اپنے شاگرد کو محبت اور حکمت سے راہ پر لاتا ہے۔

2) تاؤ آنا = چھوٹی چھوٹی باتوں پر تاؤ آنا اسکی عادت بن گئی ہے۔

3) ہوا ہونا = بارش کے آنے سے طوفان ہوا ہو گیا۔

19۔ درج ذیل الفاظ سے قوافی کی جوڑیاں بنایئے۔

رشوت = قیمت

مجنونانہ = پاگل خانہ

بھاؤ = تاؤ

فنا = بقا



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

VI۔ مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔

20۔ **رشوت**

**خلاصہ:۔** نظم رشوت میں شاعر انقلاب جوش ملیح آبادی نے سماج کے ایک اہم مسئلے کو اجاگر کیا ہے۔اس نظم میں شاعر نے چور بازاری، بے ایمانی، بے ضمیری اور رشوت خوری کا پردہ فاش کیا ہے۔ رشوت، نظم میں شاعر جوش ملیح آبادی کہتے ہیں کہ لوگ رشوت کو ایک بدترین عادت کہتے ہوئے چھوڑنے کی نصیحت کرتے ہیں۔ رشوت کے خلاف اخبارات میں خبریں چھپتی ہیں۔ رشوت چھڑانے کی یہ کوششیں احمقانہ اور مجنونانہ معلوم ہوتی ہیں۔ رشوت کو اگر ہاتھ سے کھودو گے تو پائیں گے کیا اور کھائیں گے کیا۔ رشوت ہر طرف عام ہو گئی ہے، اس میں ہر کوئی مبتلا ہے، کیا تمام ملک کو قید کیا جاسکے گا۔

ہر طرف ہوس، چور بازاری اور مہنگائی ہے۔ رائی کی قیمت پربت کے برابر ہو گئی ہے۔ چھوٹی سے چھوٹی چیز بھی مہنگی ہو گئی ہے۔ تنخواہوں کی کمی کے سبب زندگی گزارنا مشکل ہو گیا ہے۔ جو رشوت کو ختم کرنے کی بات کرتے ہیں وہ دراصل ریت میں کشتی چلانا چاہتے ہیں۔ رشوت ستانی کو مٹانے کے لیے خون چوسنے والی صنعتوں اور ظلم و ستم کرنے والی سرمایہ داری کو قابو میں لانا چاہیے۔ چور بازاری کو ختم کرنا چاہیے۔ ملازمت پیشہ افراد کو تنخواہیں کم دی جاتی ہیں۔ اس بری عادت کو چھوڑنا چاہیے اور بڑھتی ہوئی قیمتوں پر قابو پایا جائے۔ جس دن یہ برائیاں فنا ہو جائیں گی تو رشوت خود بخود ختم ہو جائے گی۔



aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

## جوابات  قولِ فیصل

**I۔ درج ذیل ہر سوالات کے چار متبادل دئے گئے ہیں، ان میں مناسب جواب چن کر لکھئے۔**

1۔ A) کہنے والے کے خیال، خواہش یا جذبے ذکر ہو

2۔ A) اگر محنت نہ کرتے تو کامیاب نہ ہوتے

3۔ A) امر

4۔ D) ہوشیار آگے کا راستہ پر خطر ہے

5۔ C) جملۂ خبریہ

6۔ C) یتیم خانہ

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

7۔ امید

8۔ لاحقہ

9۔ حقوق

10۔ چھلکا

11۔ لاحقہ

12۔ خرچ

13۔ ضد

14۔ ایک

15۔ کہی ہوئی بات

16۔ تمام

17۔ بہت بلند

**III۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات صرف ایک جملے میں لکھئے۔**

18۔ عدالت کا اختیار ایک طاقت ہے اور وہ انصاف و ناانصافی دونوں کے لیے استعمال کی جاسکتی ہے۔

19۔ عدل و حق کا سب سے بہتر ذریعہ منصف گورنمنٹ کے ہاتھ میں ہے۔

20۔ زمانے کے انقلاب کی وجہ سے عہد قدیم کی برائیاں مٹ گئیں۔

21۔ تاریخ میں آج بھی عدالت کی ناانصافی کی طویل فہرست کا ماتم کیا جاتا ہے۔

22۔ اپنے ملک کا سب سے سچا انسان ہونے کی وجہ سے سقراط کو زہر کا پیالہ پینا پڑا۔

23۔ آزاد رہنا ہر فرد اور ہر قوم کا پیدائشی حق ہے۔



aglasem.com  For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

24۔ مولانا آزاد انگریزی گورنمنٹ کی محکومی سے ملک اور قوم کو نجات دلانا چاہتے تھے۔

25۔ ہندوستانیوں کے حصے میں مجرموں کا کٹہرا اور انگریزوں کے حصے میں مجسٹریٹ کی کرسی آئی تھی۔

## IV۔ درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے۔

26۔ تاریخ عالم کی سب سے بڑی ناانصافیاں میدانِ جنگ کے بعد عدالت کے ایوانوں میں ہوتی رہی ہیں۔ دنیا کے بانیان مذاہب سے لے کر سائنس کے محققین تک کوئی پاک اور حق پسند جماعت نہیں ہے جو مجرموں کی طرح عدالت کے سامنے کھڑی نہ کی گئی ہو۔ ان میں حضرت مسیح جیسے پاک انسان، سقراط اور گلیلیو کے نام ملتے ہیں جن کے ساتھ ناانصافیاں کی گئیں۔

27۔ انگریزی گورنمنٹ سے متعلق مولانا آزاد نے کہا کہ ''موجودہ گورنمنٹ ظالم ہے لیکن اگر میں یہ نہ کہوں تو اور کیا کہوں؟ میں نہیں جانتا کہ مجھ سے کیوں یہ توقع کی جائے کہ ایک چیز کو اس کے اصلی نام سے نہ پکاروں۔ میں سیاہ کو سفید کہنے سے انکار کرتا ہوں۔

28۔ مولانا آزاد کے سامنے فرض کی راہیں دو ہی ہیں۔ گورنمنٹ، ناانصافی اور حق تلفی سے باز آجائے اگر باز نہیں آسکتی تو مٹادی جائے۔ جو چیز بری ہے اسے یا تو درست ہونا چاہیے یا مٹ جانا چاہیے۔

29۔ مولانا آزاد کم سے کم اور نرم سے نرم الفاظ میں یہ کہنا چاہتے ہیں کہ موجودہ انگریزی گورنمنٹ ظالم ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر میں یہ نہ کہوں تو اور کیا کہوں؟ میں نہیں جانتا کہ مجھ سے کیوں یہ توقع کی جائے کہ ایک چیز کو اس کے اصلی نام سے نہ پکاروں۔ میں سیاہ کو سفید کہنے سے انکار کرتا ہوں۔

30۔ اٹلی کے قتیل گارڈینو برونو نے عدالت میں یہ الفاظ کہے تھے کہ زیادہ سے زیادہ جو سزا دی جاسکتی ہے بلا تامل دے دو۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ سزا کا حکم لکھتے ہوئے جس قدر جنبش تمہارے دل میں پیدا ہوگی، اس کا عشر عشیر اضطراب بھی سزا سن کر میرے دل کو نہ ہوگا۔''

31۔ تاریخ میں آج بھی عدالت کی ناانصافی کی طویل فہرست کا ماتم کیا جاتا ہے اور آزاد رہنا ہر فرد اور ہر قوم کا پیدائشی حق ہے۔

## V۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔

### متن کے حوالے سے تشریح کیجئے۔

32۔ یہ جملہ سبق "قولِ فیصل" سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف "مولانا ابوالکلام آزاد" ہیں۔ یہ جملہ مولانا ابوالکلا م آزاد نے انگریزی حکومت کے استغاثہ کے جواب میں عدالت میں کھڑے ہو کر کہا۔ انگریزی حکومت کی جانب سے ہندوستانیوں پر کئے جانے والے ظلم و زیادتی کے بعد مولانا آزاد نے یہ جملہ کہا۔

33۔ یہ جملہ سبق "قولِ فیصل" سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف "مولانا ابوالکلام آزاد" ہیں۔ یہ جملہ مولانا ابوالکلام آزاد نے انگریزی حکومت کے استغاثہ کے جواب میں عدالت میں کھڑے ہو کر کہا۔ مولانا ابوالکلام آزاد نے آزادی سے متعلق اپنا عقیدہ بیان کرتے ہوئے یہ جملہ کہا۔

34۔ یہ جملہ سبق "قولِ فیصل" سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف "مولانا ابوالکلام آزاد" ہیں۔ یہ جملہ مولانا ابوالکلام آزاد نے انگریزی حکومت کے استغاثہ کے جواب میں عدالت میں کھڑے ہو کر کہا۔ مولانا ابوالکلام آزاد نے یہ جملہ انگریزی مجسٹریٹ کے سامنے اس وقت کہا۔ جب انہیں مجرم بنا کر کٹہرے میں کھڑا کر دیا گیا تھا۔


aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

35۔ یہ جملہ سبق "قولِ فیصل" سے لیا گیا ہے۔اس کے مصنف "مولانا ابوالکلام آزاد" ہیں۔ یہ جملہ مولانا ابوالکلام آزاد نے انگریزی حکومت کے استغاثہ کے جواب میں عدالت میں کھڑے ہو کر کہا۔ مولانا ابوالکلام آزاد انگریز مجسٹریٹ کو جلد فیصلہ سنانے کے لیے کہہ رہے ہیں کہ اس یادگار اور افسانہ بننے والے کام کو جلد ختم کر دیں۔ مورخ اور مستقبل ہمارا انتظار کر رہے ہیں۔

**V۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔**

**درج ذیل مصنف کا تعارف لکھئے۔**

36۔ **مولانا ابوالکلام آزاد**

**قلمی نام :** مولانا ابوالکلام آزاد

**نام :** محی الدین

**تخلص :** آزاد

**پیدائش :** 11/نومبر 1888ء مکہ

**وفات :** 22/فروری 1958ء

**قابلیت :** ان کے ادبی سرمایے میں کئی رسائل اور تصانیف شامل ہیں۔ مولانا آزاد بارہ سال کی عمر میں ''المصباح'' کے مدیر بنے۔ مولانا شبلی نے ان کی غیر معمولی صلاحیتوں کو دیکھ کر رسالہ الندوہ کا مدیر مقرر کیا۔

**تصانیف :** "کاروانِ خیال"، "غبارِ خاطر"، "تبرکات آزاد"، "خطبات آزاد" اور "قول فیصل"

37۔ ان الفاظ کی جمع لکھئے۔

آخر+اواخر، حق+حقوق، ذریعہ+ذریعے

38۔ ان الفاظ کی جمع لکھئے۔

بانی+بانیان، داستان+داستانیں، عالم+علماء

39۔ ان الفاظ کے اضداد لکھئے۔

حق x باطل، سفید x سیاہ، عارضی x مستقل

40۔ ان الفاظ کے اضداد لکھئے۔

قدیم x جدید، محکوم x مظلوم، مہمان x میزبان

41۔ وہ جملہ جس میں کہنے والے کے خیال اور اسکی خواہش یا جذبہ کا اظہار ہو، جملہ ءانشائیہ کہلاتا ہے۔

مثال : جو سزا دی جاسکتی ہے بلا تامل دے دو۔(امر)



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

## VI۔ مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔

42۔ مولانا ابوالکلام آزاد کا ''آزادی'' سے متعلق یہ عقیدہ تھا کہ آزاد رہنا ہر فرد اور ہر قوم کا پیدائشی حق ہے۔ کوئی انسان یا انسانوں کی بیورو کریسی یہ حق نہیں رکھتی کہ خدا کے بندوں کو محکوم بنایے۔ غلامی کے لیے کیسے ہی خوش نما نام کیوں نہ رکھ لئے جائیں وہ غلامی ہی ہے اور خدا کی مرضی اور اس کے قانون کے خلاف ہے۔ مولانا آزاد اپنا ملکی، مذہبی اور انسانی فرض سمجھتے تھے کہ اس محکومی اور غلامی سے ملک و قوم کو نجات دلائیں۔

43۔ سمرنا میں 80 فیصدی مسلمانوں کی آبادی ہے مگر وہاں کے وزیر اعظم بغیر کسی شرمندگی کے مسیحی آبادی کی کثرت کا اعلان کر دیتا ہے۔ یونانی حکومت تمام اسلامی آبادی کو خون اور آگ کے سیلاب میں غرق کر دیتی ہے لیکن وہ بے دھڑک ترکی مظالم کی داستان بیان کرتا رہتا ہے۔ اور خود انگلستان کی بھیجے ہوئے کمیشن کی رپورٹ پوشیدہ کر دی جاتی ہے۔ پھر نہ تو ان تمام مظالم اور جرائم کے لیے اس کے پاس اعتراف ہے نہ تلافی بلکہ ملک کی جائز اور با امن جد وجہد کو پامال کرنے کے لیے ہر طرح کا جبر و تشدد شروع کر دیا جاتا ہے۔ مولانا آزاد نے ملک یونان کی تاریخ دہراتے ہوئے کہا کہ اس وقت ہمارے ملک کے ہر حصے میں یہی ہو رہا ہے۔

**44۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔**

1 سروا پلی رادھا کرشن 5 ستمبر 1888 کو تملناڈو ریاست کے ایک چھوٹے سے گاؤں تروتنی میں پیدا ہوئے۔

2 پروفیسر، چانسلر، سفیر، نائب صدر اور صدر جمہوریہ کے عہدوں پر فائز ہو کر قوم و ملک کی خدمت انجام دی۔

## VII۔ خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خط میں سے کوئی ایک لکھئے۔

45۔ اپنے میر معلم کے نام ایک خط لکھئے جس میں مارکس کارڈ کی طلب کی گئی ہو۔

کو میر معلم
گورنمنٹ اسکول، میسور

از ا ب ت
گورنمنٹ اسکول، میسور

تاریخ :27 مارچ 2026

موضوع ۔ مارکس کارڈ جاری کرنے کی درخواست

معزز میر معلم السلام وعلیکم

بعدِ سلام عرض ہے کہ میں آپکی اسکول میں زیرِ تعلیم تھا۔ اس سال میں نے دسویں کے امتحان میں کامیابی حاصل کی ہے۔ اعلیٰ تعلیم کے لئے کالج میں داخلہ لینا چاہتا ہوں جس کے لئے مارکس کارڈ کی ضرورت ہے۔ لہٰذا آپ میری ضرورت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے۔ میری درخواست قبول کریں اور مارکس کارڈس جاری کریں۔ امید ہے کہ میری درخواست بہت جلد قبول کی جائے گی۔

شکریہ آپ کا شاگرد

ا ب ت



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

46۔ دئے گئے عنوان پر مضمون لکھئے۔

تعلیمِ نسواں

جس طرح تعلیم مردوں کے لئے ضروری ہے اسی طرح عورتوں کے لئے بھی حصولِ تعلیم نہایت ضروری ہے۔ حضور ﷺ نے کہا علم حاصل کرنا مرد اور عورت دونوں کے لئے فرض ہے۔ میرے خیال میں لڑکوں سے زیادہ لڑکیوں کو تعلیم دینا زیادہ اہم ہے۔ کیونکہ ماں کا گود بچے کا پہلا مدرسہ ہے۔ ماں ہی جب تعلیم سے ناآشنا ہو تو اس کی گود میں پرورش پانے والے بچے کی تربیت کیا خاک ہو پائے گی۔ آج کی لڑکی کل کی ماں بنتی ہے۔ اس لئے ہمیں چاہیے کہ جہاں ہم لڑکے کی تعلیم و تربیت میں کوئی کثر باقی نہیں رکھتے وہیں ہم لڑکیوں کو بھی زیورِ تعلیم سے آراستہ کرنے کی فکر کریں۔

بعض احباب کا خیال ہے کہ لڑکیوں کو اعلیٰ تعلیم دینے سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا، یہ نہایت غلط خیال ہے۔ بلکہ یہ ہماری کوتاہ نظری کا زندہ ثبوت ہے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ ماں باپ کے سامنے اپنے بچوں کی تعلیم کا مسئلہ آتا ہے تو لڑکیوں کے مقابلہ میں لڑکوں کو اہمیت دیتے ہیں۔ دراصل بات یہ ہے کہ اعلیٰ تعلیم دینے سے لڑکیوں کی ذہنی، اخلاقی، اور سماجی تربیت ہوتی ہے۔ جس سے وہ سماج کے لئے اچھی شہری، بھائی کے لئے ایک اچھی بہن، ماں باپ کے لئے ایک اچھی بیٹی اور شوہر کے لئے ایک سمجھدار بیوی بن سکتی ہے۔ اگر لڑکیوں کو تعلیم سے دور رکھا جائے۔ تو وہ نہ صرف جاہل ہونگی بلکہ اس کا برا اثر اس کی گود میں پلنے والے بچے پر بھی ہوگا، ان کی صحیح تربیت نہیں ہو پائے گی۔

مندرجہ بالا نکات کی روشنی میں یہ بات سامنے آتی ہے کہ تعلیم یافتہ عورت نہایت مہذب، سلیقہ منداور دنیا کے نشیب و فراز سے واقف ہوتی ہے۔ اپنی تعلیم و تربیت کو کام میں لاکر سلیقہ مندی اور ہنر مندی سے سارے گھر کو جنت بنا سکتی ہے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

## جوابات غزلیں (حصہ اول)

## شوق قدوائی

**I۔ درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔**

1۔ B)۔غزل

2۔ A)۔غزل

3۔ D)۔عشقیہ

4۔ C)۔مطلع

5۔ A)۔دونوں مصرعے ہم قافیہ وہم ردیف ہوتے ہیں۔

6۔ C)۔حُسنِ مطلع

7۔ D)۔بیت الغزل

8۔ B)۔مقطع

9۔ C) شاعر کا تخلص ہوتا ہے۔

**II۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔**

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔**

10۔ حسن شوقی اس شعر میں کہہ رہے ہیں کہ میرے محبوب کی خوشبو ہندوستان سے لے کر خراساں تک پھیلی ہوئی ہے۔ مگر یہ خبر گلزار کو ہی معلوم نہیں ہے کہ وہ پھولوں جیسی مہک والا محبوب کہاں ہے۔ میرا محبوب یاسمین جیسا ہے جس کی خوشبو سارے عالم میں میں پھیلی ہوئی ہے۔

11۔ مقطع میں شاعر حسن شوقی کہہ رہے ہیں کہ کس نے اپنے محبوب کی محبت میں غزل سنا کر حاسدوں اور جلنے والوں کو اور جلا دیا ہے۔ حسن شوقی اپنے محبوب کی محبت اور عشق کے نشے میں ڈوبا ہوا ہے، اپنے محبوب کے تصور میں شوقی حسن آخر کس دنیا میں آباد ہے اور کہاں ہے۔

12۔ **مندرجہ ذیل خط کشیدہ الفاظ کی ضد لکھ کر خانہ پری کیجئے۔**

| | | |
|---|---|---|
| 1 | خدا کی نظر میں شاہ اور ____ ایک ہیں۔ | گدا |
| 2 | مہتاب کی روشنی _____ کی دین ہے۔ | آفتاب |
| 3 | بدبو سے ماحول آلودہ ہو چلا ہے۔ جلوا گر بتی کی ____ پھیلائیں۔ | خوشبو |
| 4 | گلوں سے _____ بہتر ہیں جو دامن تھام لیتے ہیں۔ | خار |
| 5 | غافل انسان جوانی مستی میں گزارتا ہے اور ____ رونے میں۔ | بڑھاپہ |



aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com Page 97 of 135

## جوابات  مرزا غالبؔ

**I۔ درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔**

1۔ A)۔تشبیہہ

2۔ B)۔پانچ

3۔ C)صنعتِ تشبیہہ

4۔ A)صنعتِ تلمیح

5۔ B)صنعتِ تلمیح

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

6۔ امید

7۔ غزل

8۔ گدا

**III۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔**

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔**

9۔ غالب اس شعر میں کہہ رہے ہیں کہ محبوب اس قدر نازک مزاج بلکہ تنگ مزاج ہے کہ اگر کوئی شخص اس کے سامنے زبان کھولے تو وہ اس سے ناراض ہو جاتا ہے۔یعنی وہ یہ چاہتا ہے کہ محفل میں صرف وہی کہتا رہے اور سب خاموشی کے ساتھ بیٹھے سنتے رہیں۔

10۔ اس شعر میں ایک داستان کی طرف اشارہ ہے کہ سکندر حضرت خضرؑ کے ساتھ چشمہ حیوان پر گیا تھا مگر وہاں جا کر دیکھا کہ جنھوں نے یہ پانی پی لیا تھا وہ اگرچہ زندہ تھے مگر طویل عمر کی وجہ سے اس قدر کمزور ہو گئے تھے کہ بے حس و حرکت پڑے تھے۔یہ دیکھ کر سکندر بغیر پانی پیئے وہاں سے واپس چلا آیا۔ مطلب یہ ہے کہ اگر خضرؑ کی رہنمائی میں بھی مقصد حاصل نہ ہو سکا تو اب کسی اور کو رہنما بنانا بے سود ہے۔

11۔ **ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔**

دوا= ہر بیماری کی کوئی نہ کوئی دوا ضرور ہوتی ہے۔

خطا= خطا کرنا بُرا نہیں خطا پر اڑا رہنا بُرا ہے۔

رہنما= نبی کریمؐ پوری انسانیت کے لئے رہنما ہیں۔

توقع= ہمیں صرف اللہ سے توقع رکھنی چاہیئے مخلوق سے نہیں۔

12۔ کسی دو الگ چیزوں کو انکی مشترک صفت کی بناء پر ایک دوسرے کی مثال دی جاتی ہے تو اسے صنعت، تشبیہہ کہتے ہیں۔

مثال:- چال جیسے کڑی کا کمان کا تیر  دل میں ایسے کہ جا کرے کوئی

13۔ اگر شاعر کلام میں کسی واقعہ، قصہ یا کسی مذہبی روایت کی طرف اشارہ کرتا ہے تو اسے "صنعتِ تلمیح" کہتے ہیں۔

مثال:- ابنِ مریم ہوا کرے کوئی  میرے دکھ کی دوا کرے کوئی



aglasem.com  For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com  Page 85 of 135

## جوابات  اصغر گونڈوی

**I۔ درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔**

1۔ D)۔صنعتِ تضاد

2۔ B)۔صنعتِ طباق

3۔ C)صنعتِ تکرار

4۔ A)صنعتِ تضاد

5۔ A)صنعتِ تکرار یا تکریر

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

6۔ ظاہر

7۔ قید

8۔ گدا

**III۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔**

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔**

9۔ شاعر اصغر گونڈوی اس شعر میں کہہ رہے ہیں کہ عشق کی نگاہ سے دیکھیں گے تو قطرے میں سمندر کی وسعت دکھائی دے گی۔ قطرہ میں سمندر کی کشادگی کو محسوس کرنا عقل سے ممکن نہیں۔ شاعر مزید کہتا ہے کہ یہ عشق ہی کا کمال ہے کہ اس نے ذرہ میں بیاباں کی وسعت و کشادگی دیکھی ہے جبکہ عقل سے یہ بات چھپی ہوئی ہے۔

10۔ یہ شعر عشق کی انتہا، حیرت اور محبوب کی لازوال خوبصورتی کا گہرا بیان ہے۔ شاعر اپنے محبوب (اللہ کی ذات، کسی بلند ہستی) سے خطاب کر رہا ہے۔ "اے محبوبی شکل و صورت والے!" یعنی ایسا وجود جس کی شکل سراسر حسن و جمال کا مظہر ہے۔ تیرا حسن اتنا بلند، اتنا پاکیزہ اور غیر معمولی ہے کہ عام انسانی آنکھ اس کو دیکھنے کی اہل نہیں۔ ایسی کونسی آنکھ ہے جو تیرا دیدار کر سکے؟ جو بھی تجھے دیکھتا ہے، وہ حیران ہو جاتا ہے۔ جیسے اس کی آنکھیں یقین نہیں کر پاتیں کہ وہ کیا دیکھ رہا ہے۔

11۔ شعر کی ایسی خصوصیت جس میں متضاد الفاظ استعمال ہوتے ہیں اُسے صنعتِ تضاد یا طباق کہتے ہیں۔

مثال: ۔ پیچ حسنِ تعین سے ظاہر ہو کہ باطن ہو
یہ قید نظر کی ہے وہ فکر کا زنداں ہے

12۔ ایسا شعر جس میں ایک ہی لفظ کو دُہرایا جاتا ہے۔ اسے صنعتِ تکرار کہتے ہیں۔

مثال: اصغر سے ملے لیکن اصغر کو نہیں دیکھا  اشعار میں سنتے ہیں کچھ کچھ وہ نمایاں ہیں


aglasem.com  For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

## جوابات جگنو

**I۔ درج ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل دئے گئے ہیں، ان میں سے سب سے مناسب جواب چن کر لکھئے۔**

1 B) جگنو

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

2۔ قطار

3۔ کَراہ

4۔ قبیح

5۔ بے نور

**III۔ درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے۔**

6۔ شاعر نے بیس برس کی عمر میں یہ نظم لکھی ہے۔

7۔ شاعر کو دائیوں اور کھلائیوں نے پالا تھا۔

8۔ دائی جگنوؤں کی باتوں سے بہلایا کرتی تھی۔

9۔ دائی کی بات سن کر شاعر کے دل میں خیال پیدا ہوتا کہ یہ شام شاعر کو جگنو بنا دیتی۔

10۔ شاعر کی خواہش تھی کہ کاش میں جگنو ہوتا اور اپنی ماں کی روح کو راہ دکھاتا۔

11۔ جگنو کی صفوں پر قندیلوں کا گمان ہوتا تھا۔

**IV درج ذیل سوالات کے دو یا تین جملوں میں جواب لکھئے۔**

12۔ شاعر کو دائیاں اور کھلائیاں کہتی تھیں کہ جگنو بھولی بھٹکی روحوں کو راستہ دکھاتی ہیں، گرچہ یہ جو بچپن میں انہیں کہا گیا تھا یہ جھوٹ تھا مگر اس کے باوجود شاعر کو اس جھوٹ میں مزہ آتا تھا اس لئے کہ ان کے نزدیک ماں کو واپس لانے کی ایک امید باقی تھی اس لئے شاعر بچپن کے بہلاوے کی باتوں کو حسین جھوٹ کہتا ہے۔

13۔ یتیم بچے کو دائیاں اور کھلائیاں کہتی تھیں کہ جگنو بھولی بھٹکی روحوں کو راستہ دکھاتی ہیں، تو یتیم بچے کو خیال آتا کہ کاش وہ جگنو بن جاتا اور ماں کو راہ دکھاتے ہوئے گھر واپس لاتا۔ لیکن جگنو بننا اس کے لئے ناممکن تھا۔ اس احساس کے ساتھ اس کی بے چینی بڑھ جاتی ہے آنکھوں میں آنسو آنے لگتے ہیں اور وہ مایوس ہو جاتا ہے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

V۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔

14۔ مندرجہ ذیل شاعر کا تعرف لکھئے۔

**فراق گورکھپوری**

**قلمی نام :** فراق گورکھپوری

**نام :** رگھوپتی سہائے

**تخلص :** فراق

**پیدائش :** 28اگست1896 گورکھپور

**وفات :** 3مارچ1982

**قابلیت :** الہ آباد سے ایف،اے، کی تعلیم مکمل کیا۔آگرہ سے انگریزی میں ایم اے، کیا۔آئی سی ایس، کے لئے منتخب ہوئے۔ساہتیا اکاڈمی انعام، سویت لینڈ نہرو ایوارڈ، غالب اکاڈمی ایوارڈ، گیان پیٹھ انعام

**تصانیف :** روحِ کائنات، رمز و کنایات، غزلستان، شبنمستان، گلِ نغمہ، روپ

15۔ غیر متعلق الفاظ کی نشاندہی کیجئے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جگنو | قندیل | چراغ | = | جگنو |
| 2 | گھٹا | زمین | برسات | = | زمین |
| 3 | سرخ | سرمئی | تاریک | = | تاریک |
| 4 | بچپن | جوانی | موت | = | موت |
| 5 | راہ | منزل | جنگل | = | جنگل |

VI۔ درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔

16۔ **جگنو**

**خلاصہ۔** جگنو نظم ایک تاثراتی نظم ہے۔جسے فراق گورکھپوری نے لکھا ہے۔اس نظم میں ایک یتیم بچے کا درد سمایا ہوا ہے جس کی پہلی سانس ہی ماں کی موت کا سبب بنی۔شاعر کی ماں ان کی پیدائش کے دن ہی انتقال کر گئی۔نہ شاعر نے انکی ماں کی شکل دیکھی تھی اور نہ ماں نے شاعر کی شکل دیکھی تھی۔وہ ایک ایسے بیٹے تھے جنہیں ماں کی محبت کیا ہوتی ہے کچھ پتہ نہیں تھا۔انہیں دائیوں اور کھلائیوں نے پالا تھا،وہ انہیں بچپن میں کہا کرتی تھیں۔"برسات کے موسم میں شام کے وقت اڑنے والے جگنو بھولی بھٹکی روحوں کو راستہ دکھانے کا کام کرتی ہیں"۔یہ سن کر شاعر کو خواہش پیدا ہوتی کہ کاش وہ بھی ایک جگنو ہوتے اور اپنی ماں کی بھٹکی ہوئی روح کو راستہ دکھا کر واپس لے آتے،لیکن جوں ہی انہیں احساس ہوا کہ وہ جگنو نہیں بن سکتے وہ رونے لگتے ہیں۔

جب شاعر کو فہم فراست آگئی اس وقت انہیں اندازہ ہوا کہ جو کچھ ان سے کہا گیا تھا بچپن میں وہ جھوٹ تھا مگر جھوٹ ہوتے ہوئے بھی شاعر کو مزہ ملتا تھا جسے شاعر حسین جھوٹ کہتے ہیں۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

## جوابات درشنی

**I۔ درج ذیل ہر سوالات کے چار متبادل دئے گئے ہیں، ان میں مناسب جواب چن کر لکھئے۔**

1۔ C)سب کو یکساں دیکھنا

2۔ D)جلادینا

3۔ A)دو

4۔ D) سخت جواب دینا

5۔ A) مرکب ملتف اور مرکب مطلق

6۔ C)چار

7۔ C) تردیدی

8۔ D)وصلی

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

9۔ کراماتی

10۔ شاگرد

11۔ افسانہ

12۔ جزا

13۔ جادوبیانی

14۔ جلادینا

**III۔ درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے۔**

15۔ الیکشن کی آخری میٹنگ باقی تھی۔

16۔ آنکھیں اسکول کے پرنسپل نے دان کی تھیں۔

17۔ کرموں کا پھل، جزااور سزا، جنت اور دوزخ یہ عقیدہ ہر مذہب میں موجود ہے۔

18۔ پرنسپل کی وصیت کے مطابق آنکھیں آئی بینک کو دی گئیں۔

19۔ ودیاچرن جی کی تقریر کا جواب مولانا رجب دیا کرتا تھے۔

20۔ کیوں کہ ہر دل میں یہی جوش تھا کہ بابری مسجد اور رام مندر کا مسئلہ آج طے ہو جائے گا۔

21۔ ودیاحرن کے مطابق تاریخ ہمیں آگے بڑھنا سکھاتی ہے۔ایک کال سے دوسرے کال میں پرویش کرنا سکھاتی ہے۔

22۔ پریس کے نمائندے حیران تھے کہ کیا نوٹ کریں ودیاچرن جی تو مہاتما بن گئے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

## IV۔ درج ذیل سوالات کے دو یا تین جملوں میں جواب لکھئے۔

23۔ پرنسپل بھرت نارائن جی نے تماعمر اولادِ آدم کو ایک آنکھ سے دیکھا تھا۔انہوں نے ساری زندگی تاریخ پڑھنے اور پڑھانے میں گزاری، دنیا کی تاریخ، ہندوستان کی تاریخ، ہر عہد ک تاریخ۔

24۔ ودیاچرن جی کٹر بنیاد پرست ساست داں تھے۔ جہاں تقریر کرتے ایک سلگتی چنگاری چھوڑ جاتے، جو دھیرے دھیرے شعلے بن جاتی اور شہر کو کچھ دن کے لئے وحشت، اور درندگی کی دور کی طرف لے جاکر نفرت کا دریا بن جاتی۔

25۔ دیاچرن جی نے تقریر میں پرانے قصوں کو چھوڑنے اپنے بچوں کی بات کرنے حکم دیا ہے۔بچوں کی اسکول کی فیس، مہنگائی اور بیروزگاری کی بات کرنے کے لئے کہہ رہے ہیں۔

26۔ آپسی تہذیب سے ایک نئی تاریخ وجود میں آئے گی جو ساری دنیا کو امن بھائی چارے سکون اور سلامتی کا پیغام دے گی۔

27۔ ملک میں اب بھی دھرم کے نام پر جھگڑا ہوتا رہے تو ہمارا بھی وہی حشر ہو گا جو خلیجی ملکوں کا تابکاری سے ہوا ہے۔ہماری معشی جڑیں، جو پہلے سے ہل گئی ہیں، اکھڑ بھی سکتی ہیں۔

28۔ بھرت نارئن کی روح اپنی آنکھوں کی کامیابی پر مسکرا رہی تھی۔ودیاچرن جی ان کی درشٹی اپنا چکے تھے۔اب وہ سب بھارت واسیوں کو ایک نظر سے دیکھنے لگے تھے۔

29۔ ودیاچرن جی کے اہنسا کی بات کرنے پر مولانا رجب بھی صوفیوں اور ولیوں کی باتیں کرنے لگے۔ خدا ایک ہے ہم اسکے بندے بھی ایک ہیں۔صدیوں سے مل جل کر رہنا ہماری روایت ہے۔

## V۔ درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔

### متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے۔

30۔ یہ جملہ افسانہ "درشٹی" سے لیا گیا ہے۔اس کے افسانہ نگار "زہرہ جمال" ہیں۔

اس جملے کو ودیاچرن جی نے الیکشن کی آخری میٹنگ میں اپنے پرستاروں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ " دھرموں کا پالن کرنے والو آج یہ ماں اتنے بڑے سنکٹ میں ہے جہاں کوئی سچا مارگ درشک نہیں رہا"۔

31۔ یہ جملہ افسانہ "درشٹی" سے لیا گیا ہے۔اس کے افسانہ نگار "زہرہ جمال" ہیں۔اس جملے کو ودیاچرن جی نے الیکشن کی آخری میٹنگ میں اپنے پرستاروں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے کہا، ودیاچرن جی بھرت نارئن جی کی بصارت اپنا چکے تھے۔اس لئے ہندوستان کے اصل مسئلے بھوک اور بے روزگاری کی بات کر رہے تھے۔

32۔ یہ جملہ افسانہ "درشٹی" سے لیا گیا ہے۔اس کے افسانہ نگار "زہرہ جمال" ہیں۔اس جملے کو مولانا رجب نے اپنے معتقدین کے سامنے تقریر کرتے ہوئے اس وقت کہا جب انہیں خبر ملی کہ ودیاچرن جی ایکتا اور اہنسا کی بات کر رہے ہیں تو انہوں نے بھی صوفیوں اور ولیوں کی بات کرتے ہوئے یہ جملہ کہا۔

33۔ یہ جملہ افسانہ "درشٹی" سے لیا گیا ہے۔اس کے افسانہ نگار "زہرہ جمال" ہیں۔

جب ودیاچرن جی الیکشن کی آخری میٹنگ میں لالچ اور خود غرضی کو تیاگ کر اہنسا کی روشنی کو پھیلانے کی بات کر رہے تھے، تب مجمع میں بیٹھی اندومتی سوچتی ہے "سارا دیش ہمارے محلے جیسا کیوں نہ بنے"



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 100 of 136

34۔ یہ جملہ افسانہ "درشٹی" سے لیا گیا ہے۔اس کے افسانہ نگار "زہرہ جمال" ہیں۔مولانا رجب کو جب خبر ملی کہ ودیاچرن جی ایکتا اور اہنسا کی بات کر رہے ہیں تو وہ بھی اپنے متعقدین سے کہنے لگے کہ، ہمیں ایک ہو کر خون خرابے کی سیاست اور بے ایمانی کو مٹانے کی بات کر رہے ہیں۔"

35۔ یہ جملہ افسانہ "درشٹی" سے لیا گیا ہے۔اس کے افسانہ نگار "زہرہ جمال" ہیں۔افسانہ نگار زہرہ جمال، اسکول کے پرنسپل بھرت نارئن جی کا نظریہ بیان کرتے ہوئے یہ جملہ کہہ رہی ہیں کہ پرنسپل صاحب نے اولادِ آدم کو تمام عمر ایک آنکھ سے دیکھا تھا۔

**درج ذیل مصنف کا تعارف لکھئے۔**

36۔ زہرہ جمال کا تعارف لکھئے

**زہرہ جمال**

**قلمی نام :** زہرہ جمال

**نام :** زہرہ جمال

**تخلص :** -

**پیدائش :** 1931ء ممبئی

**وفات :** -

**قابلیت :** تعلیم وتدریس کے پیشے سے وابستہ رہیں۔ مطالعہ ان کا اہم مشغلہ رہا۔ تعلیمی دور سے ہی لکھنا شروع کیا۔

**تصانیف :** افسانہ "درشٹی" سماج کے ایک اہم مسئلے کی مثال ہے۔

**37۔ دئے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کر کے لکھئے۔**

1 عقیدہ : ہمارے عقیدے پر قائم رہنا چاہئے

2 کھنڈروں : ماضی کے کھنڈروں میں تاریخ کے آثار دیکھ رہے ہیں۔

3 آثار : ماضی کے کھنڈروں میں تاریخ کے آثار دیکھ رہے ہیں۔

4 درشٹی : ودیاچرن جی بھرت نارئن کی درشٹی اپنا چکے تھے۔

5 وحشت : دلوں سے وحشت کو نکالو۔

6 وصیت : بھرت نارئن کی وصیت کے مطابق آنکھیں آئی بینک کو دی گئی۔

38۔ مرکب مطلق جملے میں دو جز ہوتے ہیں ان کو علاحدہ کر کے پڑھنے سے معنی و مفہوم پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ہر مفرد جملہ مساوی ہوتا ہے۔ دونوں جملوں کو حروفِ عطف "اور" سے جوڑا گیا ہے۔

مثال۔ منی گا رہی ہے اور منا کھیل رہا ہے۔

**VI۔درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔**

39۔ پرنسپل بھرت نارئن جی تمام عمر اولادِ آدم کو ایک آنکھ سے دیکھا تھا۔ان کو یقین تھا کہ انسان جنت سے نکالے ہوئے آدم کی اولاد ہے۔اور یہ عقیدہ تقریباً ہر مذہب میں کسی نہ کسی شکل میں موجود تھا۔ کرموں کا پھل، جزا اور سزا، جنت اور دوزخ بھرت نارائن جی سب کو مانتے تھے۔ان کو یقین تھا کہ سب



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

انسان ایک ہی مہا آتما سے جڑے ہوئے ہیں جس نے ان کو مٹی کا جسم دیا ہے۔ جسم اور روح کی تقدیس انسان کی تہذیب ہے، جسے شیطان مٹانا چاہتا ہے۔ بھرت نارائن جی نے انسان، انسان میں کبھی فرق نہیں برتا تھا۔ ان کا برتاؤ ذات پات مذہب سب سے بے نیاز تھا۔ تمام عمر نئی نسلوں کے درمیان گزار کر وہ بڑھاپے میں بھی جوان تھے۔

40۔ ودیاچرن جی نے آپریشن کے بعد کی تقریر میں بھارت کے متعلق کہا کہ "بھارت ایک ماں ہے۔ اے ہندوؤ، مسلمانو، سکھو، عیسائیو، پارسیو اور دوسرے دھرموں کا پالن کرنے والو! آج یہ ماں اتنے بڑے سنکٹ میں ہے کوئی بھی سچا مارگ درش (راستہ دکھانے والا) نہیں رہا"۔ بھائیو! ہم ماضی کے کھنڈروں میں تاریخ کے آثار دیکھ رہے ہیں اور ہمارے جوان بچے روٹی روزی کو ترس رہے ہیں۔ کھنڈر چاہے کسی دور کا ہو، دھارمک ہو یا نہ ہو اس میں ابابلیں اور چمگادڑیں رہتی ہیں۔ ہمارے گھر جن کے آنگنوں میں ہمارے بالک دودھ مانگ رہے ہیں، ماں سے روٹی مانگ رہے ہیں، کپڑا صابن مانگ رہے ہیں، ہماری توجہ اپنی طرف کھینچ کھینچ کر کہہ رہے ہیں، جو مرچ مسالا چار آنے سیر ملتا تھا، پچاس، سو اور ڈیڑھ سو روپے کلو ہو گیا ہے۔ اگر ہم پراچین کال کے کھنڈروں میں جا کر سنیاس لے لیں تو بازار میں جرمن کی طرح آلو بھی لاکھوں کے ملیں گے۔ تاریخ ہمیں آگے بڑھنا سکھاتی ہے۔ ایک کال سے دوسرے کال میں پرویش کرنا سکھاتی ہے۔ زبانوں اور انسانوں کے ملن سے نئی تہذیبوں کا بننا سکھاتی ہے"

**41۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔**

1 پہلا عیب بتایا کہ ایک دن یہ محل برباد ہو جائے گا۔ دوسرا یہ کہ اس میں رہنے والا بھی ایک دن مر جائے گا۔

2 دنیا پائیدار نہیں ہے اور آخرت کی نعمتیں ابدی اور لازوال ہیں انسان کو اس دنیا میں دل نہیں لگانا چاہئے۔

**VII۔ خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خط میں سے کوئی ایک لکھئے۔**

42۔ اپنے دوست / سہیلی کے نام ایک خط لکھئے، جس میں اسکول کے سالانہ جلسے کی دعوت دی گئی ہو۔

کو حامد

گورنمنٹ اسکول، بیدر

از اب ت

گورنمنٹ اسکول، میسور

تاریخ :27 مارچ 2026

پیارے دوست، السلام وعلیکم

میں یہاں خیریت سے ہوں آپ کی خیریت کی دعا کرتا ہوں۔ دیگر عرض ہے کہ اس سال ہمارے مدرسے میں سالانہ جلسہ بڑی دھوم سے منایا جارہا ہے۔ لہٰذا میں آپ کو اس جلسے میں آنے کی دعوت دیتا ہوں۔ آپ کے آنے سے مجھے بہت مسرت ہو گی اور ہمارے جلسے میں چار چاند لگ جائینگے۔

امید ہے کہ میرے اس دعات نامے کو قبول کر کے وقت پر جلسے میں حاضر رہیں گے۔

شکریہ

آپ کا دوست

اب ت



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 102 of 135

43۔ دئے گئے عنوان پر مضمون لکھئے۔

قومی یکجہتی

قومی یکجہتی سے مراد ملک کے تمام لوگوں کا متحد ہو کر رہنا ہے۔ یہ کسی بھی ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے بہت ضروری ہے۔ ہمارا ملک مختلف مذاہب، زبانوں، ذاتوں اور ثقافتوں کا خوبصورت مجموعہ ہے۔ یہ ہمارے ملک کی خاص پہچان ہے۔ ہمیں اپنے اختلافات کو بھلا کر ایک دوسرے کا احترام کرنا چاہیے۔ قومی یکجہتی ہمیں اتحاد، محبت اور بھائی چارے کا درس دیتی ہے۔ اگر قوم متحد ہو تو بڑی سے بڑی مشکل کا مقابلہ کر سکتی ہے۔ اتحاد کی طاقت سے ملک دشمن عناصر کے عزائم ناکام بنائے جا سکتے ہیں۔ ہمیں مذہب اور زبان کی بنیاد پر ایک دوسرے سے نفرت نہیں کرنی چاہیے۔ ہر شہری کو دوسرے شہری کے حقوق کا احترام کرنا چاہیے۔ ہمیں اپنے ملک کے آئین اور قوانین کی پابندی کرنی چاہیے۔ ملک کی ترقی میں ہر شہری کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ طلبہ قومی یکجہتی کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اس کے لیے انہیں اپنے ساتھی طلبہ کے ساتھ محبت اور تعاون سے پیش آنا چاہیے۔ اسکولوں میں قومی تہوار اور ثقافتی پروگرام مل جل کر منانے چاہئیں۔ ایسے پروگرام لوگوں میں اتحاد اور بھائی چارے کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ قدرتی آفات کے وقت بھی ہمیں ایک دوسرے کی مدد کرنی چاہیے۔ سیلاب، زلزلے اور دیگر مشکلات میں قومی اتحاد کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔

ہمیں غریب اور ضرورت مند لوگوں کی مدد کرنی چاہیے۔ دوسروں کی خوشی اور غم میں شریک ہونا ہماری اچھی روایت ہے۔ قومی یکجہتی سے ملک میں امن اور سلامتی قائم رہتی ہے۔ امن کے بغیر کسی ملک کی ترقی ممکن نہیں ہے۔ ہمیں سوشل میڈیا پر نفرت اور افواہیں پھیلانے سے بچنا چاہیے۔ ہمیں ہمیشہ سچی اور مثبت باتوں کو فروغ دینا چاہیے۔ ملک کی عزت اور وقار کی حفاظت ہر شہری کی ذمہ داری ہے۔ ہمیں قومی مفاد کو ذاتی مفاد پر ترجیح دینی چاہیے۔ اتحاد، نظم و ضبط اور باہمی تعاون سے ملک مضبوط بنتا ہے۔ اگر ہم سب متحد رہیں تو ہمارا ملک مزید ترقی کر سکتا ہے۔ قومی یکجہتی دراصل ہماری طاقت اور کامیابی کی بنیاد ہے۔ اس لیے ہمیں ہمیشہ محبت، امن، بھائی چارے اور اتحاد کے ساتھ مل جل کر رہنا چاہیے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 103 of 135

## جوابات مرثیہ

**I۔ درج ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل دئے گئے ہیں، ان میں سے سب سے مناسب جواب چن کر لکھئے۔**

1۔ C) مرثیہ

2۔ A) دو

3۔ B) شور مچنا

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

4۔ قطار

5۔ رونے والا

6۔ آنکھوں کا نور

**III۔ درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے۔**

7۔ صف باندھنے کے بعد غل مچا کیوں کہ شاہِ امام حضرت امام حُسینؓ جنگ کو نکلے ہیں۔

8۔ حضرت امام حُسینؓ کے قدموں سے آپؓ کی زوجہ بانوئے نیک نام لپٹی ہوئی تھیں۔

9۔ شاہِ دین کو روکنے کے لئے سکینہؓ نے ان کے پٹکے میں ہاتھ ڈال رکھے تھے۔

10۔ امت کے بخشوانے کو حضرت امام حُسینؓ کو پیاسا مرنا گوارا تھا۔

11۔ حضرت فاطمہؓ کا نورِ عین حضرت امام حُسینؓ کو کہا گیا ہے۔

12۔ اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔ اس لئے صبر کی ہدایت دی گئی ہے۔

**IV۔ درج ذیل سوالات کے دو یا تین جملوں میں جواب لکھئے۔**

13۔ حضرت امام حسینؓ کے رختِ سفر باندھتے ہی شور مچ گیا کہ شاہ امام جنگ کے لئے نکلے ہیں۔ تمام اہلِ بیت رو رہے تھے۔ حضرت امام حسینؓ کے قدموں سے آپؓ کی زوجہ بانوئے نیک نام لپٹی ہوئی تھی۔ سکینہ اپنے سر کے بال بکھرائے ہوئے حضرت امام حسینؓ کو روکنے کے لئے ان کے پٹکے میں ہاتھ ڈالے ہوئے تھیں۔



aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com Page 107 of 135

14۔ حضرت زینبؓ کے اضطراب پر حضرت امام حسینؓ زار زار رونے لگے۔اور فرمایا کہ میں تیری محبت پر قربان ہو جاؤں۔زینبؓ کی محبت کو دیکھ کر اپنی ماں کی محبت کو یاد کرنے لگے۔فرمایا کہ میرے اختیار میں اب کچھ بھی نہیں ہے۔

15۔ حضرت امام حسینؓ بچپن میں جو جان دینے کا وعدہ کیا تھا وہ سچ کرنا چاہتے تھے۔ایمان کی خاطر اپنی جان دینا اور لہو بہانا انہیں گوارا تھا۔یہاں تک کہ امت کو بخشوانے کے لئے پیاسا مرنا بھی منظور تھا۔

**V درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔**

**درج ذیل شاعر کا تعارف لکھئے۔**

16۔ **میر انیسؔ**

**قلمی نام :** میر انیسؔ

**نام :** میر ببر علی

**تخلص :** آنیسؔ

**پیدائش :** 1802ء

**وفات :** 1874

**قابلیت :** میر انیسؔ کو شاعری ورثے میں ملی تھی۔کم عمری میں مرثیہ کہنے کا شوق پیدا ہوا۔ان کو مرثیے کا عظیم شاعر مانا جاتا ہے۔انہیں الفاظ کا بادشاہ کہا جاتا ہے۔

**تصانیف :** ان کے مرثیے پانچ جلدوں میں شائع ہوئے ہیں۔

17۔ درج ذیل خالی جگہوں میں مناسب محاوروں کا استعمال کیجئے۔

1 غل برپا ہوا 2 سر پیٹ لیا 3 ہاتھ اٹھالیا

18۔ ذیل میں دئے گئے الفاظ کے ساتھ مناسب لاحقوں کو جوڑ کر مرکبات بنائے۔

نوحہ گر خاصان حق نیک نام

19۔ ذیل میں دئے گئے الفاظ کے ساتھ مناسب لاحقوں کو جوڑ کر مرکبات بنائے۔

شہ امام اہل بیت نور عین



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

20۔ ذیل میں دئے گئے الفاظ کے ساتھ مناسب لاحقوں کو جوڑ کر مرکبات بنائے۔

چشم تر  شاہ دین  نیک نام

## VI۔ درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔

21۔ اس مرثیہ کے آخری دو بند زبانی لکھئے۔

بچپن میں جو زبان سے کہا ہے کریں گے ہم
کھائیں گے تیر ظلم، لہو میں بھریں گے ہم
حلق اپنا زیر خنجر قاتل دھریں گے ہم
امت کے بخشوانے کو پیاسے مریں گے

اب ہاتھ اٹھاؤ فاطمہ کے نورین سے
ہو گی کبھی نہ واعدہ خلافی حسینؓ سے

یہ سن کر گر پڑی جو قدم پر وہ نوحہ گر
لپٹا لیا گلے سے بہن کو بہ چشم تر
رو کر کہا کہ ہوتا ہے ٹکڑے میرا جگر
زینبؓ خدا کے واسطے، پیٹو نہ اپنا سر

خاصانِ حق کا خلق میں رتبہ بلند ہے
صابر رہو کہ صبر خدا کو پسند ہے


aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 106 of 136

## جوابات  سویرے جو کل آنکھ میری کھلی

**I۔ درج ذیل ہر سوالات کے چار متبادل دئے گئے ہیں، ان میں مناسب جواب چن کر لکھئے۔**

1۔ (C)استدراکی

2۔ D)سببی

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

3۔ چمڑا

4۔ زندہ کرنا

5۔ جادو

6۔ اُبلنا

7۔ دنیا

8۔ شوق

**III۔ درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے۔**

9۔ پطرس بخاری کا پورا نام سید احمد شاہ بخاری ہے۔

10۔ پطرس بخاری کے پڑوسی کا نام لالہ کرپا شنکر جی برہمچاری تھا۔

11۔ پہلے دن مصنف کو لالہ کرپا شنکر جی نے صبح 3 بجے جگایا تھا۔

12۔ روزانہ مصنف کے جاگنے کا معمول صبح 10 بجے تھا۔

13۔ مصنف نے اپنے سونے کے عمل کو چھپانے کے لئے نماز کا سہارا لیا۔

14۔ عالم خواب ہے، ابھی سے کیا فکر، جاگیں گے تو لاحول پڑھیں گے۔

15۔ رات کو کھڑکی سے دیکھا تو مصنف پطرس بخاری کو آسمان میں ستارے نظر آئے۔

**IV۔ درج ذیل سوالات کے دو یا تین جملوں میں جواب لکھئے۔**

16۔ دوسرے دن صبح اٹھتے ہی مصنف کے پڑوسی نے ایشور کا نام لے کر مصنف کے دروازے پر مکہ بازی شروع کی۔ مصنف نے لالہ جی کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اسے اسی شکل میں قبول کر لیا کہ مکہ باری بند کر دی۔

17۔ پہلے دن مصنف دوبارہ تین بجے سونے کے بعد پھر حسبِ معمول بھلے آدمیوں کی طرح نہایت اطمینان سے صبح دس بجے بیدار ہوئے۔

18۔ مصنف نے بر سبیل تذکرہ لالہ جی سے کہا کہ لالہ جی امتحان کے دن قریب آئے جاتے ہیں، آپ سحر خیز ہیں، ذرا ہمیں بھی صبح جگا دیا کیجئے۔


aglasem.com  For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com  Page 197 of 198

19۔ کمرے کے چوبی دروازے لرزنے لگے، صراحی پر رکھا گلاس جلترنگ کی طرح بجنے لگا اور دیوار پر لٹکا ہوا کلینڈر پنڈولم کی طرح ہلنے لگا تو مصنف کو آخر بیداری کا قائل ہونا ہی پڑا۔

20۔ مصنف کو جب پتا چلا صبح کے تین بجے ہیں تو ان کے دل نے چاہا کے عدم تشدد کو خیر باد کہہ دوں لیکن پھر خیال آیا کہ بنی نوع انسان کی اصلاح کا ٹھیکہ ہم نے لے رکھا ہے۔ ہمیں تو اپنے کام سے غرض۔

21۔ لالہ جی آپ کی نوازش سے میں نے صبح کا سہانا اور روح افزا بہت اچھی طرح صرف کیا ورنہ اور دنوں کی طرح آج بھی دس بجے ہی اٹھتا۔ لالہ جی صبح کے وقت دماغ کیا صاف ہوتا ہے جو پڑھو خدا کی قسم یاد ہو جاتا ہے۔ بھئی خدا نے صبح بھی کیا چیز بنائی ہے یعنی اگر صبح کی بجائے صبح صبح شام ہوا کرتی تو دن کیا بری طرح کٹتا۔

22۔ کالج کے حال میں لالہ جی نے مصنف سے کہا کہ، مسٹر! صبح میں نے آپ کو آواز دی تھی، آپ نے جواب نہ دیا۔ تب مصنف نے جواب دیا کہ اوہو لالہ جی! یاد نہیں، میں نے آپ کو گڈ مارننگ کہا تھا۔ میں تو پہلے ہی سے جاگ رہا تھا۔

23۔ پطرس بخاری کا پورا نام سید احمد شاہ بخاری ہے۔ اور ان کے روزانہ جاگنے کا معمول صبح دس بجے تھا۔

**V۔ درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔**

**متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے۔**

24۔ یہ جملہ "سویرے جو کل آنکھ میری کھلی" سبق سے لیا گیا ہے۔ اس سبق کے مصنف 'پطرس بخاری' ہیں۔ اس جملے کو مصنف نے ان کے پڑوسی لالہ کرپا شنکر جی سے اس وقت کہا۔ جب مصنف کے امتحان کے دن قریب آرہے تھے۔

25۔ یہ جملہ "سویرے جو کل آنکھ میری کھلی" سبق سے لیا گیا ہے۔ اس سبق کے مصنف 'پطرس بخاری' ہیں۔ مصنف کے پڑوسی لالہ کرپا شنکر جی نے مصنف کو صبح تین بجے جگایا تو مصنف نے کہا کہ آج یہ کیا بات ہے کچھ اندھیرا سا ہے تو لالہ جی نے یہ جملہ کہا۔

26۔ یہ جملہ "سویرے جو کل آنکھ میری کھلی" سبق سے لیا گیا ہے۔ اس سبق کے مصنف 'پطرس بخاری' ہیں۔ کالج کے ہال میں لالہ جی سے ملاقات کے بعد اس جملے کو پطرس بخاری نے اپنے حسبِ معمول سونے اور جاگنے کے عمل کا ذکر کرتے ہوئے کہا۔

27۔ یہ جملہ "سویرے جو کل آنکھ میری کھلی" سبق سے لیا گیا ہے۔ اس سبق کے مصنف 'پطرس بخاری' ہیں۔ اس جملے کو لالہ جی نے مصنف سے اس وقت کہا جب کالج کے ہال میں ملاقات ہوئی۔

28۔ یہ جملہ "سویرے جو کل آنکھ میری کھلی" سبق سے لیا گیا ہے۔ اس سبق کے مصنف 'پطرس بخاری' ہیں۔ جب لالہ جی نے مصنف کو صبح تین بجے جگایا، اور مصنف نے کھڑکی سے باہر دیکھا سورج نظر نہیں آیا، تب مصنف نے پوچھا، لالہ جی "آج یہ کیا بات ہے کچھ اندھیرا سا ہے"

29۔ یہ جملہ "سویرے جو کل آنکھ میری کھلی" سبق سے لیا گیا ہے۔ اس سبق کے مصنف 'پطرس بخاری' ہیں۔ مصنف نے جب صبح کی تعریف کی تو لالہ جی نے پوچھا، تو میں آپ کو چھ بجے جگا دیا کروں۔ تب مصنف نے یہ جملہ کہا۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 198 of 198

30۔ یہ جملہ "سویرے جو کل آنکھ میری کھلی" سبق سے لیا گیا ہے۔اس سبق کے مصنف 'پطرس بخاری' ہیں۔ مصنف نے کالج میں صبح کی تعریف کی تو لالہ جی نے مصنف کی تعریف کی اور یہ جملہ کہا۔

**درج ذیل مصنف کا تعارف لکھئے۔**

31۔ **پطرس بخاری**

**اصلی نام:** سید احمد شاہ بخاری

**قلمی نام:** پطرس بخاری

**پیدائش:** 1/یکم اکتوبر 1898

**وفات:** -

**قابلیت:** 1955ء میں اقوامِ متحدہ میں شعبۂ اطلاعت کے جنرل سیکریٹری بنائے گئے۔

**تصانیف:** مزاحیہ مضامین کا مجموعہ "پطرس کے مضامین"

32۔ **مثال کے مطابق قوسین میں دئے گئے الفاظ کی جمع بنا کر خانہ پری کیجئے۔**

1 واقعہ+واقعات

2 بیانات+بیان

3 موت+اموات

## VI۔درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔

33۔ ایک دن مصنف اپنے پڑوسی لالہ کرپاشنکر جی برہمچاری سے برسبیل تذکرہ کہہ بیٹھے کہ لالہ جی امتحان کے دن قریب آئے جاتے ہیں، آپ سحر خیز ہیں، ذرا ہمیں بھی صبح جگا دیا کیجئے۔ دوسرے دن اٹھتے ہی انھوں نے ایشور کا نام لے کر مصنف کے دروازے پر مکہ بازی شروع کر دی۔ کچھ دیر تک تو مصنف سمجھے کہ عالم خواب ہے، ابھی سے کیا فکر، جاگیں گے تو لاحول پڑھیں گے لیکن یہ گولا باری تیز لحہ بہ لحہ تیز ہوتی گئی اور صاحب جب کمرے کے چوبی دروازے لرزنے لگے، صراحی پر رکھا گلاس جلترنگ کی طرح بجنے لگا اور دیوار پر لٹکا ہوا کلینڈر پنڈولم کی طرح ہلنے لگا تو بیداری کا قائل ہونا ہی پڑا۔ مگر اب دروازہ ہے کہ برابر لگاتار کھٹکھٹایا جا رہا ہے۔ مصنف کہتے ہیں "میں کیا میرے آباواجداد کی روحیں اور میری قسمت خوابیدہ تک جاگ اٹھی ہو گی۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

34۔ مصنف صبح جاگنے کے بعد اپنے دل کو بہلانے لگے کہ ۔دل بھیا صبح اٹھنا تو محض ذرا سی بات ہے۔ ہم یوں اس سے ڈرا کرتے تھے۔ دل نے کہا، ''اور کیا تمھارے تو یوں ہی اوسان خطا ہو جایا کرتے تھے۔'' مصنف نے کہا، سچ کہتے ہو۔ یعنی ہم سستی اور کسالت کو خود اپنے قریب نہ آنے دیں تو ان کی کیا مجال ہے کہ ہمارے قریب سے بھی گزر جائیں یا ہماری باقاعدگی میں مخل انداز ہوں۔ اس وقت اس شہر لاہور میں ہزاروں ایسے کاہل لوگ ہوں گے جو دنیا و مافیہا سے بے خبر نیند کے خراٹے اڑاتے ہوں گے اور ایک ہم ہیں کہ ادائے فرض کی خاطر نہایت شگفتہ طبعی اور غنچہ ذہنی سے جاگ رہے ہیں۔ بھئی کیا برخوردار سعادت آثار واقع ہوئے ہیں۔

**35۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔**

1 حکیم اجمل خان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

حکیم اجمل خان 1863 میں دلی میں پیدا ہوئے وہ دلی شہر کے نہایت ہی مشہور حکیم تھے۔

2 حکیم صاحب نے کن لوگوں کی مدد سے علی گڑھ میں قومی درسگاہ قائم کی؟

عدم تعاون تحریک کے نتیجے میں مولانا محمد علی ڈاکٹر مختار احمد انصاری اور حکیم اجمل خان کی کوششوں سے علی گڑھ میں ایک قومی درسگاہ جامع جامعہ ملیہ اسلامیہ کے نام سے قائم ہوئی۔

**VII۔ خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خط میں سے کوئی ایک لکھئے۔**

36۔ اپنے والد کے نام خط لکھئے، جس میں امتحان کی دو سو روپئے فیس کی درخواست کی گئی ہو۔

کو۔ امتیاز شیخ

میسور

از۔ اب ت

گورنمنٹ اسکول میسور

تاریخ : 27 مارچ 2026

پیارے ابا السلام و علیکم

میں یہاں خیریت سے ہوں اُمید ہے کہ آپ بھی بخیر ہونگے۔ دیگر احوال یہ عرض ہے کہ میرے امتحانات اسی ماہ میں طئے پائے ہیں۔ جس کے لئے میں کافی محنت کر رہی ہوں۔ اسی سبب کافی دنوں سے آپ سے رابطہ نہیں کر پائی۔ لہٰذا مجھے امتحان کی فیس کے لئے دو سو روپئے درکار ہیں، جلد از جلد روانا کریں۔ امید ہے کہ اول درجہ میں کامیاب ہو جاؤں گی۔ آپ بھی میری کامیابی کے لئے دعا کریں۔ اور اپنی صحت کا خیال رکھنا۔

شکریہ

فقط آپ کی بیٹی

اب پ ت



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 100 of 135

37۔ دئے گئے عنوان پر مضمون لکھئے۔

میرا پسندیدہ مشغلہ

میرا پسندیدہ مشغلہ کتابیں پڑھنا ہے۔ کتابیں انسان کی بہترین دوست ہوتی ہیں۔ مجھے فارغ وقت میں مختلف قسم کی کتابیں پڑھنا بہت پسند ہے۔ میں خاص طور پر معلوماتی، ادبی اور تاریخی کتابیں شوق سے پڑھتا ہوں۔ کتابیں پڑھنے سے میرے علم میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس سے میری سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت بھی بہتر ہوتی ہے۔ اچھی کتابیں ہمیں زندگی کے بارے میں بہت کچھ سکھاتی ہیں۔ کتابوں کے ذریعے ہمیں مختلف ملکوں، قوموں اور تہذیبوں کے بارے میں معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ مطالعہ کرنے سے ہماری زبان بھی بہتر ہوتی ہے۔ اس سے نئے الفاظ سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔ میں روزانہ کچھ وقت کتابوں کے مطالعے کے لیے ضرور نکالتا ہوں۔ چھٹی کے دن میں زیادہ وقت مطالعے میں گزارتا ہوں۔ مجھے کہانیاں اور سوانح عمریاں پڑھنا خاص طور پر پسند ہے۔ اچھی کتاب پڑھتے وقت مجھے بہت خوشی محسوس ہوتی ہے۔ کتابیں ہماری تنہائی کی بہترین ساتھی ہیں۔

مطالعہ انسان میں صبر اور غور و فکر کی عادت پیدا کرتا ہے۔ یہ وقت کا بہترین استعمال بھی ہے۔ آج کے دور میں موبائل فون کے بجائے کتاب پڑھنا ایک مفید مشغلہ ہے۔ کتابیں ہمیں بری عادتوں سے دور رکھتی ہیں۔ میرا خیال ہے کہ ہر طالب علم کو مطالعے کی عادت اپنانی چاہیے۔ مطالعہ انسان کو باشعور اور بااخلاق بناتا ہے۔ اسی لیے مجھے کتابیں پڑھنا بہت پسند ہے۔ یہ مشغلہ میرے علم میں اضافہ کرنے کے ساتھ ساتھ میری شخصیت کو بھی بہتر بناتا ہے۔ مجھے امید ہے کہ میں زندگی بھر مطالعے کا شوق برقرار رکھوں گا۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 101 of 135

## جوابات  سرحدوں کا جال

**I۔ درج ذیل ہر سوالات کے چار متبادل دئے گئے ہیں، ان میں مناسب جواب چن کر لکھئے۔**

1۔ A)۔آزاد نظم

2۔ B)پابند نظم

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

3۔ آزاد نظم

4۔ مصیبت

**III۔ درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے۔**

5۔ خدا نے جب زمیں بنائی تو انسان آزاد تھا، اس لئے، ملک کی سرحدیں نہیں تھیں۔

6۔ دنیا کے نقشہ پر کھینچی گئی لکیریں سرحدوں کا اشارہ ہے۔

7۔ ابتدا میں نسل آدم کو آزادیاں نصیب تھیں کہ وہ جہاں چاہے اپنا گھر بنا سکتا تھا۔

**IV۔ درج ذیل سوالات کے دو یا تین جملوں میں جواب لکھئے۔**

8۔ سرحدوں کا جال نظم میں شاعر کہنا چاہتا ہے کہ جب اللہ تعالی نے دینا بنائی اس وقت انسان کو آزادی تھی کہ وہ کہیں بھی اپنا مسکن بنالے۔ لیکن انسان نے ملک کی سرحدیں بنا کر اپنی آزادی ختم کرلی اور اپنے ہی بنائے ہوئے جال میں خود پھنس گیا۔

9۔ نسلِ آدم کو اللہ نے آزادی دی مگر زمینی لکیروں (سرحدوں) کو کھینچ کر اپنے ہی بنائے ہوئے جال میں خود پھنس گیا ہے۔

10۔ انسان نے ملک کی سرحدیں بنائی اور کہیں بھی آزادی سے آجا نہیں سکتا۔ گویا کہ وہ اپنے ہی بنائے ہوئے جال میں خود پھنس گیا ہے۔

11۔ ملک کی سرحدوں میں بٹے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے اس طرح بیان کیا ہے کہ زمین پر آج کا انسان کئی آڑی ترچی لکیریں کھینچ کر اپنی آزادی اور ترقی کو روک لیا ہے۔ اور اپنے ہی بنائے ہوئے جال میں خود پھنس گیا ہے۔

12۔ ملک کی سرحدوں میں بٹے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے اس طرح بیان کیا ہے کہ زمین پر آج کا انسان کئی آڑی ترچی لکیریں کھینچ کر اپنی آزادی اور ترقی کو روک لیا ہے۔ اور اپنے ہی بنائے ہوئے جال میں خود پھنس گیا ہے۔

13۔ ملک کی سرحدوں میں بٹے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے اس طرح بیان کیا ہے کہ زمین پر آج کا انسان کئی آڑی ترچی لکیریں کھینچ کر اپنی آزادی اور ترقی کو روک لیا ہے۔ اور اپنے ہی بنائے ہوئے جال میں خود پھنس گیا ہے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

## V۔ درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔

درج ذیل شاعر کا تعارف لکھئے۔

14۔ **سلیمان خمار**

**نام** : قاسم علی

**قلمی نام** : سلیمان خمار

**پیدائش** : 1 یکم مارچ 1944

**وفات** : -

**قابلیت** : پہلے مجموعے پر کرناٹک اردو اکاڈمی نے انعام دیا۔

**تصانیف** : تیسرا سفر، سمندر جاگتا ہے

15۔ ان الفاظ کو اپنے جملوں میں لکھئے۔

نقشہ :- دنیا کے نقشے میں کئی سرحدیں ہیں۔

سرحد :- دنیا کا ہر ملک سرحدوں میں بٹا ہوا ہے۔

افق :- افق سے افق تک انسان آزاد تھا۔

16۔ ان الفاظ کو اپنے جملوں میں لکھئے۔

مسکن :- انسان کہیں بھی اپنا مسکن بنا سکتا تھا۔

جال :- انسان اپنے ہی بنائے ہوئے جال میں پھنس گیا ہے۔

دور :- اس دور کا آدمی سرحدو میں بٹا ہوا ہے۔

17۔ قوسین میں دئے گئے الفاظ کے مترادفات جملوں میں تلاش کر کے لکھئے۔

1 کرۂ ارض پر خطرہ منڈلا رہا ہے۔ ارض=زمین

2 دونوں جہاں کا مالک خدا ہے۔ جہاں=عالم

3 سپاہی وطن کی سرحدوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ وطن=ملک



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 103 of 136

18۔ قوسین میں دئے گئے الفاظ کے مترادفات جملوں میں تلاش کر کے لکھئے۔

1 دونوں جہاں کا مالک خدا ہے۔ جہاں=عالم

2 اس عہد کے لوگ بہت ظالم تھے۔ عہد=دور

3 خانہ کعبہ خدا کا مسکن ہے۔ مسکن=گھر

19۔ خط کشیدہ الفاظ کی اضداد خالی جگہوں میں لکھئے۔

1 انسان پابندی سے زیادہ آزادی پسند کرتا ہے۔

2 میں نے اسکی تلاش میں زمین و آسمان ایک کر دیئے۔

3 صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے۔ عمریوں ہی تمام ہوتی ہے۔

20۔ خط کشیدہ الفاظ کی اضداد خالی جگہوں میں لکھئے۔

1 خطروں سے کھیلنے والے بے خطر منزل کی جانب بڑھتے جاتے ہیں۔

2 میں نے اسکی تلاش میں زمین و آسمان ایک کر دیئے۔

3 صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے۔ عمریوں ہی تمام ہوتی ہے۔

## VI۔ درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔

21۔ **نظم سرحدوں کا جال**

**خلاصہ** یہ نظم سلیمان خمار کی لکھی ہوئی آزاد نظم ہے، جس میں مصرعے گھٹتے بڑھتے رہتے ہیں۔ نظم سرحدوں کا جال میں شاعر کہتا ہے کہ جب خدا نے یہ زمین بنائی تو کسی بھی ملک کی سرحدیں نہیں تھیں۔ اور انسان کو کوئی پابندی نہیں تھی۔ یہ ساری زمین ایک ہی ملک تھی۔ اس زمیں پر انسان کو مکمل آزادی تھی کہ جہاں چاہے وہاں اپنا گھر بنا سکتا تھا۔ لیکن انسان نے ترقی کے نام پر اس زمین پر کئی آڑی ترچی لکیریں کھینچ کر ملکوں کو سرحدوں میں بانٹ دیا ہے، اور ترقی کو محدود کر دیا ہے۔ تب سے گویا انسان اپنے ہی بنائے ہوئے جال میں پھنس گیا ہے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 117 of 135

## جوابات زعفران

**I۔ درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔**

1۔ B) نفسِ مضمون

2۔ A) رسوم

3۔ B) کسی چیز کی قدر نہ کرنا

4۔ A) بیکار آدمی

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

5۔ اعمال

6۔ باغات

7۔ مونث

8۔ لاحقہ

9۔ لاحقہ

10۔ سابقہ

**III۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات صرف ایک جملے میں لکھئے۔**

11۔ بات بے بات ہنسنے والے کے لئے "زعفران کا کھیت دیکھنا" محاورہ استعمال کیا جاتا ہے۔

12۔ زعفران کا نباتیاتی نام کروکس سٹیاویس ہے۔

13۔ طبّی خصوصیت کے لحاظ سے زعفران دماغی نسوں کو سکون پہنچاتا ہے اور ذہن کو راحت بخشتا ہے۔

14۔ کشمیر میں 550 عیسوی سے زعفران کی کاشت کا دعویٰ کیا جاتا ہے۔

15۔ کشمیر کے پانپور میں زعفران کی کاشت کی جاتی ہے۔

16۔ زعفران کا پودا گھنٹیوں سے اگتا ہے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 116 of 136

17۔ کروسن ہی وہ کیمیاوی جز ہے جس سے زعفران کی رنگت برقرار رہتی ہے۔

18۔ زعفران کی کاشت کے لئے معتدل آب وہوا کا موسم سازگار ہوتا ہے۔

19۔ بھکشو زعفران کا استعمال عبادت کے موقع پر کرتے ہیں۔

20۔ قہوہ وہ مشروب ہے جس میں زعفران کا استعمال ہوتا ہے۔

## IV ۔درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے۔

21۔ دنیا کے گنے چنے ممالک میں زعفران کی کاشت کی جاتی ہے۔ایران،اسپین، فرانس، برطانیہ، مراقش اور ہندوستان کی ریاست جموکشمیر اس کی کاشت کے لئے مشہور ہیں۔

22۔ زعفران کی اچھی نشونما کے لئے معتدل آب و ہوا راس آتی ہے۔ پھول کھلنے کے موسم میں ہلکی دھوپ اور راتوں میں نمی ضروری ہے۔اس کی بہترین پیداوار کے لئے تیس سے چالیس سنٹی میٹر بارش درکار ہوتی ہے۔ موسمِ بہار کی بارش، گھنٹیوں کی افزائش اور پودے کی اچھی نشونما کے لئے مددگار ہوتی ہے۔

23۔ زعفران کی گھنٹیوں کو ایک بار زمین میں بونے کے بعد کم سے کم آٹھ اور زیادہ سے زیادہ پندرہ سال کی مدت تک فصل حاصل کی جاتی ہے۔اس خوبی کی وجہ سے یہ دائمی پودا کہلاتا ہے۔

24۔ زعفران میں مختلف کیمیائی اجزاء پائے جاتے ہیں۔اس میں گلائی کوسائیڈو کروسن اور پائرو کروسن کے کڑوے روغن پائے جاتے ہیں،اس کے علاوہ فاسفورس، پوٹاشیم جیسے معدنیات بھی پائے جاتے ہیں۔ زعفران میں کروسن ہی وہ جز ہے۔ جس سے اسکی رنگت برقرار رہتی ہے۔

25۔ کشمیر کی معیشت کا انحصار کاشتکاری پر ہے۔ یہاں چاول، مکا، گیہوں، بارلی، اوٹس، وغیرہ کی کاشت کی جاتی ہے۔اس وادی میں مختلف سبزیاں بھی اگائی جاتی ہیں۔ یہاں امرود، سیب، شفتالو اور چیری کے باغات ہوتے ہیں۔دیودر، چنار، اخروٹ اور صنوبر کے درخت کثرت سے پائے جاتے ہیں ۔ترکاریان، میوے جات اور زعفران کی کاشت بھی کی جاتی ہے۔

26۔ یونانی اور ایورویدک دواؤں کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے۔ نزلہ، پیٹ درد، بخار، کھانی اور ذیابطیس جیسی بیماریوں کے علاج کے لئے اس کا استعمال فائدہ مند ہے۔ تبتی بھکشو (مانکس) اسے عبادت کے مواقع پر استعمال کرتے ہیں۔خطاط قرآن شریف اور مختلف کتابوں کی آرائش میں اس کا استعمال کیا کرتے تھے۔

27۔ یونانی اور ایورویدک دواؤں کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے۔ نزلہ، پیٹ درد، بخار، کھانسی اور ذیابطیس جیسی بیماریوں کے علاج کے لئے اس کا استعمال فائدہ مند ہے۔


aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com Page 106 of 136

## V۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔

28۔ تذکیر وتانیث لکھئے۔

مذکر= ذائقہ، موسم، مصالحہ، زعفران

مونث=آرائش، معیشت

29۔ مضمون ایک ایسی تحریر ہے جس میں کسی بھی موضوع پر تسلسل کے ساتھ اظہارِ خیال کیا جاتا ہے۔اسکے تین اہم جز ہوتے ہیں۔

1)تمہید 2)نفسِ مضمون 3)خاتمہ

30۔ ایسا جملہ جس کا ایک جُزا صلی اور دوسرا اسکے تابع ہوتا ہے۔جب تک تابع جملہ پڑھا نہیں جاتا اصلی جملے کا مطلب واضح نہیں ہوتا۔مرکب ملتف جملہ کہلاتا ہے۔ مثال : جو زعفران آپ نے خریدا تھا، وہ کشمیری تھا۔

## VI۔ مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔

31۔ زعفران کی کاشت کے لئے معتدل آب و ہوا راس آتی ہے۔پھول کھلنے کے موسم میں ہلکی دھوپ اور راتوں میں ہلکی نمی ضروری ہے۔اس کی بہترین پیداوار کے لئے تیس سے چالیس سنٹی میٹر بارش درکار ہوتی ہے۔موسمِ بہار کی بارش، گھنٹیوں کی افزائش اور پودے کی اچھی نشو نما کے لئے مددگار ہوتی ہے۔اکتوبر، دسمبر کی بارش سے پھولوں کی مقدار میں اضافہ ہوتا ہے۔یہ پودا فضا کی ٹھنڈک کو باآسانی برداشت کرلیتا ہے۔البتہ برف باری یا اولی باری سے فصل کو نقصان ہوتا ہے۔زعفران کا پودا گنٹھیوں سے اگتا ہے۔گنٹھیوں سے ہر سال دو تا چار گنٹھیاں پیدا ہوتی ہیں اور پرانی گھنٹیاں خود بخود سوکھ جاتی ہیں۔ زعفران کی جڑیں اعشاریہ پانچ سینٹی میٹر حجم کی مخروطی گنٹھیوں کے نچلے حصے سے اگتی ہیں۔ان گنٹھیوں کو ایک بار زمین میں ہونے کے بعد کم سے کم آٹھ سال اور زیادہ سے زیادہ پندرہ سال کی مدت یک فصل حاصل کی جاتی ہے۔اس خوبی کی وجہ سے یہ دائمی پودا کہلاتا ہے۔پھول کھلنے کے موسم میں ہلکی دھوپ اور راتوں میں نمی ضروری ہے اور موسم بہار کی بارش گنٹھیوں اور پودے کی نشو ونما کے لیے مددگار ثابت ہوتی ہے۔

32۔ زعفران کے پھولوں کا موسم وسط اکتوبر سے نومبر کے ابتدائی دنوں میں صرف تین ہفتوں تک رہتا ہے۔پھولوں کے چننے کا کام روزانہ صبح کی اولین ساعتوں میں کیا جاتا ہے۔چنے ہوئے پھولوں سے کلغیاں احتیاط کے ساتھ علاحدہ کی جاتی ہیں۔ تین چار دن سکھانے کے بعد چھڑیوں کی مدد سے انہیں دھیمے دھیمے کوٹ کر علاحدہ کیا جاتا ہے۔پھر اچھی طرح پولی تھین کی تھیلیوں یا چھوٹی چھوٹی بوتلوں میں بند کیا جاتا ہے۔ڈیڑھ لاکھ پھولوں سے تقریباً ایک کلو سوکھا ہوا زعفران حاصل ہوتا ہے۔

33۔ صدیوں سے مختلف پکوانوں اور دواؤں میں زعفران کا استعمال رائج ہے۔یونانی اور آیورویدک دواؤں کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے۔ نزلہ، پیٹ درد، بخار، کھانسی اور ذیابطیس جیسی بیماریوں کے علاج کے لیے اس کا استعمال فائدہ مند ہے۔چہرے کو نکھارنے والی کریموں میں اس کا استعمال رائج ہے۔ چین میں زعفران کا استعمال مذہبی رسوم میں کیا جاتا ہے۔ تبتی بھکشو (مانکس) اسے عبادت کے موقع پر استعمال کرتے ہیں۔خطاط قرانِ شریف اور مختلف کتابوں کی آرائش میں اس کا استعمال ہوتا ہے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 107 of 135

34۔ صدیوں سے مختلف پکوانوں اور دواؤں میں زعفران کا استعمال رائج ہے۔ یونانی اور آیورویدک دواؤں کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے۔ نزلہ، پیٹ درد، بخار، کھانسی اور ذیابطیس جیسی بیماریوں کے علاج کے لیے اس کا استعمال فائدہ مند ہے۔ چہرے کو نکھارنے والی کریموں میں اس کا استعمال رائج ہے۔ چین میں زعفران کا استعمال مذہبی رسوم میں کیا جاتا ہے۔ تبتی بھکشو (مانکس) اسے عبادت کے موقع پر استعمال کرتے ہیں۔ خطاط قرانِ شریف اور مختلف کتابوں کی آرائش میں اس کا استعمال ہوتا ہے۔

**35۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔**

1) نوکروں نے بادشاہ سے کیا کہا؟

ایک دن نوکروں نے سلطان سے کہا" بادشاہ سلامت ایاز جس چارپائی پر سوتا ہے اس کے نیچے ایک صندوق ہے جسے روزانہ ایاز کھول کر دیکھتا ہے۔

2) ایاز نے سلطان محمود کو کیا جواب دیا؟

ایاز نے جواب دیا" یہ میری پُرانی زندگی کی یادیں ہیں جسے میں روزانہ تازہ کرتا ہوں کہ تکبر سے دور رہوں اور خدا کا شکر کروں۔" بادشاہ خوش ہو کر ایاز کو انعامات سے نوازتا ہے۔

**VII۔ خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خط میں سے کوئی ایک لکھئے۔**

36۔ اپنے والد کے نام خط لکھئے، جس میں امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔

کو۔ محمد عادل
بنگلور

از۔ اب ت
گورنمنٹ اردو اسکول
کولار

تاریخ : 27 مارچ 2023

پیارے ابا السلام وعلیکم

میں یہاں خیریت سے ہوں اُمید ہے کہ آپ بھی بخیر ہونگے۔ دیگر احوال یہ عرض ہے کہ میرے امتحانات اسی ماہ میں طئے پائے ہیں۔ جس کے لئے میں کافی محنت کر رہی ہوں۔ اسی سبب کافی دنوں سے آپ سے رابطہ نہیں کر پائی۔ امید ہے کہ اول درجہ میں کامیاب ہو جاؤں گی۔ آپ بھی میری کامیابی کے لئے دعا کریں۔ اور اپنی صحت کا خیال رکھنا۔

شکریہ

فقط آپ کی بیٹی
اب پ ت



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 113 of 135

37۔ دیے گئے عنوان پر مضمون لکھئے۔

**موبائل فون کے فائدے اور نقصانات**

اللہ تعالیٰ نے انسان کو عقل جیسی عظیم نعمت عطا کی ہے، جس کی مدد سے اس نے اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے بہت سی ایجادات کیں۔ موبائل فون بھی جدید دور کی ایک اہم ایجاد ہے۔ آج موبائل فون ہماری روزمرہ زندگی کی بنیادی ضرورت بن گیا ہے۔ اس کے ذریعے ہم دور بیٹھے لوگوں سے بات چیت اور ویڈیو کال کر سکتے ہیں۔ انٹرنیٹ کے ذریعے معلومات حاصل کرنے، آن لائن خریداری، بینکنگ اور بل ادا کرنے کی سہولت بھی حاصل ہے۔ گیس سلنڈر، ٹکٹ اور مختلف سرکاری دستاویزات کے کام بھی موبائل سے آسانی سے کیے جا سکتے ہیں۔ طلبہ موبائل کے ذریعے تعلیمی مواد حاصل کر کے اپنی معلومات میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

اس طرح موبائل فون وقت اور محنت دونوں کی بچت کرتا ہے۔ لیکن موبائل فون کے غلط استعمال کے بہت سے نقصانات بھی ہیں۔ اس کا زیادہ استعمال آنکھوں، صحت اور پڑھائی پر برا اثر ڈال سکتا ہے۔ طلبہ کا زیادہ وقت کھیل، ویڈیوز اور سوشل میڈیا میں ضائع ہو سکتا ہے۔ موبائل کی وجہ سے نیند اور ذہنی سکون بھی متاثر ہو سکتا ہے۔ اس لیے ہمیں موبائل فون کا استعمال ضرورت اور مناسب وقت کے مطابق کرنا چاہیے۔ موبائل فون ایک مفید ایجاد ہے، لیکن اس کا فائدہ یا نقصان ہمارے استعمال پر منحصر ہے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 110 of 135

## جوابات　　مچھر کا المیٹم

**I۔ درج ذیل ہر سوالات کے چار متبادل دئے گئے ہیں، ان میں مناسب جواب چن کر لکھئے۔**

1۔ C)صنعت کار

2۔ A)بے عزت

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

3۔ سر پٹکنا

4۔ غصّہ آنا

**III۔ درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے۔**

5۔ بلدیہ والے کیا مچھر مارنے کا کام کرتے ہیں۔

6۔ مچھر بلدیہ والوں کو یہ تنبیہ کرتا ہے کہ تو مجھے مار کر تو دیکھ، بے شمار مچھر تم پر حملہ کریں گے۔

7۔ ڈی ڈی ٹی چھڑکنے سے مچھر کا چہرہ چمک اٹھتا ہے۔

8۔ مچھر کو کوئی طوفان کیوں کہ مچھر ایک فنکار ہے۔اور فنکار کبھی مر نہیں سکتا۔

9۔ مچھر کی نظر میں انسان کا قاتل خود انسان ہے۔

10۔ مچھر اپنے آپ کو فنکار کہتا ہے۔

11۔ مچھر اپنے آپ کو فنکار کہتا ہے۔

**IV۔ درج ذیل سوالات کے دو یا تین جملوں میں جواب لکھئے۔**

12۔ آج کے دور میں ایک انسان دوسرے انسان کو دھوکا دے رہا ہے۔ دشمنی کر رہا ہے۔ ملک ایک دوسرے پر جنگ کے نام پر انسانوں کی جان لے رہا ہے، اس لئے شاعر انسان کو انسان کا قاتل کہا ہے۔

13۔ آخری سعر میں شاعر مچھر کی زبانی کہہ رہے ہیں کہ سرمایہ دار مجبور اور غریب انسانوں کا استحصال کر رہا ہے۔ سود کی شکل میں غریبوں کا خون چوستا ہے۔ لیکن میں تھوڑا سا لہو چکھ لیتا ہوں تو کیوں روتا ہے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 120 of 136

**V۔ درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔**

14۔ **درج ذیل شاعر کا تعارف لکھئے۔**

**دلاور فگار**

**نام** : دلاور حسین

**قلمی نام** : دلاور فگار

**تخلص** : فگار

**پیدائش** : 8جولائی1929

**وفات** : -

**قابلیت** : ان کی تعلیم بدایوں اور علی گڑھ میں ہوئی۔انہیں بیک وقت فارسی، اردو، انگریزی زبان پر عبور حاصل تھا۔اخبار میں منظوم کالم نگاری کرتے ہیں۔

**تصانیف** : "ستم ظریفیاں"، "شامتِ اعمال"، "آداب عرض"، "مطلع عرض ہے"

**مثال کے مطابق قوسین میں دئے گئے الفاظ کی جمع بنا کر خانہ پری کیجئے۔**

15۔ ناموزوں قافیوں کی نشاندہی کیجئے۔

1 ٹائی فون

2 سر

3 فنکار

16۔ ہر گروہ سے غیر مترادف لفظ الگ کیجئے۔

1 مطمئن

2 دانا

3 عقل مند

4 خطا



aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com Page 121 of 136

## جوابات طوطئ ہند ۔۔۔امیر خسرو

**I۔درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔**

1۔ B)بچپن سے ہی ان میں شعری صلاحیت موجود تھی

2۔ B)انہوں نے ستار ایجاد کیا

3۔ A)وہ سچے وطن پرست تھے

4۔ B)بے قدری کے لئے

5۔ A)طنز کے طور پر

**II ۔پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

6۔ امیر خسرو

7۔ ماہر

8۔ کہاوت

9۔ کہاوت

10۔ بدمزاج

11۔ مغموم

**III۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات صرف ایک جملے میں لکھئے۔**

12۔ خسرو کے والد ہزارہ قبیلے سے تعلق رکھتے تھے۔

13۔ یمین الدین آگے چل کر امیر خسرو کے نام سے مشہور ہوئے۔

14۔ امیر خسرو 1254ء بمطابق 651ھ بمقام مومن پورہ ضلع ایٹہ (اتر پردیش) میں پیدا ہوئے۔

15۔ مردِ درویش نے خسرو کو دیکھ کر کہا "تم میرے پاس ایسے کو لائے ہو جو خاقانی سے دو قدم آگے ہو گا"۔

16۔ خسرو نے کم عمری میں خطاطی کا فن سیکھا۔

17۔ خسرو نے ابتداء میں سلطانی تخلص اختیار کیا۔

18۔ مبارک شاہ نے مثنوی لکھنے پر خسرو کو انعام میں ہاتھی کے ہم وزن سونا دینے کا وعدہ کیا تھا۔

19۔ موسیقی کے مقابلے میں خسرو نے گوپال کو شکست دی۔

20۔ خسرو کے پیر و مرشد کا نام حضرت نظام الدین اولیاءؒ تھا۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

21۔ خسرو کے پسندیدہ پھل آم اور خربوزہ تھے۔

22۔ خسرو نے مثنوی "ہشت بہشت" میں سلطان علاءالدین خلجی کو نصیحت کی ہے۔

23۔ امیر خسرو جب پیدا ہوئے تو ان کے والد انہیں مردِ درویش کی خانقاہ میں لے گئے۔

## IV۔ درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے۔

24۔ ایک دفعہ مشہور عالم دین خواجہ عزالدین صاحب نے ایک کتاب خسرو کے حوالے کی اور چند اشعار پڑھنے کی فرمائش کی۔ خسرو نے ترنم سے اشعار سنائے۔ جس پر وہ بے حد خوش ہوئے۔ امیر خسرو کے استاد خواجہ سعدالدین کے اصرار پر ان کی شعری صلاحیت کا امتحان لیا گیا۔ امیر خسرو نے فی البدیہہ شعر کہہ کر خواجہ صاحب کو حیرت میں ڈال دیا۔ خواجہ عزالدین نہ صرف خوش ہوئے بلکہ ان کی ہمت افزائی کی اور سلطانی تخلص اختیار کرنے کا مشورہ دیا۔

25۔ حضرت امیر خسرو کی شعری صلاحیتیں پروان چڑھ رہی تھیں کہ ان پر پہاڑ ٹوٹ پڑا۔ ان کے والد منگولوں سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔ والد کی بے وقت موت نے انہیں غمزدہ کر دیا لیکن نانا عمادالملک نے ان کی کفالت کی ذمہ داری اٹھائی۔ ان کا بھی انتقال ہو گیا۔ نانا کے انتقال کے بعد پھر وہ ناامیدی کا شکار ہو گئے۔ اس طرح خسرو کو ابتدائی زندگی میں مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑا۔

26۔ موسیقی کی دنیا میں امیر خسرو نے نت نئی ایجادات کیں۔ ہندوستانی اور ایرانی موسیقی کے امتزاج سے نئے سر ایجاد کئے۔ قوالی کے موجودہ طرز ان ہی کی ایجاد ہے اور آلۂ موسیقی ستار (سی تار) کی ایجاد کا سہرا ان ہی کے سر ہے۔ موسیقی کے مقابلے میں انھوں نے اپنے ہم عصر مشہور موسیقار و گوپال کو شکست دے کر نائک کا مرتبہ حاصل کیا۔ یہ منصب موسیقی کے فن میں ماہر استاد ہی کو دیا جاتا تھا۔ امیر خسرو فارسی اور ہندی آمیز اشعار، پہیلیوں، معموں اور چٹکلوں سے سب کو محظوظ کرتے تھے

27۔ امیر خسرو کو قومی یکجہتی کا پیامبر کہا جاتا ہے کیونکہ وہ ہندوؤں کو دوسرے مذاہب کے پیروؤں کے مقابلے میں ترجیح دیتے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ ہندوؤں اور مسلمانوں میں بہت سے عقائد مشترک ہیں۔ وہ چاروید وں میں بیان کئے گئے حقائق و معارف کا احترام کرتے تھے۔ وہ ہندوستانی زبانوں کی شدبد رکھتے تھے اور یہاں کی قدیم زبان سنسکرت کو علوم وفنون کا خزانہ مانتے تھے۔

28۔ امیر خسرو اپنے فارسی اور ہندی آمیز اشعار، پہیلیوں اور چٹکلوں سے سب کو محظوظ کرتے تھے، ہندوستانی پھلوں معمولی سے معمولی اشیاء سے متعلق ان کی پہیلیاں آج بھی زبان زدِ خاص وعام ہیں۔ ان کی پہیلیاں تفریح کا ذریعہ نہیں بلکہ یہ ایک طرح کی ذہنی ورزش کی حیثیت رکھتی ہیں۔

29۔ امیر خسرو ہندوستانی زبانوں کی شدبد رکھتے تھے اور یہاں کی قدیم زبان سنسکرت کو علوم وفنون کا خزانہ مانتے تھے۔ انھوں نے وطن پرستی میں ہندوستان کے آگے ترکستان اور روم کو بھی ہیچ سمجھا۔ ان کی سانسوں میں وطن کی مٹی کی خوشبو بسی تھی۔ اسی لیے وہ اپنے آپ کو ہندوستانی ترک کہا کرتے تھے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 126 of 136

## V۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔ متن کے حوالے سے تشریح کیجئے۔

**ایک لفظ میں جواب لکھئے :**

30۔ پیغام پہنچانے والا = پیامبر، چاہنے والا = عاشق، ہدایت کرنے والا = ہادی

31۔ سچ بولنے والا = صادق، جان قربان کرنے والا= جان نثار، نہ ملنے والا = نایاب

32۔ عزت والا = معزز، اطاعت کرنے والا = فرمانبردار مہارت رکھنے والا = ماہر

33۔ محاوروں کا مطلب لکھئے

سہرا سر ہونا = کسی کام کی تکمیل کی ذمہ داری

جان چھڑکنا = دل وجان سے پیار کرنا

پروان چھڑنا = کامیاب ہونا

## VI۔ مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔

34۔ امیر خسرو کم عمری سے ہی شعر و شاعری کی جانب راغب ہوئے۔ شعر بڑے اچھے ترنم سے پڑھتے تھے۔ خواجہ عزالدین نے آپ کی فی البدیہہ شاعری سن کر سلطانی تخلص اختیار کرنے کا مشورہ دیا۔ علاءالدین خلجی کے زمانے میں شاعری کی ترقی ہوئی۔ آپ بادشاہوں کی مدح میں قصیدہ لکھے۔ علاء الدین خلجی کے بیٹے مبارک شاہ خلجی کی فرمائش پر ایک مثنوی ''نہ سپہر لکھی۔ امیر خسرو کے نزدیک شاعری محض ایک شوق نہیں حکمت کی باتوں کا ذریعہ تھی۔ انھوں نے مثنویوں لیلی مجنوں شریں فرہاد ''اور ''آئینہ سکندری میں اپنے تینوں بیٹوں کو خوب نصیحت کی۔ مثنوی ''ہشت بہشت'' میں اپنی بیٹی کو باعفت اور پاکدامن رہنے کی تاکید کی۔

موسیقی کی دنیا میں امیر خسرو نے نت نئی ایجادات کیں۔ ہندوستانی اور ایرانی موسیقی کے امتزاج سے نئے سر ایجاد کئے۔ قوالی کے موجودہ طرز ان ہی کی ایجاد ہے اور آلہ موسیقی ستار (سی تار) کی ایجاد کا سہرا ان ہی کے سر ہے۔ موسیقی کے مقابلے میں انھوں نے اپنے ہم عصر مشہور موسیقار و گوپال کو شکست دے کر نائیک کا مرتبہ حاصل کیا۔ یہ منصب موسیقی کے فن میں ماہر استاد ہی کو دیا جاتا تھا۔ امیر خسرو فارسی اور ہندی آمیز اشعار، پہیلیوں، معموں اور چٹکلوں سے سب کو محظوظ کرتے تھے۔

35۔ امیر خسرو ہندوؤں کو دوسرے مذاہب کے پیروؤں کے مقابلے میں ترجیح دیتے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ ہندوؤں اور مسلمانوں میں بہت سے عقائد مشترک ہیں۔ وہ چار ویدوں میں بیان کئے گئے حقائق و معارف کا احترام کرتے تھے۔ وہ ہندوستانی زبانوں کی شدبد رکھتے تھے اور یہاں کی قدیم زبان سنسکرت کو علوم وفنون کا خزانہ مانتے تھے۔ ہر ہندوستانی شے سے محبت تھی۔ ہندوستانی آب وہوا، تہذیب، عقائد ان کی شخصیت میں ایسے رچ بس گئے تھے جیسے ستار کی تار میں سُر۔ ان کے نزدیک اپنے وطن کی حیثیت ''جنت عدن'' کی سی تھی۔ امیر خسرو ہر ہندوستانی طبقے کے لوگوں سے پیار و محبت سے پیش آتے تھے۔ ہندوستانی پھلوں، پرندوں اور معمولی سے معمولی اشیاء سے متعلق آپ کی پہلیاں عام و خاص میں مقبول ہیں۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کو جوڑنے اور آپسی پیار و محبت کو برقرار رکھنے میں انھوں نے بہت اہم رول ادا کیا ہے۔ اسی لیے امیر خسرو کو دو عظیم تہذیبوں کے درمیان پل کہا جاتا ہے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 127 of 135

36۔ امیر خسرو کے نزدیک شاعری محض شوق نہیں حکمت کی باتوں کا ذریعہ تھی۔انھوں نے مثنوی ''لیلیٰ مجنوں''شیریں فرہاد''اور''آئینہ سکندری میں اپنے تینوں بیٹوں کو خوب نصیحت کی۔ مثنوی "ہشت بہشت" میں اپنی بیٹی کو باعفت اور پاک دامن رہنے کی تاکید کی۔اسی مثنوی میں سلطان علاءالدین جیسے جاہ و جلال والے بادشاہ کو نصیحت کی اور فرائض سے آگاہ کیا۔انھوں نے شاعری کو سماج کی اصلاح کا ذریعہ سمجھا۔امیر خسرو نے شاعری کے ذریعے دو قوموں کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔ان کی شاعری میں نصیحت اور دانائی کی باتیں ملتی ہیں۔

**37۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔**

1 سچا دوست کون ہے؟

سچا دوست وہ ہے جس کے دل میں سچی ہمدردی ہو۔جو دوست کے لیے نقصان اٹھائے زخم کھانے اور قربانی دینے کے لیے تیار ہو۔

2 سماج میں ہمارا رویہ کیسے ہونا چاہیے لکھئے؟

انسان کو چاہئے کہ سماج میں ہر ایک کے ساتھ اخلاق اور محبت سے پیش آئے دوسرے کی مصیبت میں جس حد تک ممکن ہو کام آنے کی کوشش کرے اور دیکھتا رہے کہ اس کی ضرورت کے وقت ان میں سے کس کا رویہ کیا رہتا ہے؟ کون ہمدردی کرتا ہے؟ اور کون نہیں؟ تبھی ہم حقیقی دوست کو پہچان سکیں گے کہ دوست کی آزمائش صرف مصیبت کے وقت ہی ہو سکتی ہے۔

**VII۔خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خط میں سے کوئی ایک لکھئے۔**

**38۔** اپنے میر معلم کے نام ایک خط لکھئے جس میں کوئی معقول وجہ بتلا کر تین دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔

کو میر معلم

گورنمٹ اسکول، بیدر

از اب ت

گورنمٹ اسکول، شیموگہ

تاریخ :27مارچ2027

موضوع: دو دن کی چھٹی کی درخواست

محترم میر معلم السلام وعلیکم

بعدِ سلام عرض یہ ہے کہ میں دسویں جماعت میں زیرِ تعلیم ہوں، بہت تیز بخار ہونے کی وجہ سے میں اسکول نہیں آپاؤنگا۔ڈاکٹر دو دن کے لئے گھر میں آرام کے لئے طلب کیا ہے۔لہذا آپ میری ضرورت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے میری درخواست قبول کریں اور دو دن کی چھٹی جاری کریں۔

امید ہے کہ میری درخواست بہت جلد قبول کی جائے گی۔

شکریہ

آپ کا شاگرد

اب ت



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 126 of 136

39۔ دئے گئے عنوان پر مضمون لکھئے۔

جدید تعلیم میں انٹرنیٹ کا استعمال

جدید دور میں انٹرنیٹ ہماری زندگی کا ایک اہم حصہ بن گیا ہے۔ تعلیم کے میدان میں بھی انٹرنیٹ نے بہت اہم تبدیلیاں پیدا کی ہیں۔ آج طلبہ گھر بیٹھے دنیا بھر کی تعلیمی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ انٹرنیٹ کے ذریعے مختلف مضامین کی کتابیں، مضامین اور تعلیمی ویڈیوز آسانی سے دستیاب ہو جاتی ہیں۔ طلبہ آن لائن کلاسوں میں شرکت کر سکتے ہیں۔ وہ اپنے اساتذہ سے آن لائن رابطہ کر کے اپنے سوالات کے جواب حاصل کر سکتے ہیں۔ انٹرنیٹ کی مدد سے مشکل موضوعات کو ویڈیوز اور تصاویر کے ذریعے آسانی سے سمجھا جا سکتا ہے۔ طلبہ مختلف تعلیمی ویب سائٹوں سے اپنی معلومات میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ آن لائن لغات کی مدد سے نئے الفاظ کے معنی معلوم کیے جا سکتے ہیں۔ انٹرنیٹ کے ذریعے مختلف زبانیں بھی سیکھی جا سکتی ہیں۔ امتحانات کی تیاری کے لیے آن لائن سوالیہ پرچے اور مطالعاتی مواد حاصل کیا جا سکتا ہے۔ طلبہ دنیا کے مختلف ممالک کے تعلیمی اداروں کے بارے میں بھی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اساتذہ بھی انٹرنیٹ کے ذریعے نئے تدریسی طریقے سیکھ سکتے ہیں۔ وہ اپنے طلبہ کے لیے مفید تعلیمی مواد تیار کر سکتے ہیں۔ انٹرنیٹ نے تعلیم کو آسان، تیز اور دلچسپ بنا دیا ہے۔ اس کے ذریعے وقت اور سفر دونوں کی بچت ہوتی ہے۔

خاص حالات میں آن لائن تعلیم طلبہ کے لیے بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ تاہم انٹرنیٹ کا غلط اور ضرورت سے زیادہ استعمال نقصان دہ بھی ہو سکتا ہے۔ طلبہ اگر تعلیمی کام کے بجائے کھیل اور غیر ضروری سوشل میڈیا میں وقت گزاریں تو ان کی پڑھائی متاثر ہو سکتی ہے۔ انٹرنیٹ پر موجود ہر معلومات درست نہیں ہوتی، اس لیے معلومات حاصل کرتے وقت معتبر ذرائع کا انتخاب ضروری ہے۔ طلبہ کو انٹرنیٹ کا استعمال اپنے والدین اور اساتذہ کی رہنمائی میں کرنا چاہیے۔ ہمیں انٹرنیٹ کو علم حاصل کرنے اور اپنی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کرنا چاہیے۔ اس طرح جدید تعلیم میں انٹرنیٹ ایک مفید اور طاقتور ذریعہ ثابت ہو سکتا ہے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

## جوابات علامہ اقبال

**I۔ درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔**

1۔ C) ادھار لینا

2۔ D) صنعتِ استعارہ

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

3۔ آسان

4۔ جنت

5۔ مہمان

6۔ آداب

7۔ زہاد

**III۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔**

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔**

8۔ ترے عشق کی انتہا چاہتا ہوں میری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں

شاعر علامہ اقبال کا عشق عشقِ حقیقی ہے۔ لہٰذا اس شعر میں علامہ اقبال فرماتے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ تیرے عشق کی انتہائی تک پہنچوں ۔یہ جانتے ہوئے کہ عشق کی کوئی انتہا نہیں ہوتی۔ اس لئے اگلے ہی مصرعہ میں علامہ اقبال فرماتے ہیں کہ میری خواہش میری سادگی اور معصومیت کی نشانی ہے۔ کیونکہ عشق کی کوئی انتہا نہیں ہوتی۔ یہ میری سادگی ہے کہ میں پھر بھی عشق کی انتہا کی خواہش کر رہا ہوں۔

9۔ یہ جنت مبارک رہے زاہدوں کو کہ میں آپکا سامنا چاہتا ہوں

شاعر علامہ اقبال کہتے ہیں کہ جنت زاہدوں کا حق ہے۔ جو لوگ متقی اور پرہیز گار ہیں جنت ان کا مقدر بن کے رہے گی، مگر مجھے جنت کے بجائے آپ کا دیدار چاہئے۔ شاعر اس شعر میں خدا کو دیکھنے کے آرزو مند نظر آتے ہیں، ان کا خیال ہے کہ جنت خدا کی بنائی ہوئی ہے اگر انہیں خدا ہی مل جائے تو جنت بھی مل کر رہے گی۔

10۔ ذرا سا تو دل ہوں مگر شوخ اتنا وہی "لن ترانی" سنا چاہتا ہوں

اس شعر میں شاعر اقبال فرماتے ہیں کہ وہ ایک معمولی انسان ہیں، مگر ان کے دل میں ایک ایسی خواہش اور تمنا نے جگہ لے لی ہے۔ جو کسی پیغمبر کو ہوا کرتی تھی ۔اس شعر میں موسیٰؑ کے ایک واقعہ کے متعلق اشارہ ہے۔ جب موسیٰؑ نے خدائے تعالیٰ کو دیکھنے کا شوق ظاہر کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے کہا "لن ترانی "یعنی تو مجھے دیکھ نہیں سکے گا۔ شعر میں اقبال خدا تعالیٰ سے مخاطب ہو کر کہتے ہیں اگر تو مجھے دکھائی نہیں دے سکتا تو ٹھیک ہے۔ پر جیسا تو نے لن ترانی کہہ کر موسیٰؑ کو اپنی آواز سنائی تھی، اسی انداز میں مجھے بھی ایک مرتبہ لن ترانی کہہ دے تاکہ میں تری آواز کو سن سکوں۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

11۔ معنوی فرق لکھئے۔

1) شوخ=شریر، شوق=خواش

2) عبد=بندہ، ابد=ہمیشہ

3) ارض=زمین، عرض=گزارش

12۔ استعارہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔

ایسا شعر جس میں کسی لفظ کے حقیقی معنی کے بجائے مجازی معنی مراد لئے جائیں لیکن حقیقی اور مجازی معنوں میں تعلق تشبیہہ کا ہو تو "اس کو استعارہ" کہتے ہیں۔

مثال : چراغِ سحر۔۔۔یعنی زندگی کے آخری لمحات

## اسرارالحق مجاز ۔ جوابات

**I۔ درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔**

1۔ B) مکمل

2۔ B) خار

3۔ A) خزاں

4۔ A) جفا

5۔ C) صنعتِ تکرار

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

6۔ سکوت

7۔ خیال کا شوق

8۔ بہاروں کا لطف

9۔ خزاں

10۔ سزا

**V۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔**

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔**

11۔ شاعر اسرارالحق مجاز کہتے ہیں کہ زمانے کے ہنگاموں نے انکے شوقِ نظارے کو اس قدر متاثر کیا کہ انہیں محبوب کا چہرہ بھی یاد نہیں۔ایک وقت تھا کہ انکے دل و دماغ پر محبوب کی صورت چھائی رہتی تھی۔لیکن زمانے کے ہنگاموں نے اس قدر متاثر کیا کہ انہیں اب محبوب کا چہرہ تک یاد نہیں رہا۔ان کی نظروں میں اب کوئی صورت ہی نہیں۔اب ان کے لیے غمِ جاناں کوئی معنی نہیں رکھتا۔ غمِ دوراں ہی سب کچھ ہے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

12۔ شاعر اسرارالحق مجازؔ کہتے ہیں کہ وہ ہر ایک کی ضرورت اور خواہش کی تکمیل کرنے میں، اور دوسروں کے مسائل حل کرنے میں اس قدر مصروف رہے کہ اپنے مسائل کو حل نہ کر سکے۔ انہوں نے اپنی ساری قوت دوسروں کی کمزوریوں اور برائیوں کو دور کرنے میں لگادی اور دوسروں کے مسائل حل کرنے میں اس میں اس طرح مشغول ہو گئے کہ خود اپنی ہی فکر کرنا بھول گئے۔

13۔ شاعر اسرارالحق مجازؔ اپنی غزل کے اس شعر میں کہہ رہے۔ کہ میں نے اپنی وفاداری میں کوئی کمی نہیں چھوڑی۔ مگر میرے محبوب کی بے وفائی کا یہ عالم ہے کہ اس نے زہریلے نشتر کو میری رگِ جان کے قریب رکھا اور ستم یہ ہے کہ میری زندگی میں زہر گھول کر وہ انجان ہو گیا۔

**14۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔**

1) نظارہ۔۔۔ خانہء کعبہ کے طواف کا نظارہ ایمان افروز ہوتا ہے۔

2) خبر۔۔۔ غافل انسان کو اپنے انجام کی خبر نہیں ہوتی۔

3) صورت۔۔۔ انسان کی صورت سے زیادہ سیرت اچھی ہونی چاہیئے۔

**15۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔**

1) لطف۔۔۔ استاد کی صحبت میں علمی لطف حاصل ہوتا ہے۔

2) تصور۔۔۔ اگر ہم ایک بہترین معاشرے کا تصور کریں تو ہمیں خود کو بدلنا ہو گا۔

3) زلف۔۔۔ شاعر نے محبوب کی زلف کو شام سے تشبیہہ دی ہے۔

**16۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو غور سے پڑھ کر تکرار والے الفاظ کی فہرست بنائیں۔**

1 کچھ تجھ کو خبر کیا ہم کیا کیا، اے شورشِ دوراں بھول گئے

وہ زلفِ پریشاں بھول گئے، وہ دیدۂ گریاں بھول گئے

2 مسافر میرے وطن سے، میرے چمن سے بھاگ

بھیتر بھیتر پھول کھلے ہیں، اندر اندر آگ

3 کہتا ہے مچھر کے مجھ کو مار کر تو دیکھ تو

میرے طوفاں یم بہ یم، دریا بہ دریا، جو بہ جو



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

## حمید الماس۔ جوابات

**I۔درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب انتخاب کر کے لکھئے۔**

1۔ A)اجنبی بن جانا

2۔ B)خواہشوں کا شہر

3۔ B)بے حسی ختم ہونا

4۔ A)ماضی کو یاد کرنا

**II۔پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

5۔ نور کا شہر

6۔ وفاداری

**III۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔**

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔**

7۔ شاعر حمید الماس غزل کے اس شعر میں کہہ رہے ہیں کہ عشق کے ہنگاموں میں ایک دور ایسا بھی آیا کہ جو لوگ پھولوں کی طرح نرم و نازک تھے پتھر کی طرح سخت ہو گئے۔انسان کے احساسات مر گئے ہیں۔شاعر کے ساتھ جو لوگ التفات کے تعلقات رکھتے تھے،وہ حالات کی تبدیلی کی وجہ سے سخت دل اور ظالم ہو گئے ہیں۔ان کے درمیان لطیف جذبات اور خاطر مدارات ختم ہو گئے ہیں۔

8۔ شاعر حمید الماس غزل کے اس شعر میں کہہ رہے ہیں کہ ماضی کو یاد کرنے کی فرصت نہیں ہے۔پرانی یادوں کو دل و ذہن سے نکال کر آندھیوں میں گرنے کے باوجود بھی لوگ سنبھل گئے۔عدیم الفرصتی کی وجہ سے لوگ برے وقت کو بھول کر دوبارہ سنبھل گئے۔

9۔ **اضداد لکھئے:۔**

شہر X گاؤں، نرم X سخت، قصور X بے قصور، رفاقت X رقابت، نور X بے نور

10۔ **مندرجہ ذیل تراکیب کے معنوں کی نشاندہی کیجئے۔**

1 اجنبی بن جانا،

2 خواہشوں کا شہر

3 بے حسی ختم ہونا

4 ماضی کو یاد کرنا



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

## جوابات  خلیل مامون

**I۔درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔**

1۔ D)تکرار

2۔ C)تضاد

3۔ B) تلمیح

4۔ C)تضاد

5۔ A)صنعت تلمیح

**II۔پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

6۔ وفا کی منزل

7۔ سابقہ

8۔ لاحقہ

**III۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔**

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔**

9۔ خلیل مامون غزل کے اس شعر میں کہ رہے ہیں کہ شاعر کی قسمت میں منزلِ وفا نہیں ہے۔وہ راہ محبت میں بہت فریب کھا چکے ہیں۔فریب کھانے کے بعد شاعر کو یقین ہو چکا ہے کہ اس کی قسمت میں وفا نہیں ہے کیوں کہ اسے وفا راس ہی نہیں آتی ہے۔

10۔ خلیل مامون غزل کے اس شعر میں کہ رہے ہیں کہ شاعر محبت میں بہت فریب کھا چکے ہیں۔انہیں وفا و محبت کی کبھی منزل نہیں ملی۔لیکن وہ اپنے قدموں کو یہ کہ کر پہلے بھی بہلا چکے ہیں کہ منزل نہ ملی نہ سہی منزل تک جانے کا راستہ تو ہے۔اگر اس راستے پر چلتے رہیں گے تو کبھی نہ کبھی منزل مل ہی جائیگی۔

11۔ **سابقے اور لاحقے الگ کر کے لکھئے۔**

سابقے = پُر فریب، بے وفا، لاپتا

لاحقے = راہ نما، وفادار،، ، رہ گزر

12۔ مندرجہ ذیل الفاظ کے اپنی پسند کے دو دو قافیے لکھئے۔

راہ ،چاہ، گاہ  دور ،زور ،چور  تنگ ، جنگ، ترنگ

13۔ مندرجہ ذیل الفاظ کے اپنی پسند کے دو دو قافیے لکھئے۔

شب ،رب ،لب  وفا ،جفا، خفا  غم ، خم ، نم



aglasem.com  For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com

## رباعیات۔ جوابات

**I۔درجہ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔**

1۔ B)ربع

2۔ A)دو بیتی

3۔ C) تیسرا

4۔ D) چوتھا

5۔ D)رباعی

**II۔پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔**

6۔ رباعی

7۔ جنگ

8۔ غریبی

**III۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات صرف ایک جملے میں لکھئے۔**

9۔ زمانے کی گردش کا مطلب دن اور رات کا آنا اور جانا ہے۔

10۔ مذہب کی زبان پر نکوئی کا پیغام ہوتا ہے۔

11۔ مفلس کے سامنے جب کوئی اپنی خوشی کا تذکرہ کرتے ہیں تو افلاس کی آنکھوں سے آنسو چھلکتے ہیں۔

**IV۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے۔**

12۔ شاد عظیم آبادی نے رباعی میں اس حقیقت کو بیان کیا ہے کہ دنیا کے دن رات اسی طرح گردش کرتے رہیں گے لیکن انسان کی حیات مختصر ہے وہ اس دنیا سے چلا جائے گا لیکن یہ روز و شب اسی طرح آتے جاتے رہیں گے۔

13۔ تلوک چند محروم نے اپنی رباعی میں اس بات کا پیغام دیا ہے کہ مذہب تو نیکی، سچائی اور حسن عمل کو اپنانے کی نصیحت کرتا ہے اور صلح جوئی کا پیغام دیتا ہے۔اسی لیے تلوک چند محروم نے نیکی اور سچائی کو اپنانے کی نصیحت کی ہے۔مذہب کے نام پر جھگڑا کرنے سے منع کیا ہے۔

14۔ غیروں پر احسان کی تمہید کرنا درست نہیں کیوں کہ غیروں سے احسان لینا غیرت مند انسان کو گوارہ نہیں ہوتا ہے۔لیکن بعض وقت انسان کے نہ چاہنے کے باوجود تقدیر کے لکھے پر مجبور ہو کر غیر کا احسان برداشت کرنا پڑتا ہے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 132 of 135

15۔ اعجاز اسنی نے سماج کی عظیم برائی جہیز کی طرف اشارہ کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ بیٹی کا باپ ہمیشہ سے ہی ناشاد و ناخوش رہا ہے کیونکہ تمام عمر داماد کی فرمائشیں پوری کرتے ہوئے وہ برباد ہوتا ہے۔ کسی بھی شخص کی فطرت کو بدلا جا سکتا ہے لیکن داماد کی فطرت کو بدلہ نہیں جا سکتا۔

**V۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔**

16۔ قوسین میں دئے گئے بے ترتیب حروفوں کو کچھ اس طرح ترتیب دیجئے کہ وہ الٹا اور سیدھا یکساں طور پر پڑھے جائیں۔

1 شاباش

2 نادان

3 داماد

17۔ قوسین میں دئے گئے بے ترتیب حروفوں کو کچھ اس طرح ترتیب دیجئے کہ وہ الٹا اور سیدھا یکساں طور پر پڑھے جائیں۔

1 تخت

2 مہم

3 کسک

18۔ رباعی لفظ "ربع" سے مشتق ہے۔ رباعی کو دوبیتی بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ اس میں دوبیت یعنی دو شعر ہوتے ہیں۔ ایسی نظم جو چار مصرعوں پر مشتمل ہو رباعی کہلاتی ہے۔ رباعی کا پہلا، دوسرا، اور چوتھا مصرعہ ہم قافیہ اور ہم ردیف ہوتا ہے۔ جبکہ تیسرا مصرعہ ردیف قافیہ کا پابند نہیں ہوتا۔ رباعی کا چوتھا مصرعہ حاصلِ کلام ہوتا ہے۔ عموماً اس صنف میں عارفانہ، فلسفیانہ، سماجی، اخلاقی، اصلاحی اور مذہبی مضامین بیان کئے جاتے ہیں۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 123 of 135

# KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION & ASSESSMENT BOARD, BENGALURU

## MARCH / APRIL 2026 EXAM – 1

10th Std | Subject : First Language - Urdu زبانِ اول اردو | 100 Marks

**I۔ درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیں گئے ہیں۔ صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔** 6 x 1 = 6

1۔ وہ جملہ ہے، جو ایک ہی مسند اور مسند الیہ سے بنا ہو۔

(A) جملہ مفرد (B) جملہ مرکب (C) جملہ اسمیہ (D) جملہ فعلیہ

2۔ صورت کے لحاظ سے جملے کی تقسیم ہیں-

(A) تین (B) چار (C) دو (D) چھ

3۔ وہ جملہ جو کسی واقعہ، کیفیت یا کسی صورت کی خبر دے ہے۔

(A) جملہ فعلیہ (B) جملہ خبریہ (C) جملہ سمیہ (D) جملہ انشائیہ

4۔ رباعی کا مصرع حاصل کام ہوتا ہے۔

(A) پہلا (B) دوسرا (C) تیسرا (D) چوتھا

5۔ اس شعر میں استعمال ہوئی صنعت کا نام ہے۔ اس زندگی سے موت بھلی ہے ہزار بار
جیتے ہیں اور جینے کا کچھ مدعا نہیں

(A) صنعت تضاد (B) صنعت استعارہ (C) صنعت تمثیل (D) صنعت کنایہ

6۔ لفظ "استعارہ" کے معنی ہیں۔

(A) غم لینا (B) ادھار لینا (C) خوشی لینا (D) پیسے لینا

**II۔ پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔** 4 x 1 = 4

7۔ صرف : سوائے :: صرف : .....

8۔ ارادہ کرنا : ارادہ چھوڑنا :: سرپیٹنا : .....

9۔ پسر : بیٹا :: صف : .....

10۔ دواخانہ : لاحقہ :: لاعلم : .....

**III۔ درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے۔** 7 x 1 = 7

11۔ بڑی حویلی کی ڈیوٹ پر ایک دیا کسے قرار دیا گیا ہے ؟

12۔ رگھوپتی سہاے فراق یونیورسٹی میں کونسا مضمون پڑھایا کرتے تھے ؟

13۔ مولانا آزاد کسی کی محکومی سے ملک اور قوم کو نجات دلانا چاہتے تھے ؟

14۔ روزانہ مصنف کے جاگنے کا معمول کیا تھا؟

15۔ حضور ﷺ نے "مرنے" سے متعلق کیا فرمایا؟

16۔ حضرت امام حسین کے قدموں سے کون لپٹا تھا؟

17۔ بلدیہ والے کیا کام کرتے ہیں؟



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 124 of 135

IV۔ درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیں۔ 10 x 2 = 20

18۔ نویں ذی الحجہ کو عازمینِ حج نے کیا کیا؟

19۔ قاضی عبدالودود نے کمالا نہرو سے اردو سے شغف کے بارے میں کیا کہا؟

20۔ پرنسپل بھارت نارائن کی ساری زندگی کس کام میں گزری؟

21۔ لال قلعہ کے مشاعرے میں نظم کس شاعر نے سنائی اور اس کا عنوان کیا تھا؟

22۔ ودیاچرن جی کے اہنسا کی بات کرنے پر مولانا رجب نے کیا کہا؟

23۔ حضور نبی کریم ﷺ کی آمد سے قبل دنیا کا کیا عالم تھا؟

24۔ رشوت ستانی کو مٹانے کے لیے کونسے اقدامات کرنے چاہیے؟

25۔ حضرت امام حسینؓ کے رخت سفر باندھتے ہی کونسا منظر سامنے آیا؟

26۔ سرحدیں انسانی آزادی اور ترقی میں کس طرح رکاوٹ بنتی ہیں؟

27۔ شاد عظیم آبادی نے رباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے؟

V۔ درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔ 11 x 3 = 33

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجیے۔

28۔ "لوگو! امن و سکون کے ساتھ، لوگو! امن و سکون کے ساتھ۔"

29۔ "ہمارے چہرے خود ہی اعلان جرم، اور اعتراف جرم دونوں کا اشتہار بنے ہوئے تھے۔"

30۔ "آپ سحر خیز ہیں ذرا ہمیں بھی صبح جگا دیا کیجئے۔"

31۔ درج ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے۔ مولانا ابوالکلام آزاد

32۔ درج ذیل شاعر کا تعارف لکھئے۔ فراق گورکھپوری

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔

33۔ اے پیکرِ محبوبی میں کس سے تجھے دیکھوں
جس نے تجھے دیکھا وہ دیدۂ حیراں ہے

34۔ یہ جنت مبارک رہے زہادوں کو
کہ میں آپ کا سامنا چاہتا ہوں

35۔ منزل نہیں کوئی نہ سہی رہ گزر تو ہے
پہلے بھی اپنے قدموں کو بہلا چکے ہیں ہم

ذیل میں دیے گئے الفاظ کے ساتھ مناسب لفظوں کو جوڑ کر کب بنائے۔

(دین، ترم، نام)

36۔ (i) جشم +-------,-------

(ii) شاہ+------,------

(iii) نیک+------,-------

37۔ مرکب جملے کی تعریف مع مثال لکھئے۔



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 125 of 135

38۔ صنعتِ تلمیح کی تعریف مع مثال لکھئے۔

یا

صنعتِ تکرار کی تعریف مع مثال لکھئے۔

**V۔ درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔** 5 x 4 = 20

39۔ اپنی نصابی کتاب میں شامل "حمد"، یا "نعت" کے ابتدائی چار اشعار لکھئے۔

40۔ کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے۔ (i) آبِ بہار (ii) رشوت

41۔ زعفران انسان کی زندگی میں کس طرح استعمال ہو رہا ہے؟ لکھئے۔

42۔ امیر خسرو کو دو عظیم تہذیبوں کے درمیان ایک پل کیوں کہا گیا ہے؟

یا

حجۃ الوداع کے موقعہ پر دیے گئے خطبہ میں حضور ﷺ نے حسنِ معاشرت سے متعلق کیا ارشاد فرمایا؟

**43۔ درج ذیل عبارات کو غور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔**

ام المومنین حضرت عائشہ، حضرت ابو بکر صدیق کی دوسری صاحبزادی تھیں۔ "صدیقہ"، لقب اور کنیت "ام عبداللہ" تھی۔ "ام زمان"، آپؓ کی والدہ تھیں۔ آپ نہایت سعادت منداور بلند اخلاق و کردار کی مالک تھیں۔ گلڑیا کھیلنا اور جھولنا انہیں بہت پسند تھا۔ حضرت خدیجہؓ کے انتقال کے بعد نبی کریم ﷺ بہت رنجیدہ اور ملول رہنے لگے تھے۔ ایک صحابی کی بیوی حضرت خولہؓ نے دوسری شادی کا مشورہ دیا۔ پھر حضرت عائشہؓ کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے رشتہ پسند فرمایا جسے حضرت ابو بکر صدیق نے بھی قبول کر لیا۔ نکاح کے بعد حضرت عائشہؓ تین سال تک میکے میں ہی رہیں۔ حضرت عائشہ آپ ﷺ کی سب سے زیادہ محبوب بیوی تھیں۔

حضرت عائشہ کے حجرے کی دیواریں مٹی کی تھیں۔ چھت کھجور کے پتوں اور شاخوں سے ڈھکی ہوئی تھی۔ جس پر ایک کمبل ڈال دیا تھا تاکہ بارش کا پانی اندر نہ آ سکے۔ حجرے کے اندر ایک چارپائی ایک چٹائی ایک بستر اور تکیہ، دو مٹکے، ایک مشکیزہ اور ایک پیالہ تھا۔ رات کو مشکل سے ہی چارغ جلتا تھا۔ چھوہارے اور پانی پر گذر بسر ہوئی تھی۔ معمولی سا گھر آپؓ کے لیے کسی عالی شان محل سے کم نہ تھا۔ کبھی حرف شکایت زبان پر نہیں آیا۔

آپ کی کوئی اولاد نہیں تھی۔ اس لیے یتیم بچوں کی پرورش کرتی رہیں۔

**سوالات:**

(i) حضرت عائشہؓ کس کی صاحبزادی تھیں اور آپ کی کنیت اور لقب کیا ہے؟

(ii) حضرت عائشہؓ کا حجرہ کیسا تھا اور آپؓ کن بچوں کی پرورش کرتی تھیں؟

**VII۔ خط کے اجزاء کے ترتیب کا خیال رکھتے ہوئے درج ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے۔** 2 x 5 = 10

44۔ اپنے مہر معلم/معلمہ کے نام ایک خط لکھیں جس میں کسی اہم وجہ کو بتاتے ہوئے دو دن کی چھٹی کی درخواست کی گئی ہو۔

یا

اپنے والد/والدہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں مدرسے کے سالانہ جلسے میں شرکت کی درخواست کی گئی ہو۔

**VIII۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔**

45۔ ''بڑھتی ہوئی مہنگائی''

یا

''جدید تعلیم میں انٹرنیٹ کا استعمال''



aglasem.com For More Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus Visit aglasem.com Page 126 of 126